www.mashriqquetta.com.pk

کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ
ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 54 جمعہ 16 رمضان 1447ھ 06 مارچ 2026ء صفحات 08 شمارہ 242

رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 35 روپے

آپریشن غضب للحق: پاک فوج نے قندھار بریگیڈ ہیڈ کوارٹر تباہ کر دیا، بگرام میں ٹارگٹ حاصل کر لیا گیا، سیکورٹی ذرائع

افواج پاکستان کی افغان طالبان اور فتنہ الخوارج کے خلاف موثر زمینی اور فضائی کارروائیاں جاری، پاک فضائیہ نے افغان طالبان کے ایمونیشن سپورٹ کا انفرا اسٹرکچر تباہ کر دیا

226 چیک پوسٹیں تباہ اور 35 قبضے میں لے لی گئیں، افغانستان ایمپائرز کا قبرستان نہیں پلے گراؤنڈ ہے، ٹی ٹی پی سے دھمکیوں کے پرچے جاری کروائے جا رہے ہیں، سیکورٹی ذرائع

ایمپائر افغانستان آتے ہیں اپنا کھیل کھیلتے ہیں، افغانستان ماسٹر پراکسی بن گیا ہے، ہمارا افغانستان کو فتح کرنے کا کوئی ارادہ نہیں، اہداف کے حصول تک ٹارگٹ کرتے رہیں گے

اسلام آباد (زاہد احمد خان) آپریشن غضب للحق کے تحت پاک فوج نے قندھار میں افغان، طالبان کا بریگیڈ ہیڈ کوارٹرز 205 کور تباہ کر دیا۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق پاک فوج نے کارروائی میں افغان طالبان کے ایمونیشن ڈپوز کو بھی نشانہ بنایا۔ اس سے قبل وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ نے گزشتہ روز کہا تھا کہ اب تک افغان طالبان رجیم کے 481 کارندے ہلاک، 226 چیک پوسٹیں تباہ اور 35 قبضے میں لے لی گئی ہیں۔ واضح رہے کہ آپریشن غضب للحق میں افواج پاکستان کی افغان طالبان اور فتنہ الخوارج کے خلاف موثر زمینی اور فضائی کارروائیاں جاری ہیں۔ پاکستان افغانستان کے اہم ترین بگرام ایئر بیس کو بھی کامیابی سے نشانہ بنا چکا ہے۔ سیکورٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ افغانستان میں کس کی حکومت آتی ہے، ہمیں اس سے کوئی سروکار نہیں، ہم صرف اور صرف دہشت گردی کا خاتمہ چاہتے ہیں، تیراہ میں کوئی لارج سکیل آپریشن نہیں کر رہے ہیں وہاں صرف انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کر رہے ہیں۔ سیکورٹی ذرائع نے کہا کہ ہندوستان کی سرپرستی اور افغانستان رجیم کے باعث پاکستان میں دہشت گردی ہو رہی ہے۔ افغان طالبان رجیم کے فیصلے کوئی اور کر رہا ہے۔ ذرائع نے کہا کہ پاکستان کا دفاعی بجٹ ایران سے کم ہے لیکن ملٹری پاور دنیا میں سب سے زیادہ ہے، چین، روس اور امریکا سمیت سب سے اچھے تعلقات ہیں، افغانستان پاکستان کا ہمسایہ ملک ہے اس سے بات ہوتی رہتی ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ پاکستان نے بگرام...... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

قومی اسمبلی، محمود اچکزئی کی خوشحال خان کو مبارکباد

دونوں رہنماؤں نے ایک دوسرے کو گلے لگایا، یادگاری تصویر بھی بنائی

اسلام آباد (ایریا رپورٹر) قومی اسمبلی کے اجلاس کے دوران اہم سیاسی منظر دیکھنے میں آیا جب اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی ایوان میں پہنچے۔ اس موقع پر اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی نے نومنتخب رکن قومی اسمبلی...... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد: اپوزیشن لیڈر محمود اچکزئی خوشحال خان کاکڑ کو مبارکباد دے رہے ہیں

پسماندہ علاقوں میں ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل حکومت کی ترجیح ہے، سرفراز بگٹی

سوئی سمیت دیگر علاقوں میں بہتر اور معیاری سڑکوں کی تعمیر سے عوام کو آمدورفت میں سہولیات میسر آئیں گی

سوئی ٹاؤن کی کالونیوں میں گیس کی فراہمی کے منصوبوں کی تکمیل سے مقامی آبادی کو درپیش مشکلات کم ہوں گی

چھ انچ قطر پر مشتمل گیس پائپ لائن بچھانے کا یہ منصوبہ مجموعی طور پر 2.8 کلو میٹر پر محیط ہے، وزیر اعلیٰ کو بریفنگ

سوئی (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے جمعرات کو یہاں سوئی میں مختلف ترقیاتی منصوبوں کے ساتھ ساتھ اہم سوئی رنگ روڈ کو باقاعدہ طور پر ٹریفک کے لیے کھولنے کا افتتاح کر دیا۔ اس موقع پر قبائلی عمائدین، منتخب نمائندوں، سرکاری افسران اور متعلقہ حکام کی...... بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

ایران کا اسرائیل پر ایک ٹن بارود والے میزائلوں سے حملہ، پاسداران انقلاب نے امریکی ایف 15 مار گرایا، ایرانی فوج ہتھیار ڈال دیں ورنہ ہمارے میزائل تباہی مچا دیں گے، خامنہ ای کے بیٹے کی قیادت قبول نہیں، ایران میں مرضی کی حکومت بنائیں گے، ٹرمپ

ایران پر 5 ہزار ٹن بارود کی بارش، 1230 افراد شہید، جہاز ڈوبنے کا بدلہ لیں گے، تہران کا اعلان

سعودی اور قطر کے بعد آذربائیجان بھی ایران کے نشانے پر، میزائل داغ دیئے

امارات نے ایران کے 6 بیلسٹک میزائل اور 125 ڈرون مار گرائے، ملبہ لگنے سے 6 پاکستانی زخمی، عراق میں بارود سے بھری کشتی کا تیل بردار جہاز پر خودکش حملہ، خلیج فارس میں امریکی ٹینکر کو تباہ

ایران پر حملوں کے بعد اسرائیل کی معیشت کو ایک ہفتے میں 3 ارب ڈالر کا نقصان، آبنائے ہرمز میں حملوں کے خدشے کے پیش نظر قطر نے گیس برآمدات معطل کرنے کا اعلان کر دیا

تل ابیب کے بین گوریون ہوائی اڈے پر 1 ٹن بارودی مواد والے وار ہیڈز کے ساتھ بیلسٹک میزائل خرم 4 فائر کیے گئے، اسرائیل میں کئی ملین افراد زیر زمین بنکر پناہ گاہوں میں رہنے پر مجبور

ایران کی نئی قیادت کے انتخاب میں میرا ذاتی طور پر شامل ہونا ضروری ہے تاکہ ایسا رہنما سامنے آئے جو ملک میں امن اور استحکام لائے، مجتبیٰ خامنہ ای کو قیادت کے لیے قبول نہیں کیا جا سکتا، امریکی صدر

واشنگٹن، تہران (م ڈ) عالمی خبر رساں ادارے رائٹرز کے مطابق صدر ٹرمپ نے کہا کہ ایران کی نئی قیادت کے انتخاب میں میرا ذاتی طور پر شامل ہونا ضروری ہے تاکہ ایسا رہنما سامنے آئے جو ملک میں امن اور استحکام لائے۔ ایک انٹرویو میں ٹرمپ نے مزید کہا کہ...... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

برطانوی وزیراعظم کا 4 لڑاکا طیارے قطر بھیجنے کا اعلان

اینٹی ڈرونز صلاحیتوں کے حامل وائلڈ کیٹ ہیلی کاپٹر بھی قبرص پہنچ گئے

لندن (م ڈ) برطانوی وزیراعظم سر کیئر اسٹارمر نے برطانیہ کے 4 لڑاکا طیارے ٹائفون قطر بھیجنے کا اعلان کیا ہے۔ جنگ کی صورت حال کے حوالے سے لندن سے اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ اینٹی ڈرونز صلاحیتوں کے حامل وائلڈ کیٹ ہیلی کاپٹر بھی...... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

سائبر حملوں کا خدشہ، نیشنل سائبر ایمرجنسی رسپانس ٹیم کی ایڈوائزری جاری

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ملک میں ممکنہ سائبر حملوں کے خدشے کے پیش نظر سرکاری اداروں کیلئے نیشنل سائبر ایمرجنسی ریسپانس ٹیم کی جانب سے ایڈوائزری جاری کر دی گئی ہے۔ ایڈوائزری میں وفاقی و صوبائی...... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعظم کا ملائیشیا اور انڈونیشیا کے سربراہان سے ٹیلی فونک رابطہ

ایران پر اسرائیل کے حملوں مشرق وسطیٰ میں جاری کشیدگی پر اظہار تشویش

رہنماؤں کا باہمی دلچسپی کے تمام امور پر قریبی روابط برقرار رکھنے پر اتفاق

اسلام آباد (شاکر رحمان) مشرق وسطیٰ میں کشیدگی اور ایران پر اسرائیلی حملوں کے بعد کی صورت حال پر وزیراعظم کے عالمی رہنماؤں سے رابطے (Contact) جاری ہیں۔ وزارت اطلاعات و نشریات کی جانب سے جاری اعلامیے کے مطابق وزیر اعظم نے جمعرات کے روز ملائیشیا اور انڈونیشیا کے سربراہان سے ٹیلی فونک رابطہ کیا۔ اعلامیے...... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

سوئی: وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی اور چیف سیکرٹری شکیل قادر کو فنی تعلیم کیلئے مالی معاونت کا چیک دیا جا رہا ہے

تیل ذخیرہ کرنیوالوں کیخلاف سخت کارروائی کا فیصلہ، قیمتوں کا تعین حکومت خود کرے گی

حکومت ایک منظم گورننس نظام کے تحت صورتحال کو ذمہ داری کے ساتھ سنبھال رہی ہے، وزیر خزانہ

حکومت کو پیٹرولیم لیوی اور ٹیکسز ختم کرنے کی تجویز دی ہے، پیٹرول کی قیمت میں مزید اضافہ نہ کیا جائے

حکومت پیٹرولیم کے ذخائر کی وافر موجودگی پر جھوٹ بول رہی ہے، پاکستان پیٹرولیم ڈیلرز ایسوسی ایشن

اسلام آباد (شاکر رحمان) عالمی سطح پر بڑھتی جیو پولیٹیکل کشیدگی کے تناظر میں حکومت نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کے تعین طریقہ کار میں تبدیلی پر غور شروع کر دیا۔ نجی ٹی وی کے مطابق وزارت توانائی نے اس حوالے سے تفصیلی ورکنگ تیار کر کے وزیراعظم کو بریفنگ دی ہے۔ مجوزہ منصوبے کے...... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

آئین لامتناہی مقدمہ بازی کی اجازت نہیں دیتا، وفاقی آئینی عدالت

سپریم کورٹ کے حتمی فیصلہ کیخلاف اپیل سننے کا اختیار نہیں، تحریری فیصلہ جاری

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی آئینی عدالت نے قرار دیا ہے کہ سپریم کورٹ کے حتمی فیصلے کے خلاف آئینی عدالت میں متوازی اپیل دائر نہیں کی جا سکتی۔ چیف جسٹس وفاقی آئینی عدالت امین الدین خان نے تحریری فیصلہ میں کہا کہ ستائیسویں...... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

خلیجی ممالک میں سفارتخانے پاکستانی شہریوں کو سہولت فراہم کریں، وزیراعظم

ایران سے پاکستانیوں کے انخلاء کیلئے برادر ملک آذربائیجان کی بھرپور مدد کے مشکور ہیں، شہباز شریف

تمام سفارت خانوں میں عملہ میسر رہے، حکام کو ہدایت، اجلاس میں ایران سے انخلاء کی صورتحال پر بریفنگ

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیراعظم شہباز شریف نے ہدایت کی ہے کہ خلیجی ممالک میں پاکستانی سفارتخانے...... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت کا نیب ترمیمی بل سے کوئی تعلق نہیں، اسحاق ڈار

یہ پرائیویٹ ممبر کی جانب سے لایا گیا، حکومت نے حمایت کی ہے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ایوان بالا میں نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ و قائد ایوان سینیٹ اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ حکومت کا نیب ترمیمی بل کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہے یہ پرائیویٹ ممبر کی جانب سے لایا گیا ہے جس کی حکومت نے حمایت کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی دور حکومت میں 50 سے زائد بلز اپوزیشن کے ساتھ مشاورت کے بغیر ایوان...... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

نیب کو سیاسی انجینئرنگ کیلئے استعمال کیا جاتا رہا، بیرسٹر گوہر

50 کروڑ سے کم کرپشن کیسز کو نیب میں شامل نہ کرنا درست نہیں، اظہار خیال

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین بیرسٹر گوہر کا کہنا ہے کہ نیب کو سیاسی انجینئرنگ کیلئے استعمال کیا جاتا رہا، 50 کروڑ سے کم کرپشن الزامات...... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان کی کینیڈا و بھارت یورینیم فراہمی کے تعاون پر تشویش

معاہدہ سول نیوکلیئر تعاون میں ایک اور ملک کے لیے مخصوص استثنیٰ ہے، دفتر خارجہ

اسلام آباد (زاہد احمد خان) پاکستان نے کینیڈا اور بھارت کے درمیان یورینیم فراہمی اور نیوکلیئر ٹیکنالوجی تعاون پر تشویش کا اظہار کر دیا۔ ترجمان دفتر خارجہ طاہر...... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

توشہ خانہ ٹو کیس میں عمران اور بشریٰ کی اپیلوں پر آفس اعتراضات

عدالت کی اہم ہدایت جاری، اعتراضات پر ہمیں پہلے کچھ نہیں بتایا گیا تھا، سلمان صفدر

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اسلام آباد ہائیکورٹ نے بانی اور بشریٰ بی بی کی اپیلوں پر آفس اعتراضات کے ساتھ سماعت کی اور بروقت اپیلیں دائر نہ ہونے...... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان کوسٹ گارڈز کی کارروائی، 3361 بوتلیں غیر ملکی شراب برآمد

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان کوسٹ گارڈز نے بلوچستان کے علاقوں اتھل اور گڈانی میں خفیہ اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے بڑی مقدار میں غیر ملکی شراب برآمد کر...... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان کی عسکری کامیابی اور دفاعی سفارتکاری کا عالمی اعتراف

پاکستان، آذربائیجان، میانمار اور نائیجیریا اور بنگلہ دیش کیساتھ بھی معاہدوں کیلئے تیار

نئی دہلی (م ڈ) دفاعی حکمت عملی اور ملٹری ڈپلومیسی نے پاکستان کو جنوبی ایشیا میں مضبوط اور قابل موازنہ قوت بنا دیا ہے۔ بھارتی جریدے کے مطابق مئی 2025ء میں کامیابی اور امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی پذیرائی پاکستانی دفاعی...... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

ڈی آئی خان، گولڈ مائننگ کے دوران فائرنگ سے 3 افراد جاں بحق

ڈی آئی خان (م ڈ) گولڈ مائننگ کے دوران فائرنگ کے واقعے میں تین افراد جاں بحق ہو گئے۔ پولیس کے مطابق یہ واقعہ کوہاٹ کے جنگلات میں گولڈ مائننگ کے دوران پیش آیا، جہاں نامعلوم افراد نے فائرنگ کی۔ واقعے کے بعد پولیس کی نفری جائے وقوع پر پہنچی اور شواہد اکٹھے کرنے کیساتھ ساتھ لاشوں کو ہسپتال منتقل کیا گیا۔ پولیس نے...... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

امریکی آبدوز نے ایرانی جہاز پر حملہ منصوبہ بندی کے تحت کیا، کنول سبل

امریکا نے آخری لمحے میں بھارت میں بحری مشق میں شرکت سے انکار کر دیا تھا

ممبئی (م ڈ) بھارت کے سابق سیکرٹری خارجہ کنول سبل نے کہا ہے کہ امریکی آبدوز نے ایرانی جہاز پر حملہ پہلے سے منصوبہ بندی کے تحت کیا۔ کنول سبل نے اپنے بیان...... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

مستونگ جیل سے قیدیوں کے فرار کی تحقیقات مکمل

جیل کے تین افسران کو شوکاز نوٹسز جاری کرنے کا فیصلہ

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کی سنٹرل جیل مستونگ سے 31 جنوری کو 25 قیدیوں کے فرار کی تحقیقات مکمل، محکمہ جیل کے حکام نے انکوائری رپورٹ کی روشنی...... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

توانائی بحران کے باعث کھاد کمپنیوں نے پیداوار بند کر دی

گیس کی کمی سے پاکستان میں زراعت کا شعبہ متاثر ہونے کا خدشہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) توانائی بحران سے پاکستان میں زراعت کا شعبہ متاثر ہونے کا خدشہ ہے، کھاد کمپنیوں نے گیس کی کمی کے باعث پیداوار بند کر دی۔ ذرائع کے مطابق پاکستان کو قطر سے ایل این جی کی سپلائی میں جزوی تعطل آ گیا، جنگ کے باعث قطر سے...... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں پیر کو بارش کا امکان

بادلوں کا داخل ہونیوالا سسٹم نصف سے زائد صوبے پر اثر انداز ہو گا

کوئٹہ (یو این اے) محکمہ موسمیات کے مطابق بلوچستان میں...... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

مادری زبانیں روایات کی آئندہ نسل تک منتقلی کا ذریعہ ہیں، گورنر

زبانیں محض اظہار کا ذریعہ نہیں، یہ ہزاروں سالہ تہذیبی سفر پر مشتمل قوموں کے ثقافتی ورثے کو متحد رکھتی ہیں

تہذیب و تاریخ کے تحفظ کیلئے رضاکارانہ خدمات دینے والے ماہرین لسانیات قابل قدر ہیں، جعفر مندوخیل

گورنر جعفر خان مندوخیل سے پشتو، بلوچی، براہوئی اور ہزارگی اکیڈمیز کے عہدیدار ملاقات کر رہے ہیں

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ اس خطے میں بولی جانے والی مختلف قومی زبانیں محض اظہار کا ایک ذریعہ نہیں ہیں بلکہ یہ وہ دھاگے ہیں جو ہزاروں سال کے تہذیبی سفر پر مشتمل کسی قوم کے ثقافتی ورثے کو متحد رکھتے ہیں، ہماری شاندار اقدار و روایات کو ایک نسل سے دوسری نسل تک منتقل کرتے ہیں۔ بلوچی، پشتو، براہوئی اور ہزارگی کے وسیع لسانی تنوع کے فروغ اور تحفظ کیلئے وقف اکیڈمیوں کے ذریعے پرعزم ہے۔ ہم ان سے وابستہ لکھاریوں اور ماہرین لسانیات کی...... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

تربت سیکورٹی فورسز نے دیسی ساخت کا بم ناکارہ بنا دیا

بم پانچ کلو وزنی تھا، اہلکاروں کی علاقے میں سرچ کارروائی جاری

تربت (این این آئی) تربت کے علاقے ناصر آباد میں سیکورٹی فورسز نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے ایک دیسی ساختہ بم (آئی ای ڈی) برآمد کر کے ناکارہ بنا دیا۔ ذرائع کے مطابق ناصر آباد روڈ پر کلورٹ کے نیچے مشتبہ مواد کی اطلاع ملنے پر اسپیشل برانچ کی...... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

قومی اسمبلی سے چیئرمین نیب کی مدت ملازمت 3 سال بڑھانے کا بل منظور، اپوزیشن کا شدید احتجاج

پارلیمان میں قانون سازی کے ذریعے آئینی عدالت کو دو اپیلوں کا اختیار دیا گیا ہے، وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ

اپوزیشن کا شدید احتجاج، بل کی کاپیاں پھاڑ دیں، نیب ترمیمی بل 2026 صدر مملکت کو دستخطوں کیلئے بھیجا جائیگا

اسلام آباد (زاہد احمد خان) سینیٹ کے بعد قومی اسمبلی نے بھی نیب ترمیمی بل 2026 کثرت رائے سے منظور کر لیا، بل رکن قومی اسمبلی مہ جبین نے پیش کیا، اپوزیشن نے نیب ترمیمی بل کی مخالفت کی۔ سینیٹ اور قومی اسمبلی سے منظوری کے بعد نیب ترمیمی بل 2026 صدر مملکت کو اب دستخطوں کیلئے بھیجا جائے گا، نیب چیئرمین کی مدت ملازمت 3 سال سے بڑھانے کی تجویز شامل کی گئی ہے۔ وفاقی حکومت کو چیئرمین نیب کی مدت میں مزید 3 سال توسیع کا اختیار دینے کی تجویز بھی شامل ہے، احتساب...... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: ایران سے آنیوالے پاکستانی طلباء پنجابی امام بارگاہ میں اپنے آبائی علاقوں کو جانے کے منتظر ہیں

عمران خان کی ہسپتال منتقلی، بہن کا عدالت سے رجوع

علاج کیلئے ہسپتال منتقل اور بانی تک رسائی دی جائے، عظمیٰ خان

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) بانی پاکستان تحریک انصاف کو ہسپتال منتقل کرنے کیلئے ان کی بہن عظمیٰ خان نے اسلام آباد...... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

ایران پر حملہ، امریکا میں نئی سیاسی بحث چھڑ گئی

ٹرمپ پہلے صدر ہیں جنہیں اسرائیل آمادہ کرنے میں کامیاب رہا، سینیٹرز

نیتن یاہو اور ٹرمپ توجہ ایپسٹین فائلوں سے ہٹانا چاہتے ہیں، الزبتھ وارن

واشنگٹن (م ڈ) امریکا میں ایران پر حالیہ حملے کے پس منظر میں ایک نئی سیاسی بحث نے جنم لے لیا ہے۔ رپورٹس کے مطابق امریکی سیاستدان اور تجزیہ کار...... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

ایندھن کے ذخائر تسلی بخش، محتاط استعمال ناگزیر ہے، وزیر پیٹرولیم

حکومت موجودہ صورتحال پر مسلسل نظر رکھے ہوئے ہے اور ہنگامی منصوبہ بندی پر کام کر رہی ہے

تمام سٹیک ہولڈرز کے لیے مساوی اور شفاف مواقع یقینی بنانے کے لیے پرعزم ہیں، علی پرویز

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر برائے پیٹرولیم علی پرویز ملک نے کہا ہے کہ حکومت موجودہ صورتحال پر مسلسل نظر رکھے ہوئے ہے اور ہنگامی منصوبہ بندی پر کام کر رہی ہے۔ اس وقت ایندھن کے ذخائر تسلی بخش ہیں تاہم پائیدار توانائی تحفظ کے لیے ایندھن کا محتاط استعمال ناگزیر ہے۔ وہ نیدرلینڈز کے سفیر رابرٹ جان سیگرٹ سے ملاقات کے دوران گفتگو کر رہے تھے۔ اس موقع پر اینگرو ووپک...... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

ٹی 20 ورلڈ کپ، بھارت انگلینڈ کو شکست دیکر فائنل میں پہنچ گیا

بھارت نے مقررہ 20 اوورز میں 253 رنز کا بھاری مجموعہ اکٹھا کیا

انگلینڈ کی ٹیم مقررہ 20 اوورز میں 7 وکٹوں پر 246 رنز بنا سکی

ممبئی (م ڈ) آئی سی سی ٹی 20 ورلڈ کپ 2026 کے دوسرے سیمی فائنل میں بھارت نے ایک ہائی اسکورنگ اور سنسنی خیز مقابلے کے بعد انگلینڈ کو 7 رنز سے شکست دے کر مسلسل دوسری مرتبہ ورلڈ کپ کے فائنل کے لیے کوالیفائی کر لیا ہے۔ وانکھڈے اسٹیڈیم میں...... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

اینٹی کرپشن نے ایم سیز کے پانچ چیف افسران گرفتار کر لئے

کروڑوں کی خورد برد کا الزام، مزید گرفتاریوں کیلئے چھاپے جاری ہیں

کوئٹہ (این این آئی) محکمہ اینٹی کرپشن نے بلوچستان کے محکمہ بلدیات کی میونسپل کمیٹیز کے پانچ چیف افسران کو گرفتار کر لیا۔ ان چیف آفیسران پر کروڑوں روپے کی خورد برد کا الزام ہے، آفیسران کو عدالت سے ضمانت کی درخواست مسترد ہونے پر گرفتار کیا۔...... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

ایران کشیدگی، تفتان بارڈر سے مزید 1979 پاکستانی وطن پہنچ گئے

پاکستان واپس آنیوالوں میں 843 طلبہ، 351 ڈرائیور، 102 تاجر، 49 زائرین، 37 سیاح اور 37 سفارتی اہلکار شامل

4 افراد انٹری ویزا، 4 ریذیڈنٹ پرمٹ پر پاکستان پہنچے، 543 ایرانی شہری بھی پاکستان میں داخل ہوئے، ڈی سی چاغی

نوکنڈی (نمائندہ مشرق) ایران میں جاری کشیدہ صورتحال کے باعث تفتان بارڈر کے راستے پاکستان آنے والے افراد کی آمد کا سلسلہ جاری ہے۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق 1979 افراد تفتان بارڈر کے ذریعے پاکستان پہنچ گئے۔ ڈپٹی کمشنر چاغی جہانزیب نور شاہوانی کے مطابق پاکستان آنے والوں میں 843 طلبہ، 351 ڈرائیور، 102 بزنس ویزا ہولڈرز، 49 زائرین، 37 سیاح اور 37 سفارتی...... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

امریکا میں پیٹرول کی قیمتیں بلند ترین سطح پر پہنچ گئیں

ایران جنگ کے بعد عالمی تیل کی منڈی شدید بے یقینی کا شکار ہو گئی

مشرق وسطیٰ میں کشیدگی برقرار رہی تو آئندہ ہفتے قیمت مزید بڑھے گی

نیویارک (م ڈ) امریکا میں پیٹرول کی قیمتوں میں مسلسل اضافے کے بعد اوسط قیمت 3.25 ڈالر فی گیلن تک پہنچ گئی ہے جو گزشتہ تقریباً 11 ماہ کی بلند ترین سطح ہے۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق یہ قیمت ایک ہفتہ پہلے کے مقابلے میں تقریباً 27 سینٹ زیادہ ہے۔ جس کی وجہ ایران جنگ اور مشرق وسطیٰ میں بڑھتی کشیدگی ہے۔ امریکی آٹو موبائل ایسوسی ایشن...... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

ٹرمپ کے قتل کا منصوبہ بنانے والے آصف مرچنٹ کی پیشی

قتل کے منصوبے میں کرائے کے قاتلوں کو بھرتی کیا تھا، عدالت میں بیان

واشنگٹن (م ڈ) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے قتل کی منصوبہ بندی کے الزام میں گرفتار پاکستانی شہری آصف مرچنٹ کے...... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

ٹرمپ کے اختیارات محدود کرنے کی قرارداد پر ووٹنگ

امریکی ایوان نمائندگان میں بحث، ٹرمپ بادشاہ نہیں، ڈیمو کریٹک رہنما

ایران میں جاری فوجی کارروائیوں کے باعث سیکورٹی خدشات بڑھ گئے

واشنگٹن (م ڈ) امریکی ایوان نمائندگان میں ایران کے ساتھ جاری جنگ کے معاملے پر صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے اختیارات محدود کرنے کے لیے وار پاورز قرارداد پر آج ووٹنگ متوقع ہے۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق اس قرارداد کا مقصد صدر ٹرمپ کو پابند کرنا ہے کہ وہ ایران کے خلاف جنگ جاری رکھنے سے پہلے کانگریس سے باقاعدہ اجازت حاصل...... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ میٹروپولیٹن میں اربوں روپے کی بے ضابطگیوں کا انکشاف

بڑے پیمانے پر سرکاری فنڈز اور اثاثے نجی کمپنیوں کو منتقل، متعدد مدات میں رقوم سرکاری کھاتہ میں جمع ہی نہیں کی گئیں

صفاء کوئٹہ کو 38 کروڑ 66 لاکھ روپے منتقل کیے گئے، اربوں روپے کی مشینری اور ورکشاپس بھی حوالے، آڈٹ رپورٹ

کوئٹہ (این این آئی) میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ میں مجموعی طور پر 3 ارب 21 کروڑ 67 لاکھ 30 ہزار روپے سے زائد کی مالی بے ضابطگیوں، غیر قانونی ادائیگیوں، سرکاری رقوم کی منتقلی اور قواعد کی خلاف ورزیوں کا انکشاف ہوا ہے۔ آڈٹ رپورٹ کے مطابق بڑے...... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

ایران سے پاکستان آنیوالوں کو ہر ممکن سہولت فراہم کرینگے، وزیر اعلیٰ

کشیدہ صورتحال کے پیش نظر تمام متعلقہ مشینری کو الرٹ کر دیا گیا ہے، صوبائی حکومت ہر ممکن صورتحال سے نمٹنے کیلئے تیار ہے

آنیوالے افراد کی آمد و رفت کو منظم اور محفوظ بنانے کیلئے تمام ضروری انتظامات یقینی بنانے کی حکام کو ہدایت کر دی، میر سرفراز بگٹی

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ ایران میں جاری کشیدہ صورتحال کے پیش نظر حکومت بلوچستان کی تمام متعلقہ مشینری کو الرٹ کر دیا گیا ہے اور صوبائی حکومت ہر ممکن صورتحال سے نمٹنے کے لیے مکمل طور پر تیار ہے سماجی رابطے کی...... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

ہائیر ایجوکیشن کمیشن میڈیکل سیٹوں کیلئے شارٹ لسٹ امیدواروں کی داد رسی کرے طلباء

فاٹا کے انضمام کے بعد بلوچستان اور فاٹا کے طلباء کے لئے مجموعی طور پر 333 ریزرو میڈیکل سیٹیں مختص تھیں، نصر اللہ

حالیہ الاٹمنٹ میں مکمل سیٹیں نہیں دی گئیں جو پالیسیوں اور وعدوں کیخلاف ہے، طلباء کا تعلیمی حرج ہو رہا ہے، ایمل خان

گورنر جعفر خان مندوخیل سے سابق ایم پی اے عبدالمجید خان اچکزئی ملاقات کر رہے ہیں

میرٹ اور شفاف نظام خواتین کو قیادت کے مواقع فراہم کر سکتا ہے سیاسی جماعتیں

بیشتر سیاسی جماعتوں میں صنفی شمولیت کی پالیسیاں صرف کاغذی حد تک محدود رہیں، فاطمہ بلوچ، سکینہ عبداللہ خان

صرف علامتی وعدے تبدیلی نہیں لا سکتے، جماعتوں کے اندر منظم مکالمہ اور احتسابی نظام ضروری ہے، علی احمد لانگو

تجربہ کار خواتین رہنماؤں اور نئی آنے والی خواتین سیاست دانوں کے درمیان مکالمہ کا اہتمام ضروری ہے، شرکاء

شفیق الرحمان مینگل کی پیپلز پارٹی میں شمولیت احسن اقدام، صلاح الدین زہری

قومی سطح پر علاقے اور جھالاوان کے غیور عوام کی آواز موثر انداز میں اٹھانا چاہتے ہیں



ایف سی پبلک اسکول سی اسکاؤٹس میں شجرکاری مہم کا آغاز

اپوزیشن جماعتوں کو قومی مفاد عزیز نہیں، چوہدری نعیم کریم

تحصیل کاریزات کیلئے ضلع کا نوٹیفکیشن بحال کیا جائے، جمیل احمد

ٹریفک پولیس کوئٹہ کی 'میکینک آن ویلز' سروس کامیاب

عوام میں شعور اجاگر کرنے پر فخر محسوس کرتے ہیں، رحیم کاکڑ

احمد علی کوہزاد کی سربراہی میں وفد کا ایرانی قونصل خانے کا دورہ

مختلف فیڈرز پر کام کیلئے لوڈ شیڈنگ کا شیڈول جاری

مارکیٹ کمیٹی میں کم سے کم اجرت کے قانون پر عمل کیا جائے، حاجی منور

ایف سی پبلک اسکول سی اسکاؤٹس میں شجرکاری مہم کے حوالے سے طلباء اور والدین کو آگاہی فراہم کی جا رہی ہے

TENDER NOTICE

TSE-252603992243 **Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB.** The URBAN PLANNING & DEVELOPMENT invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

Tender Fee 2000 PKR and Bid Security 3%

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	Provision of Home Solar Systems in Tehsil Shinkai, District Killa Saifullah (Project ID: Z2025.2595)	99,009,474

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 2 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 69,306,631 PKR Amount in1 subsequent previous years showing financial capacity of the firm Valid PEC Bidder must provide affidavit confirming no conflict of interest not blacklisted no major litigation no nonperformance in last 5 years and no failure to sign contract Bidder must have completed at least 3 similar projects each with cost not less than 60 percent of the estimated cost undertaking and completed during the last 5 years (sublet/ Sub contracting is not acceptable) CDR and Green Challan **Procedure Of Procurement:**Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Bank Gurantee,Deposit at Call** of 3 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by **19 March, 2026**till **09:00 AM** through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at **10:00 AM on EPPS System Address:** URBON PLANNIN& DEVELOPMENT ZHOB **Phone no:** 3138201082 **Email:** engmajeeb001@gmail.com

Executive Engineer Urban Planing & Development Department Zhob

PRQ No.4054/05-03-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

Note: In All Procurements of the GOB, Whether Through Electronic or Manual Bid Submission. It is Mandatory for All Bidders to Get Registered at the Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The ASSISTANT DIRECTOR LOCAL GOVT KHUZDAR invites bids from Eligible Bidders for execution of the following works for the Year 2025-26 based on the Composite schedule rates 2023 on the Percentage Rate

Tender Fee 1500 PKR and Bid Security 2% for each work

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	Provision of Home Solar at Jahan Moola District, Khuzdar**TSE-252603991793**	18,814,167
2	Provision of Home Solar at Kharzan Tehsil Moola, District Khuzdar**TSE- 252603991843**	24,756,650

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders**: Presence in the Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 3 assignments of a similar nature of work Turnover of at least 13,169,916 PKR & 17,329,655 PKR Amount in 3 subsequent previous years, showing financial capacity of the firm for the mentioned work, respectively. Registration with Pakistan Engineering council (PEC) C-6 and above (Up to 25million) In Relevant Category and Specialized Code is EE11(i) (Solar), EE11(ii) (Solar Energy), EE11(iii) (Solar Energy system), EE11(vi) (Solar Installation). **Procedure Of Procurement**: Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of a Bank Guarantee, Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the undersigned from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the undersigned for 1,500 PKR **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 24 March 2026, during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted by 24 March,2026, till 10:30 AM. **Tender opening:** All tenders will be opened on the same day at the office of the undersigned at 11:30 AM **Address:** Senior Assistant Director's Office, Khuzdar.
Phone no: 0848412571 **Email:** adlgkhuzdar@gmail.com

Senior Assistant Director Assistant Director Local Govt Khuzdar

PRQ No.4048/05-03-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

NOTICE INVITING TENDER

The ASSISTANT DIRECTOR KACHHI invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2025 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

Tender Fee 2000 PKR and Bid Security 2% for each work

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	Construction of PCC Street Side drain PB at Bala nari and others areas of district kachhi **TSE-252603992313**	29,703,048/=
2	Restoration of Water Reservoir in Peer Puchy Balanari Kachhi **TSE-252603992323**	25,000,000/=

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 1 Assignment of similar nature of work Turnover of at least 20,792,133 PKR Amount in1 subsequent previous years showing financial capacity of the firm **Procedure of Procurement:** Single Stage One Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Bank Guarantee, Deposit at Call** of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of thunder-signed **2,000 PKR Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to **27 March,2026** during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by **27 March,2026** till **11:00 AM Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at **12:00 PM**
Address: Local Government Office, Dhadar
Phone no:0832415425 **Email:** qazi.shoran@gmail.com

ASSISTANT DIRECTOR LOCAL GOVERNMENT AND R&D DISTRICT KACHHI

PRQ No.4049/05-03-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB The Assistant social welfare officer Surab invites bids from eligible Bidders for supply of following items:

Tender Fee 1500 PKR

S. No	TSE Number	Tender Name	Last Date and Time of Bid Submission	Tender Opening	Bid Security
1	TSE-252603989251	PURCHASE OF FURNITURE FOR SHAHEED HIDAYATULLAH BULEDI CAREER COUNSELING ACADEMY AND TECHNICAL TRAINING CENTER (Total Item(s) Count: 18)	24 March, 2026 11:00 AM	12:00 PM	50,092 PKR
2	TSE-252603991011	PURCHASE OF LAPTOPS TO FREELANCERS UNDER BSDI PROJECT DISTRCT SHAEED SAKINDAR ABAD SURAB (Total Item(s) Count: 1)	24 March, 2026 11:00 AM	12:00 PM	284,100 PKR

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Eligibility Criteria for bidders may be seen in the Bidding Documents **Bidding Procedure:** Single Stage One Envelope Bidding Procedure (TSE-252603989251, , TSE-252603991011) **Tender Documents:** The Bidding document can be downloaded from www.bppra.gob.pk (free of cost) and the same can also be obtained from the office of the under-signed upon payment of prescribed tender fee.
Address: ADC SURAB OFFICE DC COMPLEX SSA SURAB
Phone no: 3366668228 **Email:** naseebullahkalat123@gmail.com

ASSISTANT SOCIAL WELFARE OFFICER SURAB

PRQ No.4046/05-03-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب

بلوچستان کی ترقی کیلئے مشترکہ کوششیں ناگزیر ہیں، زرک مندوخیل

حکومت سرکاری اسکولوں کی بہتری، اساتذہ کی حاضری یقینی بنانے اور تعلیمی معیار کو بلند کرنے پر خصوصی توجہ دے رہی ہے

مستحق طلبہ کیلئے وظائف اور فنی تربیت کے پروگرام بھی متعارف کرائے گئے ہیں، ایم پی اے کی مختلف وفود سے بات چیت

کوئٹہ (اے این این) رکن صوبائی اسمبلی شیخ زرک خان مندوخیل نے کہا ہے کہ عوام نے جس اعتماد کے ساتھ انہیں ایوان میں بھیجا ہے، اس پر پورا اترنے کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ ان کی اولین ترجیح تعلیم، صحت، پینے کے صاف پانی اور سڑکوں کی تعمیر ہے۔ دور دراز علاقوں میں بنیادی سہولیات کی کمی ایک بڑا مسئلہ ہے جسے مرحلہ وار حل کیا جا رہا ہے۔ بلوچستان کی ترقی اور خوشحالی کیلئے مشترکہ کوششوں کی ضرورت ہے اور وہ ہر فورم پر اپنے حلقے اور صوبے کے عوام کی آواز بلند کرتے رہیں گے۔ یہ بات انہوں نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان نسل صوبے کا مستقبل ہے، اس لیے سرکاری اسکولوں کی بہتری، اساتذہ کی حاضری یقینی بنانے اور تعلیمی معیار کو بلند کرنے پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ کئی اسکولوں میں اضافی کمروں کی تعمیر اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کیلئے فنڈز مختص کر دیے گئے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ مستحق طلبہ کیلئے وظائف اور فنی تربیت کے پروگرام بھی متعارف کرائے جا رہے ہیں تاکہ نوجوان ہنرمند بن کر روزگار کے مواقع حاصل کر سکیں۔ رکن اسمبلی کا کہنا تھا کہ بنیادی صحت مراکز کو فعال بنانے اور ادویات کی دستیابی یقینی بنانے کیلئے محکمہ صحت سے مسلسل رابطہ رکھا جا رہا ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ عوام کو علاج معالجے کی سہولیات ان کی دہلیز پر فراہم کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ سڑکوں کی خستہ حالی اور پینے کے صاف پانی کی قلت جیسے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جا رہا ہے۔ کئی علاقوں میں نئی سڑکوں کی منظوری اور پرانی شاہراہوں کی مرمت کا کام جلد شروع ہوگا۔ شیخ زرک خان مندوخیل نے کہا کہ وہ باقاعدگی سے اپنے حلقے کے دورے کر رہے ہیں اور عوامی شکایات براہ راست سن کر ان کے حل کیلئے متعلقہ حکام کو ہدایات دیتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ سیاست کا مقصد خدمت ہے اور وہ عوام کو مایوس نہیں کریں گے۔

آئی جی پولیس محمد طاہر این سی پی گاڑیوں کی کسٹمز کے حوالے کرنے سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

علی حسن زہری کی تقرری بہترین فیصلہ ہے، مشتاق گلاب

پیپلز پارٹی مزید مستحکم ہوگی، لسبیلہ کے جیالے متحد ہیں، سینئر نائب صدر

بیلا (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی ضلع لسبیلہ کے سینئر نائب صدر مشتاق گلاب نے میر علی حسن زہری کو بلوچستان کا سینئر نائب صدر مقرر ہونے پر دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ اپنے جاری کردہ بیان میں مشتاق گلاب نے کہا کہ میر علی حسن زہری کی تقرری پاکستان پیپلز پارٹی کی قیادت کا بہترین اور بروقت فیصلہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ میر علی حسن زہری ایک باوقار، بااصول اور نظریاتی رہنما ہیں جو طویل عرصے سے پارٹی کے لیے خدمات انجام دے رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ میر علی حسن زہری کی قیادت میں پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان میں مزید مضبوط اور فعال ہوگی اور کارکنان کو نئی توانائی اور سمت ملے گی۔ مشتاق گلاب نے اس عزم کا اظہار کیا کہ لسبیلہ کے جیالے میر علی حسن زہری کی قیادت میں متحد ہو کر پارٹی پیغام کو عام کریں گے اور عوامی خدمت کے مشن کو جاری رکھیں گے۔

گنداخہ: قبائلی تصادم میں فائرنگ سے 1 شخص زخمی

اوستہ محمد (آن لائن) تھانہ گنداخہ حدود میں جمالی اقوام کے دو گروہوں میں فائرنگ نوجوان وقار احمد زخمی تفصیلات کے مطابق گزشتہ شام کو گوٹھ جبل پور کے قریب تھانہ گنداخہ کے حدود میں جمالی اقوام کے اقوام میں پرانی دشمنی کے بنا پر فائرنگ ہوئی جس کے نتیجے میں نوجوان وقار احمد زخمی ہوئے جنہیں فوری طور پر سیول اسپتال اوستہ محمد میں طبی امداد کے بعد لاڑکانہ ریفر کیا جبکہ پولیس نے فائربندی کرادی جبکہ زخمی کی حالت نازک بتائی جا رہی ہے۔

اسکالرز تحقیقی نتائج متعلقہ اداروں سے شیئر کریں، وی سی جامعہ بلوچستان

رواں سال 4521 نئے طلبہ و طالبات کے داخلے کا ہدف دیا گیا ہے، ڈی ای او عبدالستار لانگو

قبائلی عمائدین، علاقہ کونسلرز، میڈیا کے نمائندے فروغ تعلیم میں ساتھ دیں، عبدالنبی جتوئی، لیاقت لغاری

ہر بچہ سکول جائے، روشن بلوچستان بنائے" کے خواب کو حقیقت بنانا ہوگا، مسز نورین، یاسمین عمرانی و دیگر

سبی (سلیم گشکوری) ضلع سبی میں نئے تعلیمی سال 2026ء کے آغاز کے ساتھ ہی داخلہ مہم کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر سبی عبدالستار لانگو نے ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن میل سبی عبدالنبی جتوئی، لیاقت علی لغاری، طارق الماس، مرزا اطہر بیگ، مسز نورین، یاسمین عمرانی کے ہمراہ پرہجوم پریس کانفرنس سے خطاب کیا۔ انہوں نے پریس کانفرنس میں بتایا کہ محکمہ تعلیم بلوچستان کی جانب سے ضلع سبی کو رواں سال 4521 نئے طلبہ و طالبات کے داخلے کا ہدف دیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نئے تعلیمی سال کا آغاز یکم مارچ سے ہو چکا ہے اور داخلہ مہم ایک ماہ تک جاری رہے گی۔ انہوں نے علماء کرام، قبائلی عمائدین، سول سوسائٹی، علاقہ کونسلرز، اور پرنٹ و الیکٹرانک میڈیا کے نمائندگان سے اپیل کی کہ وہ داخلہ مہم میں محکمہ تعلیم کا بھرپور ساتھ دیں اور اپنے اپنے علاقوں میں سکول سے باہر بچوں کو تعلیمی اداروں میں داخل کروانے میں کردار ادا کریں۔ افسران کا کہنا تھا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان کے وژن کے مطابق "ہر بچہ سکول جائے، روشن بلوچستان بنائے" کے خواب کو حقیقت بنانے کے لیے اجتماعی کوششیں ناگزیر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا مقصد ہے کہ ہر بچے کے ہاتھ میں کتاب ہو اور بلوچستان علم کی روشنی سے منور ہو۔ داخلہ مہم کے دوران واک اور سیمینارز کا بھی انعقاد کیا جائے گا تاکہ عوام میں تعلیم کی اہمیت کے حوالے سے شعور اجاگر کیا جا سکے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ داخل ہونے والے بچوں کو محکمہ تعلیم کی جانب سے مفت کتب، سکول بیگ، یونیفارم اور اسٹیشنری فراہم کی جائے گی۔ تعلیمی افسران نے اس عزم کا اظہار کیا کہ گرلز اور بوائز سکولوں میں روزانہ کی بنیاد پر داخلوں کا ڈیٹا اکٹھا کیا جائے گا اور مہم کو کامیاب بنانے کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ میڈیا، قبائلی عمائدین، علماء کرام اور سول سوسائٹی اس قومی مقصد میں بھرپور تعاون کریں گے۔

کوئٹہ: ہائیکورٹ بار کے صدر عطاء اللہ لانگو سے وکلاء ملاقات کر رہے ہیں

حب، ڈکیتی کے دوران مزاحمت پر فائرنگ، شہری زخمی

حب (یو این اے) حب کے بیروٹ پولیس اسٹیشن کی حدود اکرم کالونی میں مسلح ڈکیتوں نے دن دیہاڑے حفیظ لاشاری نامی شہری سے 125 موٹر سائیکل چھیننے کی کوشش کی، جس کے دوران شہری کی جانب سے مزاحمت کرنے پر ڈاکوؤں نے اندھا دھند فائرنگ ... شدید غم و غصے کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ بیروٹ پولیس اسٹیشن کی حدود میں گزشتہ کئی ماہ سے چوری، ڈکیتی اور راہزنی کی وارداتوں میں غیر معمولی اضافہ ہو چکا ہے، لیکن پولیس امن و امان بحال کرنے میں مکمل طور پر ناکام نظر آتی ہے۔ شہریوں کے مطابق پولیس کی مبینہ نااہلی کی وجہ سے لوگ اپنے گھروں اور سڑکوں پر خود کو غیر محفوظ تصور کرنے لگے ہیں۔

مساجد و امام بارگاہوں کی سیکورٹی ہائی الرٹ ہے، آئی جی اسلام آباد

اینٹی رائٹ فورس کی تربیت جدید خطوط پر استوار کی جائیگی، سید علی ناصر

اسلام آباد (زاہد احمد خان) انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے اہم میٹنگز کی صدارت سمیت اینٹی رائٹ فورس کی جاری ٹریننگ کا جائزہ لیا، میٹنگز میں ڈی آئی جی اسلام آباد، ڈی آئی جی سیکورٹی، ڈی سی سیف سٹی، ایس ایس پی سیکورٹی، ایس ایس پی آپریشنز اور سینئر افسران نے شرکت کی۔ اس موقع پر آئی جی اسلام آباد نے سیکورٹی انتظامات، آپریشنل حکمت عملی اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ سے متعلق اہم امور کا جائزہ لیا اور موثر عملدرآمد کیلئے ضروری ہدایات جاری کیں۔ انہوں نے اسلام آباد پولیس کی طرف سے شہریوں کی سہولت کیلئے اٹھائے گئے اقدامات اور آئی ٹی انیشیٹوز کا بھی جائزہ لیا اور افسران کو پبلک سروس ڈیلیوری کو بہتر بنانے اور شہریوں کی سہولت کو یقینی بنانے کے احکامات جاری کیے۔ اسی طرح پولیس فورس کے انتظامی امور، پولیس افسران کی فلاح و بہبود کے پراجیکٹس اور ماڈل جیل کی تعمیر کو جلد از جلد مکمل کرنے کے حوالے سے بھی اہم فیصلے کئے۔ بعد ازاں آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے نماز فجر میں مساجد کے باہر سیکورٹی ڈیوٹیز سرانجام دینے والے پولیس افسران سے بھی ملاقات کی اور مساجد و امام بارگاہوں کے سیکورٹی انتظامات کا از خود جائزہ لیا۔ انہوں نے الرٹ ڈیوٹی کرنے والے پولیس افسران کی حوصلہ افزائی کی اور اپنے فرائض بطریق احسن سرانجام دینے کی ہدایات جاری کیں۔ اسی طرح آئی جی اسلام آباد نے اینٹی رائٹ فورس کی جاری ٹریننگ کا بھی جائزہ لیا۔ اس موقع پر ڈی آئی جی ہیڈکوارٹرز ملک جمیل ظفر نے آئی جی اسلام آباد کو بریفنگ دی۔ آئی جی اسلام آباد نے شہریوں کی جان و مال کے تحفظ اور امن و امان کے قیام کو یقینی بنانے کیلئے اینٹی رائٹ فورس کی تربیت کے نظام کو جدید خطوط پر استوار کرنے سمیت تمام تر وسائل بروئے کار لانے کیلئے متعلقہ افسران کو مناسب ہدایات جاری کیں۔

من پسند افراد میں راشن کی تقسیم قابل مذمت ہے، انصاف یوتھ

رمضان پیکج عوام کی امانت ہے کسی بااثر فرد کی ملکیت نہیں، ملک نظر جان

کوئٹہ (آن لائن) انصاف یوتھ ونگ بلوچستان کے سینئر نائب صدر ملک نظر خان زوران نے کہا ہے کہ حکومت بلوچستان کی جانب سے رمضان پیکج کے تحت غریب اور مستحق افراد کی بجائے من پسند افراد میں راشن کی تقسیم قابل مذمت ہے، سرکاری خزانے سے دیا جانے والا رمضان پیکج عوام کی امانت ہے کسی سیاسی جماعت یا چند بااثر افراد کی ملکیت نہیں ہے اس میں کسی کو بھی خیانت کی اجازت نہیں دیں گے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں نظر خان زوران نے کہا کہ حکومت بلوچستان نے سرکاری خزانے سے صوبے کے غریب اور مستحق افراد کیلئے رمضان المبارک کے دوران راشن پیکج کا اعلان کیا تھا اب یہ راشن ارکان قومی اور صوبائی اسمبلی کی ایما پر من پسند لوگوں میں تقسیم کیا جا رہا ہے جو ناانصافی اور غریبوں کے حق پر ڈاکہ ہے۔ مستحق خاندانوں کو نظر انداز کر کے سیاسی وفاداریاں نبھانا ظلم کی بدترین مثال ہے۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری خزانے سے دیا جانے والا رمضان پیکج عوام کی امانت ہے، کسی سیاسی جماعت یا چند بااثر افراد کی ملکیت نہیں انصاف یوتھ ونگ کسی کو بھی یہ اجازت نہیں دے گی کہ وہ غریب اور مستحق افراد کو نظر انداز کر کے من پسند افراد میں راشن تقسیم کریں۔ انہوں نے کہا کہ ہم مطالبہ کرتے ہیں کہ پیکج کی تقسیم مکمل شفافیت، واضح معیار اور عوامی نگرانی کے تحت کی جائے تاکہ حقیقی حقداروں تک ان کا حق پہنچ سکے ورنہ یہ اقدام فلاح نہیں بلکہ استحصال کہلائے گا۔

سب انجینئرز کی پوسٹ اپ گریڈ کی جائے، ڈپلومہ انجینئرز

انجینئرز کے سروس رولز میں پروموشن کوٹہ مختص کیا جائے، ابراہیم زہری

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان ڈپلومہ انجینئرز فیڈریشن کے صوبائی جنرل سیکرٹری حاجی ابراہیم زہری سے ڈپلومہ انجینئرز کے وفد نے ملاقات کی۔ صوبائی جنرل سیکرٹری حاجی ابراہیم زہری نے کہا کہ ہم چیف سیکرٹری اور سیکرٹری فنانس سے مطالبہ کرتے ہیں کہ سابق صوبائی کابینہ کے فیصلے کے مطابق سب انجینئرز کی پوسٹ کو اپ گریڈ کر کے گریڈ 14 کی منظوری دی جائے حالانکہ صوبے کے تمام ملازمین جن میں ٹیچرز اور کلرکس کی پوسٹوں کو اپ گریڈ کیا گیا ہے لیکن ڈپلومہ انجینئرز کی پوسٹ کو اپ گریڈ نہیں کیا گیا جو کہ ڈپلومہ انجینئرز کے ساتھ سراسر ناانصافی کے مترادف ہے۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ زرعی انجینئرنگ کے ڈپلومہ انجینئرز کیلئے سروس رولز میں پروموشن کوٹہ مختص کیا جائے محکمہ زرعی انجینئرنگ میں ڈپلومہ انجینئرز کیلئے پروموشن کوٹہ مختص تھا لیکن بعد میں ختم کر دیا گیا سیکرٹری زراعت سے بھی اپیل ہے کہ محکمہ زرعی انجینئرنگ کے ڈپلومہ انجینئرز کیلئے سروس رولز میں کوٹہ مختص کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ عنقریب مختلف ڈیپارٹمنٹ میں ڈپلومہ انجینئرز کے مسائل کو حل کرنے کیلئے اجلاس منعقد کیا جائے گا۔

عوام کو فوری معیاری طبی سہولیات فراہم کی جائیں، ڈاکٹر مرشد دشتی

ضلعی انتظامیہ کے تعاون سے تمام بنیادی مراکز صحت کی باقاعدہ نگرانی کے نظام کو مزید بہتر بنانے کیلئے اقدامات جاری ہیں

دور دراز علاقوں سے آئے عوام کی سہولت کیلئے ڈاکٹرز و طبی عملہ سرکاری اوقات کار کی پابندی کرے، ضلعی منیجر پی پی ایچ آئی

گوادر (ح ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے عوام دوست وژن اور طے شدہ پالیسی کے مطابق صوبے بھر میں صحت کی معیاری سہولیات عوام کی دہلیز تک پہنچانے کے عزم کے تحت ضلع گوادر میں بنیادی مراکز صحت کی کارکردگی کو مزید مؤثر بنانے کے اقدامات جاری ہیں۔ اسی سلسلے میں ڈسٹرکٹ منیجر پی پی ایچ آئی ڈاکٹر مرشد دشتی نے بی ایچ یو کپر، بی ایچ یو ناجعت اور بی ایچ یو پانڈی کپر کا تفصیلی مانیٹرنگ و سہولت کاری دورہ کیا۔ دورے کے دوران انہوں نے عملے کی حاضری، او پی ڈی رجسٹر، ای پی آئی سائنس، ایم این سی ایچ سینٹرز اور دیگر متعلقہ ریکارڈ کا باریک بینی سے جائزہ لیا۔ ڈاکٹر مرشد دشتی نے مراکز صحت میں مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، حفاظتی ٹیکہ جات کے عمل اور زچہ و بچہ کی صحت سے متعلق جاری خدمات کا بھی معائنہ کیا۔ انہوں نے متعلقہ عملے کو ہدایت کی کہ عوام کو بروقت، معیاری اور بلاتعطل طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے اور سرکاری اوقات کار کی سختی سے پابندی کی جائے تاکہ دور دراز علاقوں کے مکین بھی بہتر علاج معالجے سے مستفید ہو سکیں۔ اس موقع پر انہوں نے مذکورہ بی ایچ یوز کو ضروری ادویات بھی فراہم کیں تاکہ ادویات کی دستیابی میں کسی قسم کی کمی واقع نہ ہو اور مریضوں کو فوری ریلیف فراہم کیا جا سکے۔ ضلعی انتظامیہ اور پی پی ایچ آئی کی جانب سے اس عزم کا اعادہ کیا گیا کہ ضلع بھر کے تمام بنیادی مراکز صحت کی باقاعدہ نگرانی کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا تاکہ عوام کو معیاری، قابل رسائی اور مؤثر طبی سہولیات کی فراہمی ہر صورت یقینی بنائی جا سکے۔

عوامی تعاون سے مسائل حل کیے جا رہے ہیں، ڈی سی قلعہ عبداللہ

وسائل بروئے کار لا کر عوام کو بنیادی سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں، منور حسین مگسی

کوئٹہ (اے پی پی) ڈپٹی کمشنر قلعہ عبداللہ منور حسین مگسی سے بدھ کو پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع قلعہ عبداللہ کے ضلعی سیکرٹری میرویس خان اچکزئی، ضلعی سینئر معاون سیکرٹری اور ضلعی ... امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفد نے مختلف علاقوں کو درپیش مسائل سے ڈپٹی کمشنر کو آگاہ کیا اور عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں میں تیزی لانے پر زور دیا۔ ڈپٹی کمشنر منور حسین ...

کوئٹہ: چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے رہنما صلاح الدین خلجی، عبدالاحد و دیگر ایرانی سپریم لیڈر کی شہادت پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

موبائل فرنچائزز کے غیر مناسب رویے کا نوٹس لیا جائے، شہری

بدتمیزی برداشت نہیں، پی ٹی اے حکام فوری کارروائی کریں، بات چیت

حب (یو این اے) شہر حب میں مختلف موبائل ...

بیلہ: مستحق بچوں میں عید کیلئے نئے کپڑے تقسیم

بیلا (یو این اے) یتیم غریب بچوں اور مسافر طلبا میں عید کے کپڑوں کی تقسیم مزید بچوں کو کپڑوں کی ...

صوبائی وزیر راحیلہ حمید درانی درسی کتب کے اسٹور کا معائنہ کر رہی ہیں، سیکرٹری لعل جان جعفر و دیگر بھی موجود ہیں

تعلیمی سال اور عید کی آمد، غریب عوام کی مشکلات میں اضافہ

کاپیاں، کتابیں، سکول بیگز اور یونیفارم کی قیمتوں میں نمایاں اضافہ، مہنگائی کے باعث عوام کی قوت خرید جواب دے گئی

قیمتوں پر قابو پانے کیلئے حکومت فوری اقدامات کرے تاکہ مالی تنگی کے باعث کوئی بچہ تعلیم سے محروم نہ رہ سکے، والدین

کوئٹہ (اے این این) صوبہ بلوچستان کے سرد علاقوں خصوصاً کوئٹہ اور گردونواح میں نئے تعلیمی سال کا باقاعدہ آغاز ہو گیا ہے۔ سرکاری و نجی تعلیمی اداروں میں تدریسی سرگرمیاں شروع ہوتے ہی طلبہ و طالبات کی چہل پہل دیکھنے میں آ رہی ہے، تاہم بڑھتی ہوئی مہنگائی نے والدین، بالخصوص کم آمدنی والے طبقے کیلئے شدید مشکلات پیدا کر دی ہیں۔ نئے تعلیمی سیشن کے آغاز کے ساتھ ہی بازاروں میں کاپیوں، کتابوں، اسکول بیگز اور یونیفارم کی قیمتوں میں نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ گزشتہ سال کے مقابلے میں کاپیوں اور دیگر اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں 20 سے 40 فیصد تک اضافہ ہو چکا ہے، جس کے باعث ایک بچے کی مکمل تیاری پر ہزاروں روپے اضافی خرچ آ رہا ہے۔ شہر کے مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے والدین نے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ مہنگائی کے اس دور میں بچوں کی فیس، ٹرانسپورٹ اخراجات اور گھریلو ضروریات پوری کرنا ہی مشکل تھا، اب تعلیمی سامان کی بڑھتی قیمتوں نے پریشانی میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔ ایک محنت کش والد کا کہنا تھا کہ وہ دیہاڑی کی مزدوری کرتے ہیں اور تین بچوں کی تعلیم جاری رکھنا ان کیلئے ایک بڑا چیلنج بن چکا ہے۔ والدین نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ سرکاری سطح پر تعلیمی سامان کی قیمتوں کو کنٹرول کیا جائے اور مستحق طلبہ کیلئے خصوصی ریلیف پیکج متعارف کرایا جائے تاکہ کوئی بچہ صرف مالی تنگی کی وجہ سے تعلیم سے محروم نہ ہو۔ دوسری جانب اسٹیشنری فروشوں کا کہنا ہے کہ کاغذ، پرنٹنگ اور ٹرانسپورٹ کے اخراجات میں اضافے کے باعث وہ بھی مجبوراً قیمتیں بڑھانے پر مجبور ہیں۔ ان کے مطابق ہول سیل مارکیٹ میں نرخ بڑھنے سے خوردہ سطح پر بھی اثرات پڑے ہیں۔ تعلیمی ماہرین کا کہنا ہے کہ بلوچستان جیسے پسماندہ صوبے میں پہلے ہی شرح خواندگی دیگر صوبوں کے مقابلے میں کم ہے، ایسے میں تعلیمی اخراجات میں اضافہ مزید بچوں کو اسکول سے دور کر سکتا ہے۔ ماہرین نے تجویز دی ہے کہ حکومت سرکاری اسکولوں میں مفت کتابوں کی فراہمی کو یقینی بنائے اور نجی تعلیمی اداروں کی فیسوں کی نگرانی کرے۔ بلوچستان کے سرد علاقوں میں تعلیمی سال کے آغاز کے ساتھ ہی گرم یونیفارم، سویٹر، جیکٹس اور دیگر گرم کپڑوں کی خریداری بھی لازم ہو جاتی ہے، جس سے اخراجات میں مزید اضافہ ہو جاتا ہے۔ بالخصوص دیہی علاقوں سے تعلق رکھنے والے والدین کو سفری اخراجات اور رہائش کے مسائل کا بھی سامنا ہے۔

سبی: ڈی ای او عبدالستار لانگو، ایجوکیشن افسر عبدالنبی، مسز نورین، یاسمین عمرانی و دیگر سکول داخلہ مہم سے متعلق پریس کانفرنس کر رہے ہیں

مستحقین کو راشن کی فراہمی منظم انداز میں جاری ہے، ڈی سی گوادر

زیادہ سے زیادہ غرباء کو ریلیف کی فراہمی کیلئے سرگرمیاں گوادر، پسنی، اورماڑہ اور جیوانی میں تسلسل کے ساتھ جاری ہیں

راشن کی تقسیم کے تمام مراحل کی نگرانی ضلعی انتظامیہ کے افسران باقاعدگی سے کر رہے ہیں، نقیب اللہ کاکڑ کی بات چیت

گوادر (ح ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن اور خصوصی ہدایات کی روشنی میں ضلع گوادر میں ماہ رمضان المبارک کے دوران عوام کو ریلیف ... بلوچستان رمضان ریلیف و راشن اسکیم پیکج کے تحت مستحق اور نادار خاندانوں میں باقاعدہ اور منظم طریقے سے راشن تقسیم کیا جا رہا ہے۔ یہ ریلیف سرگرمیاں نہ صرف گوادر شہر بلکہ ضلع کی مختلف تحصیلوں، جن میں پسنی، اورماڑہ اور جیوانی شامل ہیں، میں بھی تسلسل کے ساتھ جاری ہیں تاکہ زیادہ ... بنانے کے لیے ضلعی انتظامیہ کے افسران خود فیلڈ میں موجود ہیں۔ اس سلسلے میں اسسٹنٹ کمشنر گوادر سعد کلیم ظفر، اسسٹنٹ کمشنر پسنی خسرو ولاوری، تحصیلدار جیوانی اعظم خان مگسی، تحصیلدار اورماڑہ نور خان بلوچ سمیت دیگر متعلقہ افسران سرگرم عمل ہیں اور تقسیم کے تمام ... صرف حقیقی اور مستحق خاندانوں تک پہنچے، تاکہ رمضان المبارک کے بابرکت مہینے میں عوام کو زیادہ سے زیادہ سہولت اور ریلیف فراہم کیا جا سکے۔

ادبی اداروں پر قدغن کی حکومتی تجویز قبول نہیں، براہوئی اکیڈمی

تمام ادبی ادارے اپنی قومی زبان کی ترویج اور ثقافت کی ترقی کیلئے منظم انداز میں خدمات سرانجام دے رہے ہیں

ادبی و تحقیقی اداروں کو حکومتی تحویل میں لینے سے قومی زبانوں کو فروغ کیسے ملے گا، چیئرمین کا اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (پ ر) براہوئی اکیڈمی پاکستان کی ایگزیکٹو باڈی کا اجلاس ... اراکین نے شرکت کی۔ اجلاس نے حکومت بلوچستان کی جانب سے صوبے کی قومی ...

اسرائیلی عزائم خطے کے امن کیلئے خطرہ ہیں، جمعیت

ایران کیخلاف جارحیت قبول نہیں، امت کا اتحاد ناگزیر ہے، حافظ محمد صدیق

چمن (اے این این) جمعیت علماء اسلام ... بالخصوص امریکا مشرق وسطیٰ میں بدامنی کو ہوا دے کر اپنے مفادات کی تکمیل چاہتا ہے۔ فلسطین کے مظلوم عوام پر جاری ظلم و ستم، غزہ کی تباہی اور قبلہ اول کی بے حرمتی اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ صیہونی قوتیں انسانیت کی دشمن ہیں اور امریکا ان کا سرپرست ہے۔ انہوں نے کہا کہ امریکا نے ہمیشہ مسلم ممالک کو تقسیم در تقسیم کی پالیسی کے ذریعے کمزور کرنے کی کوشش کی ہے۔ حافظ محمد صدیق مدنی نے کہا ... صیہونیت اور استعماری قوتوں کے خلاف مشترکہ حکمت عملی اختیار کی جائے۔ انہوں نے عالم اسلام کے مذہبی و سیاسی قائدین سے اپیل کی کہ وہ اس نازک صورتحال میں اتحاد و یکجہتی کا مظاہرہ کریں اور مظلوم اقوام کی عملی حمایت کریں۔ حافظ محمد صدیق مدنی نے دعا کی کہ اللہ رب العزت امت مسلمہ کو اتحاد و اتفاق نصیب فرمائے اور عالم اسلام کو ہر قسم کے فتنوں اور سازشوں سے محفوظ رکھے۔

انٹر کالج اورماڑہ میں سائنس ایگزیبیشن کا انعقاد

کوئٹہ (یو این اے) گورنمنٹ انٹر کالج اورماڑہ میں طلبہ کی تخلیقی صلاحیتوں کو نکھارنے کے لیے ایک روزہ سائنس ایگزیبیشن کا انعقاد کیا گیا جس میں گورنمنٹ انٹر کالج سمیت بوائز اور گرلز ہائی اسکولوں کے طلبا و طالبات نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ تقریب میں چیئرمین میونسپل کمیٹی اورماڑہ محفوظ بلوچ اور ایس پی کوسٹل ہائی وے پولیس اسلم بنگلزئی بطور مہمان خاص شریک رہے۔ نمائش میں فزکس، کیمسٹری اور بائیولوجی سے متعلق درجنوں پراجیکٹس ڈسپلے کیے گئے جن میں ویسٹ واٹر ٹریٹمنٹ، آٹومیٹک واٹر اریگیشن سسٹم، آٹومیٹک اوپن کلوز ڈور سسٹم، ہارٹ اینڈ کارڈیو ویسکولر ایمرجنسی، ماس یوز آف میڈیسن اور کاربن کیپچرنگ بائے یوزنگ کیلشیم ہائیڈروآکسائیڈ جیسے جدید ماڈلز توجہ کا مرکز رہے۔

کوئٹہ: ڈی آئی جی عمران شوکت اور ایس ایس پی آپریشن کے ہمراہ سید امر الدین آغا گیری و دیگر کا گروپ فوٹو

ادارہ برائے تحفظ ماحولیات حکومت بلوچستان

عوامی شنوائی

04 مارچ 2026ء کے اخبار میں شائع ہونے والے اشتہار کے تسلسل میں یہ مطلع کیا جاتا ہے کہ ... "کی ماحولیاتی اثرات کی تشخیص کی رپورٹ سے متعلق عوامی شنوائی، جو 03 اپریل 2026 کو منعقد ہونے کا اعلان ہوا تھا اب 06 اپریل 2026 کو اسی مقام اور وقت یعنی بلوچستان انوائرمینٹل پروٹیکشن ایجنسی ہال، کوئٹہ میں صبح 11 بجے منعقد کی جائے گی۔ تمام متعلقین / متاثرہ افراد اور عوام الناس سے درخواست ہے کہ نئی تاریخ کو نوٹ کریں اور اس کے مطابق شرکت کریں۔

ڈائریکٹر جنرل
ادارہ برائے تحفظ ماحولیات، حکومت بلوچستان

TENDER NOTICE

Only an electronic bid will be submitted. No physical bid is required Note: In All Procurements of the GOB, Whether Through Electronic or Manual Bid Submission. It is Mandatory for All Bidders to Get Registered at the Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The ASSISTANT DIRECTOR LOCAL GOVT KHUZDAR invites bids from Eligible Bidders for execution of the following works for the Year 2025-26 based on the Composite schedule rates 2023 on the Percentage Rate **Tender Fee 1500 PKR and Bid Security 4%**

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	Provision of Street Light, and Tuff Tiles Anjeera Zehri **TSE-252603991703**	79,208,096

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in the Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 3 assignments of a similar nature of work Turnover of at least 55,445,667 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm Registration with Pakistan Engineering council (PEC) C-4 and above (up to 200million) In Relevant Category and Specialized Code is CE01-(i) (Road and Pavements Drainage & Retaining Structure), EE11(i) (Solar), EE11(ii) (Solar Energy), EE11(iii) (Solar Energy system), EE11(vi) (Solar Installation), Ee11 (vv) (Installation of Solar Power LED Street Lighting System). **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of a Bank Guarantee, Deposit at Call of 4 % specified above in the name of the undersigned from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically fromwww.bppra.gob.pk **Issuance of Tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed atwww.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically, latest by 25 March 2026, till 10:00 AM through the supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on the same day at 11:00 AM on the EPPS System **Address:** Senior Assistant Director's Office, Khuzdar.
Phone no: 0848412571 **Email:** adlgkhuzdar@gmail.com

Senior Assistant Director
Assistant Director Local Govt Khuzdar

PRQ No.4053/05-03-2026
www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

ٹینڈر نوٹس

برائے خریداری روزمرہ Daily Lp ادویات مالی سال 2026/27

ا۔ کمبائنڈ ملٹری ہسپتال کوئٹہ میں روزانہ کی ادویات جو کہ بازار سے خریدی جاتی ہیں برائے مالی سال 2026/27 کیلئے سکیورٹی ایکسچینج کمیشن آف پاکستان اور خصوصی طور پر ڈائریکٹوریٹ جنرل ڈیفنس پرچیز سے رجسٹرڈ اچھی شہرت کی حامل فرمز اور منسٹری آف ہیلتھ گورنمنٹ آف پاکستان سے رجسٹرڈ فرمز سے ٹینڈر مطلوب ہیں۔ تمام فرم سیلز ٹیکس، انکم ٹیکس ڈیپارٹمنٹ سے رجسٹرڈ اور ایف بی آر کی ایکٹو لسٹ میں ہونا ضروری ہیں۔ تمام دلچسپی ظاہر کرنے والی پارٹیاں میڈیسن کی ریٹیل قیمت پر زیادہ سے زیادہ Discount Rebate ظاہر کریں۔
۲۔ ٹینڈر دستاویزات، تفصیلات اور شرائط نامہ میڈیکل سٹور آفس سے کسی بھی دن دفتری اوقات میں بعوض (Rs.5000/-) ناقابل واپسی ٹینڈر فیس دے کر حاصل کئے جا سکتے ہیں۔
۳۔ ٹینڈر جمع کروانے کی آخری تاریخ مورخہ 31 مارچ 2026 بوقت صبح 10 بجے میڈیکل سٹور آفس سی ایم ایچ کوئٹہ ہے اور ٹینڈر اسی دن مورخہ 31 مارچ 2026 بوقت صبح 11 بجے کانفرنس روم میں کھولے جائیں گے جن میں بولی دہندہ افراد یا ان کے نمائندوں کا موجود ہونا لازمی ہے۔
PPRA Rules 33(1) کے مطابق سی ایم ایچ کوئٹہ ایک یا ساری Bids کو کسی بھی وجہ سے منسوخ کر سکتا ہے۔
۴۔ یہ اشتہار PPRA کی ویب سائٹ wwww.ppra.org.pk پر بھی موجود ہوگا۔
۵۔ کسی بھی معلومات کے لیے سی ایم ایچ کوئٹہ کے میڈیکل سٹور آفیسر انچارج سے رابطہ کر سکتے ہیں۔
۶۔ PPRA Rules 36b کے مطابق سیل بند ٹینڈر ایک سنگل لفافے میں بند ہونا چاہیے جس کے اندر علیحدہ دو لفافے ہوں گے۔
الف۔ ایک لفافے کے اوپر Technical Proposal اور دوسرے لفافے کے اوپر Financial Proposal لکھا ہونا چاہیے۔
ب۔ ایک لفافے کے اوپر واضح طور پر Technical Proposal اور Financial Proposal تحریر ہو تاکہ Confusion سے بچا جائے۔

کرنل
برائے کمانڈنٹ
(محمد ذیشان علی)
فون نمبر: (226) 081-9202970

TENDER NOTICE

Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB The Chief Officer District Council Sibi invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2018 on Percentage Rates
Tender Fee 1000 PKR and Bid Security 2%

S. No	TSE Number	Name of Work's	Last Date and Time of Bid Submission	Tender Opening	Estimated Cost
1	TSE-252603991913	PROVIDING AND INSTALLATION OFHOME SOLAR SYSTEM AT DISTRICT COUNCIL OFFICE AND REST HOUSE VARIOUS PORTIONS DISTRICT COUNCIL SIBI	27 March, 2026 10:30 AM	11:30 AM	14,660,000
2	TSE-252603991813	PROVIDING AND INSTALLATION OF HOME SOLAR SYSTEM IN DISTRICT JAIL SIBI	27 March, 2026 10:30 AM	11:30 AM	4,500,000
3	TSE-252602975423	CONSTRUCTION OF B/T ROAD BANGUE BASHAM VILLAGE TEHSIL LEHRI DISTRICT SIBI (LENGTH 1.00 KM)	27 March, 2026 10:30 AM	11:30 AM	24,480,000
4	TSE-252602975433	CONSTRUCTION OF B/T ROAD HEJU MACHI VILLAGE TEHSIL LEHRI DISTRICT SIBI (LENGTH 0.610 KM)	27 March, 2026 10:30 AM	11:30 AM	16,506,000

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Eligibility Criteria for bidders may be seen in the Bidding Documents **Bidding Procedure:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Tender Documents:** The Bidding document can be downloaded from www.bppra.gob.pk (free of cost) and the same can also be obtained from the office of the under-signed upon payment of prescribed tender fee. **Address:** Chief Officer District Council Sibi
Phone no: 8339230088 Email: nil@gmail.com

CHIEF OFFICER DISTRICT COUNCIL SIBI

AB No.942/05-03-2026
www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

مشرق

چیف ایگزیکٹو۔ پرنٹر و پبلشر سید ممتاز احمد نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن ہالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایگزیکٹو سید ممتاز احمد

ٹیلی فون نمبر:۔ 2829164-2821538-2821626 فیکس نمبر:۔ 2830228-2835934

ای میل mashriqqta2008@gmail.com

جمعہ 06 مارچ 2026ء

عالمی کشیدگی اور توانائی کا ممکنہ بحران۔ منظم پیش بندی قابل ستائش !!

مشرق وسطیٰ میں بدستور جنگ کی صورتحال ہے۔ ایران کے خلاف امریکی و اسرائیلی حملے بھی جاری ہیں اور ایران کی جانب سے بھی وار جاری ہیں، جو پوری دنیا کے لئے بہت بڑا لمحہ فکریہ ہے۔ خطے میں بڑھتی ہوئی کشیدگی نہ صرف علاقائی سلامتی کو خطرے میں ڈال رہی ہے بلکہ عالمی معیشت، توانائی کی منڈیوں اور سفارتی توازن کو بھی ہلا کر رکھ دیا ہے۔ اس تصادم کے اثرات مشرق وسطیٰ کی سرحدوں تک محدود نہیں رہیں گے بلکہ یورپ، ایشیا اور افریقہ سمیت دنیا کے مختلف خطوں میں سیاسی و معاشی بے یقینی کو بڑھا سکتے ہیں۔ عالمی تجارت کے اہم بحری راستے خطرات کی زد میں ہیں، توانائی کی رسد متاثر ہونے کا خدشہ ہے اور مالیاتی منڈیاں اتار چڑھاؤ کا شکار ہیں۔ جنگ کسی بھی مسئلے کا پائیدار حل نہیں ہوتی۔ تاریخ گواہ ہے کہ طاقت کے استعمال سے وقتی برتری تو حاصل کی جا سکتی ہے مگر دیرپا امن صرف مذاکرات، باہمی احترام اور سفارتی بصیرت کے ذریعے ہی ممکن ہوتا ہے۔ آج جب دنیا کو موسمیاتی تبدیلی، غربت، بیماریوں اور معاشی عدم استحکام جیسے بڑے چیلنجز درپیش ہیں، ایسے میں ایک اور بڑے عسکری تصادم کی گنجائش نہیں۔ اس تناظر میں عالمی برادری پر بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ فوری جنگ بندی، کشیدگی میں کمی اور بامعنی مذاکرات کے آغاز کے لئے اپنا فعال اور متحرک کردار ادا کرے۔ اقوام متحدہ اور دیگر عالمی اداروں کو چاہئے کہ وہ ثالثی کے موثر اقدامات کریں، جبکہ بڑی طاقتیں اپنے اثر و رسوخ کو استعمال کرتے ہوئے تصادم کو پھیلنے سے روکیں۔ امن کی اہمیت صرف اخلاقی یا انسانی بنیادوں پر ہی نہیں بلکہ عملی و معاشی اعتبار سے بھی مسلمہ ہے۔ جنگی ماحول میں تیل اور گیس کی قیمتوں میں اضافہ، سپلائی چین کی رکاوٹیں اور سرمایہ کاری میں کمی جیسے عوامل عالمی معیشت کو سست روی کا شکار کر دیتے ہیں۔ ترقی پذیر ممالک، جو پہلے ہی قرضوں اور مالی دباؤ کا سامنا کر رہے ہوتے ہیں، ایسے بحرانوں سے سب سے زیادہ متاثر ہوتے ہیں۔ اس لئے یہ وقت جذباتی فیصلوں کا نہیں بلکہ دانشمندانہ قیادت اور ذمہ دارانہ سفارت کاری کا ہے۔ ایسے نازک عالمی حالات میں پاکستان کی ذمہ داری دوہری ہو جاتی ہے۔ ایک طرف اسے عالمی امن کے لئے مثبت آواز بلند کرنی ہے اور دوسری طرف اندرون ملک معاشی استحکام اور عوامی مفاد کا تحفظ یقینی بنانا ہے۔

حکومت پاکستان نے حالیہ علاقائی صورتحال کے تناظر میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں اور رسد کی نگرانی کے لئے جو اقدامات کئے ہیں، وہ قابل اطمینان اور بروقت ہیں۔ خطے میں ابھرتی ہوئی صورتحال کے پیش نظر پٹرول کی قیمتوں کی نگرانی کے لئے وزیراعظم کی جانب سے ایک خصوصی کمیٹی قائم ہوئی ہے جس کا اجلاس گزشتہ روز منعقد ہوا ہے کمیٹی کو بتایا گیا ہے کہ پٹرولیم مصنوعات کے قومی ذخائر اطمینان بخش سطح پر موجود ہیں اور اہم پٹرولیم مصنوعات کی مناسب مدت تک دستیابی یقینی ہے، تاہم کمیٹی نے اس بات کا نوٹس لیا کہ عالمی سپلائی چینز اور بحری نقل و حمل کے راستوں کو بڑھتے ہوئے خطرات اور اخراجاتی دباؤ کا سامنا ہے جس کے باعث صورتحال بدستور تغیر پذیر اور غیر یقینی ہے، لہٰذا مسلسل نگرانی اور محتاط منصوبہ بندی ضروری ہے۔ قائم کردہ کمیٹی کا اجلاس جمعرات کو وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں توانائی کے شعبے میں ہونے والی پیش رفت کا جائزہ لیا گیا اور قومی سطح پر تیاریوں کا اندازہ لگایا گیا، اجلاس میں توانائی کی علاقائی اور عالمی بدلتی ہوئی صورتحال پر غور ہوا اور صورتحال کے تناظر میں ملک بھر میں پٹرولیم مصنوعات کے ذخائر کی پوزیشن کا تفصیلی جائزہ لیا گیا کمیٹی نے اس بات کا نوٹس لیا کہ عالمی سپلائی چینز اور بحری نقل و حمل کے راستوں کو بڑھتے ہوئے خطرات اور اخراجاتی دباؤ کا سامنا ہے، جس کے باعث صورتحال بدستور تغیر پذیر اور غیر یقینی ہے، لہٰذا مسلسل نگرانی اور محتاط منصوبہ بندی ضروری ہے اجلاس کو تیل کی عالمی منڈی کی صورتحال عالمی بینچ مارک قیمتوں میں ردوبدل، فریٹ اور انشورنس اخراجات، بحری راستوں کی حرکیات اور اہم گزرگاہوں پر سپلائی کے ممکنہ دباؤ پر بریفنگ دی گئی کمیٹی نے مختلف سپلائی اور قیمتوں کے ممکنہ منظرناموں کا جائزہ لیا تاکہ ہنگامی حالات میں تیاری کی جا سکے اور مقامی توانائی کی رسد میں استحکام برقرار رکھا جا سکے۔ یہ پیشگی منصوبہ بندی اس بات کا ثبوت ہے کہ حکومت وقتی ردعمل کے بجائے منظم حکمت عملی کے تحت فیصلے کر رہی ہے۔ کمیٹی نے نوٹ کیا کہ وار پریمیم کے رجحانات، بالخصوص ایشیائی منڈیوں میں توانائی کے کارگوز کے حصول کے لئے بڑھتی ہوئی مسابقت کی وجہ سے، اگر عالمی منڈیوں میں اتار چڑھاؤ برقرار رہا تو بیرونی کھاتوں پر دباؤ بڑھ سکتا ہے۔ اس خدشے کے پیش نظر رسد کی یقینی دہانی کو مضبوط بنانے کے لئے جاری اقدامات کا بھی جائزہ لیا گیا اضافی خام تیل اور ریفائن شدہ پٹرولیم مصنوعات کے حصول کے لئے دوست ممالک اور شراکت دار سپلائرز کے ساتھ سفارتی اور تجارتی سطح پر رابطے جاری ہیں تاکہ متبادل راستوں اور بندرگاہوں کے ذریعے سپلائی کو یقینی بنایا جا سکے کمیٹی نے اس بات پر زور دیا کہ بیرون ملک سمگلنگ کی روک تھام اور ملک کے اندر بلاتعطل ترسیل کو یقینی بنانا اولین عملی ترجیح رہے گی۔ زمینی سطح پر فوری معلومات کے حصول اور خلاف ورزیوں کے خلاف سخت کارروائی جاری رکھی جائے گی تاکہ مصنوعی قلت یا ناجائز منافع خوری کا راستہ روکا جا سکے۔ یہ امر خوش آئند ہے کہ حکومت نہ صرف رسد کو یقینی بنانے پر توجہ دے رہی ہے بلکہ مارکیٹ ڈسپلن کو بھی برقرار رکھنے کے لئے سرگرم ہے۔ اراکین نے اس امکان پر بھی غور کیا کہ اگر تعطل برقرار رہتا ہے تو طلب کو موثر طریقے سے منظم کرنے کے لئے ہنگامی آپشنز اختیار کئے جا سکتے ہیں، جبکہ ترجیحی شعبوں کا تحفظ اور منڈی میں نظم برقرار رکھا جائے گا۔ وسیع تر تیاری کے منصوبے کے تحت ایندھن کے استعمال میں بچت کے مرحلہ وار اقدامات پر بھی غور کیا گیا، جو ماضی کی قومی ہنگامی صورتحال کے دوران اختیار کئے گئے ادارہ جاتی طریقہ کار سے اخذ کئے گئے ہیں موجودہ عالمی حالات میں یہ پیشگی اور منظم اقدامات قابل تحسین ہیں۔ حکومت کا یہ طرز عمل عوام کے اعتماد کو مضبوط کرتا ہے اور یہ پیغام دیتا ہے کہ حکومت اور متعلقہ ادارے حالات سے باخبر اور متحرک ہیں۔ اگرچہ عالمی منڈیوں میں اتار چڑھاؤ پاکستان جیسے درآمدی معیشت کے حامل ملک پر اثر انداز ہو سکتا ہے، تاہم بروقت منصوبہ بندی اور کثیر الجہتی حکمت عملی کے ذریعے ان اثرات کو کم کیا جا سکتا ہے۔ جنگ کے بادل جتنے گہرے ہوں، امن کی ضرورت اتنی ہی شدید ہو جاتی ہے۔ عالمی برادری کو چاہئے کہ وہ فوری طور پر کشیدگی کم کرنے اور مذاکرات کی راہ ہموار کرنے میں اپنا کردار ادا کرے۔

ٹرمپ کی قیادت میں امریکہ کو "دوبارہ عظیم" بنانے کی جدوجہد

برملا — نصرت جاوید

چڑیاں کھیت چگ گئیں!

قرطاس — ناصف اعوان

پاکستان کو تاریخ کے بدترین "اسٹریٹجک دباؤ" کا سامنا

پیامبر — قادر خان یوسف زئی

کیا امریکہ کو ایران میں مرضی کا لیڈر مل گیا ہے؟

تاثرات — سید مجاہد علی

میکنا کارٹا کی زندہ لاش

لعل و گوہر — روشن لعل

ادھر دوڑ لگی ہوئی ہے

اظہار خیال — خالد مسعود خان

کبھی کبھی وہ کالم لکھنا پڑتا ہے جس کو لکھنے پر دل راضی نہیں ہوتا مگر پھر بھی لکھنا پڑتا ہے۔ محض دل کی بھڑاس نکالنے کے لئے خود کو تسلی دینے کے لیے اور اپنی بے بسی کو راستہ دینے کے لیے۔ تاہم اس قسم کا کالم لکھتے ہوئے جن پابندیوں اور ضابطوں کا خیال رکھنا پڑتا ہے ان کے باعث دل کی بھڑاس بھی پوری طرح نہیں نکل پاتی۔ امریکی کاسہ لیسی میں مبتلا امت مسلمہ کے حکمرانوں تیل کی دولت سے لدے پھندے برادر اسلامی ممالک اور مقدس عماموں والے بادشاہوں کو جو کچھ کہنے کو دل کرتا ہے وہ سب کچھ سوشل میڈیا پر تو پوسٹ کیا جا سکتا ہے اخبار اس کی بھڑاس کا متحمل نہیں ہو سکتا۔

جو ایران کے ساتھ ہوا ہے نہ تو یہ پہلی بار ہوا ہے اور نہ ہی یہ معاملہ یہاں ختم ہو گا۔ یہ ایک تسلسل ہے جو جاری ہے اور ہر حکمران یہ سمجھ کر مطمئن ہے کہ یہ اس کے ساتھ نہیں ہو گا۔ اگر کسی کو اس بارے میں شک ہے تو یہ اس کی حماقت ہے وگرنہ بتانے والے سب کچھ کھل کر بتا رہے ہیں اور اس میں کوئی لاگ لپیٹ یا پردہ نہیں رکھ رہے۔ چند روز قبل اسرائیل میں امریکی سفیر مائیک ہکابی نے ایک امریکی مبصر ٹکر کارلسن سے پوچھا کہ اس کا نیل اور فرات کے درمیان والے علاقے کے بارے میں کیا خیال ہے امریکی سفیر نے کہا کہ "اگر اسرائیل یہ تمام علاقے لے لے تو یہ ٹھیک ہو گا"۔ امریکی سفیر کے اس بیان پر مسلم ممالک

عراق کی عسکری طاقت کو مکمل ختم کرنا ضروری تھا۔ لہٰذا تباہی پھیلانے والے ہتھیاروں کا ڈرامہ پوری جزئیات کے ساتھ رچایا گیا اور اس جھوٹ کو بنیاد بنا کر عراق پر جنگ تھوپی اور پھر اس پر قبضہ کر لیا گیا۔ اس دوران کسی نے بھی ان ہتھیاروں کی موجودگی کا کوئی ثبوت نہ مانگا اور عراق کو مکمل طور پر تباہ و برباد کر دیا گیا۔ بعد ازاں یہ ثابت ہو گیا کہ عراق کے پاس کسی قسم کے تباہی پھیلانے والے ہتھیار نہ تھے اور اس کا اعتراف بھی کر لیا گیا مگر طاقت کی کمینگی ملاحظہ فرمائیں کہ اس غلطی کے ازالے کیلئے عراق کو کسی قسم کا ہرجانہ ادا کرنے کے بجائے الٹا اس سے اس جنگ کا تاوان تیل کی صورت میں وصول کیا گیا۔ مقصد صرف رجیم چینج اور عراق کی عسکری تباہی تھا۔ پھر لیبیا کی باری آ گئی۔

تل نہ آئے۔ اصل مسئلہ صرف یہ تھا کہ اسرائیل کو مکمل اطمینان اور علاقے کا چودھری بنانے کیلئے

مشرق وسطیٰ کی آخری جنگ؟

گردوپیش — ڈاکٹر رشید احمد خان

Responsibility to Protect

عوامی اشتہارات
MASHRIQ CLASSIFIED

پوری قوم اپنے محافظوں کے ساتھ کھڑی ہے، ڈی سی نصیر آباد

ہمیشہ جنگ میں دشمنوں کے دانت کھٹے کئے، پاک آرمی سرحدوں پر ملکی سلامتی اور تحفظ کی جنگ لڑ رہی ہے

آج کی ریلی کا مقصد بھی یہی ہے کہ پوری قوم اپنے محافظوں کے ساتھ کھڑی ہے، ذوالفقار علی کرار کا خطاب

تھے جن پر پاک فوج کے حق میں نعرے درج تھے ریلی کے شرکاء سے نصیر آباد کے سیاسی و قبائلی شخصیت میر امداد حسین مری سمیت دیگر رہنماؤں نے خطاب کیا، ریلی اللہ ہو چوک سے ہو کر واپس ڈی سی آفس پہنچی شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے ... پاک آرمی سرحدوں پر ملکی سلامتی اور تحفظ کے لیے جنگ لڑ رہی ہے آج کی ریلی کا مقصد بھی یہی ہے کہ پوری قوم اپنے محافظوں کے ساتھ کھڑی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے احکامات کی روشنی میں پاک آرمی ... یہی ہے کہ پوری قوم اپنے محافظوں کے ساتھ کھڑی ہے اور انہیں یہ پیغام دیا جائے کہ پاکستانی عوام اپنی افواج کے ساتھ مکمل یکجہتی رکھتی ہے۔ ڈپٹی کمشنر نصیر آباد نے مزید کہا کہ آج کی ریلی میں عوام، افسران اور طلباء کی بھرپور شرکت اس بات کا ثبوت ہے کہ پاکستانی قوم متحد، منظم اور اپنے ملک کے دفاع کے لیے ہر وقت تیار ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاک فوج ہمارے لیے فخر کا باعث ہے اور اس کی قربانیاں پوری قوم کے لیے قابل احترام ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں اپنی بہادر افواج پر فخر ہے اور ہم ہمیشہ ان کے ساتھ کھڑے رہیں گے جبکہ نصیر آباد کے سیاسی و سماجی شخصیت میر امداد حسین مری کی قیادت میں پاک فوج کے حق میں مری ہاؤس ڈیرہ مراد جمالی سے ریلی نکالی گئی

خضدار میں مصنوعی مہنگائی، مرغی کے گوشت کی قیمت آسمان کو چھونے لگی

... خضدار میں مرغی کے گوشت کی قیمتوں میں اضافہ ہوا ہے عوام کی بار بار احتجاج کے باوجود مرغی ڈیلر مافیا ٹس سے مس نہیں ہو رہے ہیں خضدار کے عوامی حلقوں نے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ مرغی کے گوشت کی قیمت کو کنٹرول کر کے مہنگا مرغی گوشت فروخت کرنے والے دکانداروں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے اور عوام کو ریلیف فراہم کریں

وفاقی محتسب کی ہدایت پر عوامی شکایات کے ازالے کا سلسلہ جاری

خضدار (بیورو رپورٹ) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی ہدایت پر عوامی شکایات کے فوری ازالے کا سلسلہ جاری ہے۔ وفاقی محتسب سیکریٹریٹ ریجنل آفس خضدار کی مداخلت پر ساجی کرخ کی رہائشی خاتون کو بینظیر کفالت پروگرام کے تحت رکے ہوئے فنڈز جاری کروا دیئے گئے خضدار کے علاقے ساجی کرخ کی رہائشی تاج بی بی نے وفاقی محتسب سیکریٹریٹ میں درخواست دائر کی تھی کہ وہ بینظیر کفالت پروگرام کی اہل ہونے کے باوجود اپنے فنڈز کے حصول میں شدید مشکلات کا سامنا کر رہی تھیں۔ متعلقہ حکام کی جانب سے عدم تعاون پر انہوں نے انصاف کے لیے وفاقی محتسب سے رجوع کیا وفاقی محتسب کا ایکشن اور کامیابی درخواست موصول ہوتے ہی وفاقی محتسب خضدار نے فوری طور پر بینظیر انکم سپورٹ پروگرام (BISP) کے حکام سے جواب طلب کیا اور معاملے کی باقاعدہ پیروی کی۔ محتسب کے احکامات کی روشنی میں خاتون کے کیس کی فوری جانچ پڑتال مکمل کی گئی

اطلاع عام

دوکان نمبر TA-10 رقبہ 120 فٹ واقع ٹرک اڈہ سٹیلائٹ ٹاؤن کوئٹہ بنام حسام الدین ولد مرزا خان سے محمد اسماعیل ولد عبدالعلیم ٹرانسفر کرانا مقصود ہے اعتراض کی صورت میں پندرہ یوم کے اندر اندر کیو ڈی اے سے رابطہ کریں

R.No..........62844

گمشدگی شناختی کارڈ

میرا شناختی کارڈ نمبر 5430367061339 بنام مرزا احمد ولد عبدالعلیم اسٹنی روڈ کے ایریا میں کہیں گم ہو گیا ہے ملنے پر فون 03192200497 پر مطلع کریں

R.No..........62851

درستگی نام

میرا اصل نام محمد اجمل ہے جبکہ ایف اے کی سند میں غلطی سے اجمل خان درج ہوا ہے تصحیح کی جائے۔ المشتہر: محمد اجمل ولد عبدالقیوم (مرحوم) سکنہ کواس غربی ضلع زیارت

اسٹاف

یوسی تحصیل بھاگ کے زیر اہتمام افطار پروگرام کا انعقاد

... تقویٰ ایثار اور ہمدردی کا درس دیتا ہے موجودہ معاشی حالات میں ضرورت اس امر کی ہے کہ معاشرے کے صاحب استطاعت افراد کمزور اور مستحق افراد کا سہارا بنیں انہوں نے مزید کہا کہ جماعت سیاست کو محض اقتدار کا ذریعہ نہیں بلکہ عبادت اور عوامی خدمت کا موثر پلیٹ فارم سمجھتی ہے یہ مہینہ باہمی محبت اخوت کا پیغام دیتا ہے مولانا قاضی حماد اللہ نے کہا افطار پروگرام میں عوام اور کارکنان کی بڑی تعداد شرکت کر کے جماعت پر اعتماد کا اظہار کیا ہے آخر میں ملکی سلامتی عالمی امن اور اتحاد و یکجہتی کیلئے دعا کی گئی

ڈیرہ مراد جمالی، ڈی سی ذوالفقار علی کرار کی قیادت میں پاک فوج کے حق میں ریلی نکالی جارہی ہے

شیخ شاکر کو پوسٹل ورکرز فیڈریشن کا سیکریٹری منتخب ہونے مبارکباد

ملک بھر کے محنت کش ڈاک ملازمین کی ایک توانا آواز بن کر ابھرے ہیں

نصیر آباد (نامہ نگار) بلوچستان کے سینئر رہنما عبدالجبار ساسولی اور واجب علی بہرانی غلام یاسین سوٹی عبدالرحمن ساسولی امان اللہ ساسولی نے اپنے جاری کردہ مشترکہ بیان شیخ شاکر حسین کو پوسٹل ورکرز فیڈریشن پاکستان کا سیکریٹری جنرل منتخب ہونے پر دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے ان کی خدمات کو زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے۔ اپنے مشترکہ بیان میں عبدالجبار ساسولی نے کہا کہ شیخ شاکر حسین پوسٹل سروس ایمپلائیز یونین کے مرکزی جنرل سیکریٹری کی حیثیت سے ملک بھر کے محنت کش ڈاک ملازمین کی ایک توانا آواز بن کر ابھرے ہیں اور انہوں نے ہمیشہ ملازمین کے حقوق کے تحفظ، مسائل کے حل اور فلاح و بہبود کے لیے عملی جدوجہد کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ شیخ شاکر حسین ایک باکردار، اصول پسند اور مخلص رہنما ہیں جنہوں نے نہ صرف یونین کے تنظیمی ڈھانچے کو مضبوط کیا بلکہ ملازمین کے جائز مطالبات کو مؤثر انداز میں اعلیٰ حکام تک پہنچایا۔

ڈپٹی کمشنر کوہلو عظیم جان دومڑ کی زیر صدارت کھلی کچہری کا انعقاد

کھلی کچہریوں کا بنیادی مقصد عوام کو درپیش مسائل کو ان کی دہلیز پر حل کرنا ہے

کوہلو (نمائندہ مشرق) ضلعی انتظامیہ کے زیر اہتمام عوامی مسائل کے فوری اور مؤثر حل کے لیے ڈپٹی کمشنر کوہلو عظیم جان دومڑ کی زیر صدارت کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ کھلی کچہری میں ونگ کمانڈر 86 ونگ لیفٹیننٹ کرنل محمد علی خان، اسسٹنٹ کمشنر کوہلو کیپٹن (ر) کبیر مزاری، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر جعفر خان زرکون، ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن حفیظ اللہ مری، ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر خالد مری، ایم ایس ڈی ایچ کیو ڈاکٹر اصغر مری، ڈسٹرکٹ منیجر پی پی ایچ آئی مجیب الرحمن کاکڑ، ایکسین پی ایچ ای نیاز بلوچ، ایکسین روڈ انجینئر محبت مری، ایس ڈی او بلڈنگ انجینئر خدابیہ بلوچ، ڈپٹی ڈائریکٹر لائیو سٹاک ڈاکٹر بہادر شاہ زرکون، ڈی ایس پی مولاداد زرکون، ڈسٹرکٹ اسپورٹس آفیسر جمعہ خان مری، سوشل ویلفیئر کے میر زمان مری سمیت مختلف سرکاری محکموں کے افسران، مختلف یونین کونسلز کے چیئرمین، معززین علاقہ اور شہریوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ کھلی کچہری کے دوران شہریوں نے صحت، تعلیم، صاف پینے کے پانی، سڑکوں کی تعمیر و مرمت اور دیگر بنیادی سہولیات سے متعلق اپنے مسائل پیش کیے۔ ڈپٹی کمشنر نے موقع پر موجود متعلقہ افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے عوامی شکایات کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کا حکم دیا جبکہ بعض مسائل کے فوری حل کے لیے واضح ٹائم فریم بھی مقرر کیا گیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر عظیم جان دومڑ نے کہا کہ کھلی کچہریوں کے انعقاد کا بنیادی مقصد عوام کو درپیش مسائل کو ان کی دہلیز پر حل کرنا اور ضلعی انتظامیہ و عوام کے درمیان مربوط رابطہ قائم کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کے جائز اور حل طلب شکایات کا بروقت ازالہ انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے اور تمام سرکاری افسران کو ہدایت کی گئی ہے

اوستہ محمد، سینئر کانسٹیبلان کی ہیڈ کانسٹیبل کے عہدہ پر ترقی

اوستہ محمد (آن لائن) اوستہ محمد پولیس کی جانب سے سینئر کانسٹیبلان کو ہیڈ کانسٹیبل کے عہدہ پر ترقی اوستہ محمد پولیس کی جانب سے ضلع میں خدمات سرانجام دینے والے سینئر کانسٹیبلان کو ہیڈ کانسٹیبل کے عہدہ پر ترقی دے دی گئی۔ یہ ترقی ان کانسٹیبلان کو دی گئی جو عمر اور سروس کے اعتبار سے سینئر تھے اور ریٹائرمنٹ کے قریب پہنچ چکے تھے۔ یہ ترقی دراصل ان اہلکاروں کی پوری زندگی پولیس فورس میں دی گئی خدمات اور قربانیوں کے اعتراف کے طور پر دی گئی ہے جنہوں نے اپنی جوانی اور زندگی کا بڑا حصہ قانون کی بالادستی اور عوام کی خدمت کے لیے وقف کیا۔ ایس پی آفس اوستہ محمد میں منعقدہ ایک سادہ مگر باوقار تقریب میں ترقی پانے والے اہلکاروں کو نئے رینک لگائے گئے۔ اس موقع پر ترقی پانے والے اہلکاروں نے خوشی اور مسرت کا اظہار کیا

پولیس امن وامان کے قیام کیلئے موثر اقدامات کر رہی ہے، غلام حسین

اوستہ محمد (آن لائن) ایس پی اوستہ محمد غلام حسین باجوئی نے کہا کہ پولیس امن وامان کے قیام کیلئے موثر اقدامات کر رہی ہے پولیس عوام کے جان و مال کے تحفظ کیلئے کوئی سمجھوتہ نہیں کرے گی عوام کے تعاون کے بغیر امن کا قیام ممکن نہیں ہے لوگوں کے لئے میرے دروازے کھلے ہیں۔ کسی سے کوئی زیادتی نہیں ہونے دیں گے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ صحافت مقدس پیشہ ہے آج تک ہمارا صحافیوں سے اچھے تعلقات رہے اور صحافی بھی اپنا بہترین کردار پیش کر رہے ہیں ہمیں تعاون کی ضرورت ہے ایک اور سوال کے جواب پر انہوں نے کہا کہ نفری کی ضرورت ہے

پانی جیسے اہم مسئلے پر غفلت برداشت نہیں کی جائے گی، ذوالفقار علی

واٹر سپلائی اسکیموں کے تالابوں کو مشینری کے ذریعے بھرنے کا عمل تیز کیا جائے

پٹ فیڈر کینال کی بندش کے موقع پر بیدار پل کے مقام پر ہیڈ اپ کیا جائے گا

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) پٹ فیڈر کینال کی سالانہ بندش کے دوران عوام کو پینے کے صاف پانی کی فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے احکامات جاری کئے ہیں اس حوالے سے ڈپٹی کمشنر نصیر آباد کیپٹن ریٹائرڈ ذوالفقار علی کرار نے ایک اجلاس طلب کیا جس میں پٹ فیڈر کینال کی سالانہ بندش اور آبنوشی کے ذخائر کو بروقت بھرنے کے حوالے سے تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر ڈیرہ مراد جمالی بہادر خان کھوسہ، ایگزیکٹو انجینئر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ ظفر زہری، اسسٹنٹ کمشنر یونیز محمد تنگہ، تاثرہ نور، انجینئر انتظار حسین، نائب تحصیلدار مہتاب مری، مزمل حسین کورار، غلام یاسین شاہ اور ڈپٹی کمشنر نصیر آباد کے پی ایس منظور شیرازی سمیت دیگر متعلقہ آفیسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں پٹ فیڈر کینال کی سالانہ بندش کے دوران شہریوں کو درپیش ممکنہ مسائل اور پانی کی بلاتعطل فراہمی کے لیے پی ایچ ای کی جانب سے کیے جانے والے انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر ایگزیکٹو انجینئر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ ظفر زہری نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ پٹ فیڈر کینال کی سالانہ بندش کے پیش نظر ڈیرہ مراد جمالی کی تمام واٹر سپلائی اسکیموں کے تالابوں کو بھرنے کا عمل شروع کر دیا گیا ہے تاکہ بندش کے دوران شہریوں کو پینے کے پانی کی قلت کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ انہوں نے بتایا کہ محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کی ٹیمیں مختلف مقامات پر متحرک ہیں اور دستیاب وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے پانی کے ذخائر کو زیادہ سے زیادہ بھرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر نصیر آباد کیپٹن ریٹائرڈ ذوالفقار علی کرار نے کہا کہ پٹ فیڈر کینال کی بندش کے دوران عوام کو پانی کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے متعلقہ محکمے باہمی رابطے اور ہم آہنگی کے ساتھ کام کریں۔ انہوں نے ہدایت کی کہ تمام واٹر سپلائی اسکیموں کے تالابوں کو مشینری کے ذریعے جلد از جلد بھرنے کے عمل کو تیز کیا جائے

جھل مگسی پور، ضلعی انتظامیہ اور مزدور یونین کے زیر اہتمام پاک فوج کے حق میں ریلی نکالی جارہی ہے

جھل مگسی پور، چراغ فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام روزہ داروں کو افطار کرایا جارہا ہے

ضلع سبی میں نئے تعلیمی سال کے آغاز کے ساتھ داخلہ مہم کا آغاز

رواں سال 4521 نئے طلبہ و طالبات کے داخلے کا ہدف دیا گیا ہے

سبی (این این آئی) ضلع سبی میں نئے تعلیمی سال 2026ء کے آغاز کے ساتھ ہی داخلہ مہم کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر سبی عبدالستار لانگو نے ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن میل سبی عبدالغنی چیچو با، لیاقت علی لغاری، طارق الماس، مرزا اطہر بیگ، مسز نورین، یاسمین عمرانی کے ہمراہ پریس کانفرنس سے خطاب کیا۔ انہوں نے پریس کانفرنس میں بتایا کہ محکمہ تعلیم بلوچستان کی جانب سے ضلع سبی کو رواں سال 4521 نئے طلبہ و طالبات کے داخلے کا ہدف دیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نئے تعلیمی سال کا آغاز یکم مارچ سے ہو چکا ہے اور داخلہ مہم ایک ماہ تک جاری رہے گی۔ انہوں نے علماء کرام، قبائلی عمائدین، سول سوسائٹی، علاقہ کونسلرز، اور پرنٹ و الیکٹرانک میڈیا کے نمائندگان سے اپیل کی کہ وہ داخلہ مہم میں محکمہ تعلیم کا بھرپور ساتھ دیں اور اپنے اپنے علاقوں میں سکول سے باہر بچوں کو تعلیمی اداروں میں داخل کروانے میں کردار ادا کریں۔ افسران کا کہنا تھا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان کے وژن کے مطابق "ہر بچہ سکول جائے، روشن بلوچستان بنائے" کے خواب کو حقیقت بنانے کے لیے اجتماعی کوششیں ناگزیر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا مقصد ہے کہ ہر بچے کے ہاتھ میں کتاب ہو اور بلوچستان علم کی روشنی سے منور ہو۔ داخلہ مہم کے دوران واک اور سیمینارز کا بھی انعقاد کیا جائے گا تاکہ عوام میں تعلیم کی اہمیت کے حوالے سے شعور اجاگر کیا جاسکے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ داخل ہونے والے بچوں کو محکمہ تعلیم کی جانب سے مفت کتب، سکول بیگ، یونیفارم اور اسٹیشنری فراہم کی جائے گی۔ تعلیمی افسران نے اس عزم کا اظہار کیا کہ گرلز اور بوائز سکولوں میں روزانہ کی بنیاد پر داخلوں کا ڈیٹا اکٹھا کیا جائے گا اور مہم کو کامیاب بنانے کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ میڈیا، قبائلی عمائدین، علماء کرام اور سول سوسائٹی اس قومی مقصد میں بھرپور تعاون کریں گے۔

پاک فوج کی قیادت، شہداء کو خراج عقیدت پیش کرنے کیلئے ریلی کا انعقاد

شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی اور پاک فوج سے اپنی والہانہ محبت اور یکجہتی کا اظہار کیا

شرکاء کا پاک آرمی زندہ باد، پاکستان پائندہ باد اور شہداء ہمارے فخر ہیں کے فلک شگاف نعرے

جعفر آباد (ن خ) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے احکامات کی روشنی میں پاک فوج کی قیادت اور شہداء کی عظیم قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے ضلع جعفر آباد میں ایک عظیم الشان ریلی کا انعقاد کیا گیا۔ ریلی کی قیادت ڈپٹی کمشنر جعفر آباد خالد خان نے کی۔ ریلی کا آغاز ڈی سی آفس جعفر آباد سے ہوا جو شہر کے مختلف شاہراہوں اور اہم مقامات سے گزرتی ہوئی دوبارہ ڈی سی آفس پہنچ کر اختتام پذیر ہوئی۔ ریلی کے شرکاء نے ہاتھوں میں قومی پرچم، پلے کارڈز اور بینرز اٹھا رکھے تھے جن پر پاک فوج اور شہداء کے حق میں نعرے درج تھے۔ ریلی میں ضلعی افسران، مختلف محکموں کے نمائندے، سیاسی و سماجی شخصیات، قبائلی عمائدین، معتبرین علاقہ اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی اور پاک فوج سے اپنی والہانہ محبت اور یکجہتی کا اظہار کیا۔ ریلی کے شرکاء نے "پاک آرمی زندہ باد"، "پاکستان پائندہ باد" اور "شہداء ہمارے فخر ہیں" کے فلک شگاف نعرے لگائے جس سے پورا علاقہ گونج اٹھا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر جعفر آباد خالد خان نے کہا کہ موجودہ بین الاقوامی حالات کے تناظر میں پاک فوج کے جوان جس جرات، بہادری اور پیشہ وارانہ مہارت کے ساتھ ملکی سلامتی، دفاع اور استحکام کے لیے خدمات انجام دے رہے ہیں پوری قوم انہیں سرخ سلام پیش کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاک فوج نے ہر مشکل وقت میں اپنی قربانیوں سے وطن عزیز کا دفاع کیا ہے اور دشمن کے ناپاک عزائم کو ہمیشہ ناکام بنایا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان کی بہادر افواج نے ہمارے ازلی دشمن بھارت کے جارحانہ عزائم کو ماضی میں بھی ناکام بنایا اور ہر میدان میں اسے منہ توڑ جواب دیا جس کی مثالیں تاریخ میں ہمیشہ زندہ رہیں گی۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ پاکستان کی مسلح افواج ایک نڈر، بہادر اور منظم قوت ہے جو دشمن کے سامنے سیسہ پلائی دیوار کی مانند کھڑی رہتی ہے اور ملک کی سرحدوں کے تحفظ کے لیے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کرتی۔ انہوں نے کہا کہ پوری پاکستانی قوم اپنی افواج کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑی ہے اور ملک کے دفاع کے لیے ہر سطح پر یکجہتی کا مظاہرہ کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ شہداء کی قربانیاں قوم کا قیمتی سرمایہ ہیں جنہیں کبھی فراموش نہیں کیا جاسکتا اور ان کی بدولت آج ہم آزاد فضا میں سانس لے رہے ہیں۔ ریلی کے اختتام پر ملک کی سلامتی، استحکام اور شہداء کے درجات کی بلندی کے لیے خصوصی دعا بھی کی گئی۔

گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول میرواہ میں داخلہ مہم کے سلسلے میں آگاہی واک

مقصد علاقے کے بچوں اور والدین کو تعلیم کی اہمیت و افادیت سے آگاہ کرنا تھا

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول میرواہ میں آج 5 مارچ کو داخلہ مہم کے سلسلے میں ایک پر جوش، شاندار اور بامقصد آگاہی واک کا انعقاد کیا گیا۔ اس واک کا بنیادی مقصد علاقے کے بچوں اور والدین کو تعلیم کی اہمیت و افادیت سے آگاہ کرنا اور زیادہ سے زیادہ طلبہ کو اسکول میں داخلہ لینے کی ترغیب دینا تھا۔ واک میں اساتذہ کرام، طلبہ اور معززین علاقہ نے بھرپور جوش و خروش اور ذمہ داری کے احساس کے ساتھ شرکت کی اور تعلیم دوستی کا عملی مظاہرہ پیش کیا۔ اس موقع پر ڈی ڈی او ڈیرہ مراد جمالی میر مقبول احمد عمرانی صاحب، جی ٹی اے نصیر آباد کے ڈپٹی سیکریٹری مٹھا خان سیال، میر رحم علی خان عمرانی، آصف علی ابڑو صاحب سمیت علاقے کے معزز والدین اور فیڈر اسکولز کے قابل احترام اساتذہ کرام نے خصوصی شرکت کر کے اس مہم کی اہمیت کو مزید اجاگر کیا۔ معزز مہمانوں نے اپنے خطاب میں کہا کہ تعلیم ہی وہ روشن چراغ ہے جو قوموں کی تقدیر سنوارتا اور معاشروں کو ترقی و خوشحالی کی راہ پر گامزن کرتا ہے۔ لہٰذا ہر والدین کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے بچوں کو زیور تعلیم سے آراستہ کریں تاکہ وہ مستقبل میں ایک باشعور، باصلاحیت اور ذمہ دار شہری بن کر ملک و قوم کی خدمت کر سکیں۔ واک کے دوران شرکاء نے تعلیم کے فروغ کے لیے مختلف پر جوش اور حوصلہ افزا نعرے بلند کیے اور داخلہ مہم کو کامیاب بنانے کے عزم کا اعادہ کیا۔ اساتذہ کرام نے اس بات پر زور دیا کہ گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول میرواہ میں طلبہ کو معیاری تعلیم، بہترین تعلیمی ماحول اور بہتر تربیت فراہم کی جارہی ہے تاکہ وہ اپنی صلاحیتوں کو بھرپور انداز میں نکھار سکیں اور زندگی کے مختلف میدانوں میں کامیابی حاصل کریں۔ یہ داخلہ واک نہ صرف تعلیمی شعور بیدار کرنے کا ایک مؤثر ذریعہ ثابت ہوئی بلکہ اس نے معاشرے میں تعلیم کے فروغ کے لیے اجتماعی ذمہ داری اور شعور کو بھی اجاگر کیا۔ امید کی جاتی ہے کہ اس مہم کے مثبت اور دور رس نتائج برآمد ہوں گے اور زیادہ سے زیادہ بچے اسکول میں داخلہ لے کر اپنے روشن اور کامیاب مستقبل کی بنیاد رکھیں گے۔

چھتر، اکلل گورنمنٹ نصیر آباد کے ڈپٹی ڈائریکٹر احمد نواز مگسی کی قیادت میں پاک فوج کے حق میں ریلی نکالی جارہی ہے

ڈپٹی ڈائریکٹر ایجوکیشن عبدالرؤف جمالی مدت ملازمت مکمل ہونے پر ریٹائر

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) نصیر آباد کے ڈویژنل ڈپٹی ڈائریکٹر ایجوکیشن عبدالرؤف جمالی اپنی ساٹھ سالہ مدت ملازمت مکمل ہونے پر ریٹائر ہو گئے۔ اس موقع پر آفس اسٹاف کی جانب سے ان کے اعزاز میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں ان کی خدمات کو سراہا گیا اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا گیا۔ عبدالرؤف جمالی نے اپنی ذمہ داریاں نہایت دیانتداری، محنت اور خلوص کے ساتھ سرانجام دیں۔ ان کا خوش اخلاق رویہ، تعاون کا جذبہ اور پیشہ ورانہ مہارت ہمیشہ ہمارے لیے قابل تقلید رہی۔

زرعی انکم ٹیکس حکومتی آمدن کا ایک اہم ذریعہ ہے، ڈپٹی کمشنر کچھی

ٹیکس وصولی میں کسی قسم کی غفلت، سستی یا غیر ضروری رعایت ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی، جمعہ داد خان

حکومتی محصولات کی بروقت وصولی سے عوامی فلاحی اسکیموں اور سرکاری امور کی انجام دہی میں استحکام آتا ہے

کچھی (ن خ) زرعی انکم ٹیکس و دیگر گورنمنٹ کے بقایاجات کی وصولی کے حوالے سے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے احکامات کی روشنی میں اقدامات کو یقینی بنانے کے حوالے سے آج ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) جمعہ داد خان مندوخیل کی زیر صدارت ایک اہم ریونیو اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں ضلع بھر کے تحصیلداروں، نائب تحصیلداروں، قانونگوؤں اور پٹواریوں نے شرکت کی۔ اجلاس کا بنیادی مقصد زرعی انکم ٹیکس کی وصولی کے عمل کا جائزہ لینا، درپیش مسائل کی نشاندہی کرنا اور وصولیوں کے عمل کو مزید مؤثر بنانا تھا اجلاس کے دوران تحصیل سطح پر زرعی انکم ٹیکس کی موجودہ صورتحال، اہداف اور اب تک کی کارکردگی پر تفصیلی بریفنگ دی گئی ڈپٹی کمشنر نے مختلف تحصیلوں کی کارکردگی کا تقابلی جائزہ لیا اور جہاں وصولیوں کی رفتار سست پائی گئی وہاں فوری بہتری لانے کی ہدایت جاری کی شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر کچھی کیپٹن (ر) جمعہ داد خان مندوخیل نے واضح کیا کہ زرعی انکم ٹیکس حکومتی آمدن کا ایک اہم ذریعہ ہے، جس کی بروقت اور شفاف وصولی نہایت ضروری ہے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ ٹیکس وصولی میں کسی قسم کی غفلت، سستی یا غیر ضروری رعایت ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔ تمام ریونیو افسران اور اہلکار اپنی ذمہ داریاں دیانتداری، شفافیت اور پیشہ ورانہ مہارت کے ساتھ ادا کریں انہوں نے مزید کہا کہ حکومتی محصولات کی بروقت وصولی سے ترقیاتی منصوبوں، عوامی فلاحی اسکیموں اور سرکاری امور کی انجام دہی میں استحکام آتا ہے اس لیے ریونیو عملہ باہمی رابطے کو مضبوط بناتے ہوئے مربوط حکمت عملی اپنائے، فیلڈ میں متحرک کردار ادا کرے اور مقررہ اہداف کے حصول کو یقینی بنایا جائے اجلاس کے اختتام پر ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ تمام تحصیلدار اپنی اپنی حدود میں باقاعدہ مانیٹرنگ کا نظام فعال کریں، ہفتہ وار کارکردگی رپورٹ پیش کریں اور ٹیکس دہندگان کے ساتھ مؤثر رابطہ قائم کر کے محصولات کی وصولی کے عمل کو مزید تیز اور شفاف بنایا جائے۔

بعدالت اسپیشل جج انسداد دہشت گردی خضدار

اشتہار زیر دفعہ 87 ضابطہ فوجداری پاکستان ہمراہ دفعہ (10) 19 انسداد دہشت گردی ایکٹ 1997

مقدمہ نمبر 58/25 CTD خضدار (1) مسمی فرزانہ عثمان دختر محمد عثمان (2) عمیر احمد (3) آسیہ دختر محمد ظاہر (4) بی بی صباء دختر محمد ظاہر جرم زیر دفعہ (i) 7 (1) (2) 27 F X (2) 6 (C) 11F کے مرتکب ہوئے ہیں یا ان پر ارتکاب جرم کا شبہ ہے از روئے کیفیت تعمیل وارنٹ گرفتاری جو بہ طبق نالش متعلق جاری ہوا ہے کہ مسمیان مذکورہ دستیاب نہیں ہو سکتے اور ہرگاہ حسب اطمینان ہمارے ثابت ہوا ہے کہ ملزمان مذکورہ بالا فرار ہو گئے ہیں یا انہوں نے وارنٹ گرفتاری کی تعمیل سے گریز کرنے کیلئے اپنے تئیں روپوش کئے ہیں۔ لہٰذا اس اشتہار کی رو سے حکم دیا جاتا ہے کہ مسمیان (1) فرزانہ (2) عمیر احمد (3) آسیہ بی بی (4) بی بی صباء دختر محمد ظاہر کو لازم ہے کہ بتاریخ 20-03-2026 کو عدالت انسداد دہشت گردی بمقام خضدار میں جواب دہی نالش کیلئے حاضر ہو جائے۔

اسپیشل جج انسداد دہشتگردی کورٹ خضدار

PRQ No 4060/05-03-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت ثناء اللہ خان لونی تحصیلدار اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول بوری لورالائی

اشتہار برائے عوام الناس

ہرگاہ خاص و عام کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ مسمی غازی خان نے شرعی فتویٰ پیش کیا ہے کہ میرا والد ولی محمد ولد حاجی طوران بقضائے الٰہی فوت ہو چکا ہے بروئے شرعی فتویٰ مرحوم کے جائز وارثان روزی خان۔ سید خان۔ غازی خان۔ عزیز خان۔ محمد داؤد شاہ۔ شبانہ۔ سعدو زئی۔ گل پائیہ۔ یاسورہ۔ شاہ لونی بی پسران و دختران ولی محمد ہیں ان کے علاوہ کوئی جائز وارث نہیں متوفی مذکور کی جائیداد موضع سیول میں درج ریکارڈ ہے جسکا انتقال وراثت ہونا ہے اگر کسی شخص یا ادارے کو کوئی عذر اعتراض ہو تو 10 یوم کے اندر دفتر زیر دستخط حاضر ہو کر پیش کریں بصورت دیگر انتقال وراثت بحق جائز وارثان درج و تصدیق کیا جائیگا اسکے بعد کوئی عذر اعتراض قابل قبول نہ ہوگا اشتہار ہذا آج مورخہ 4.3.2026 کو ہمارے دستخط و مہر سے جاری ہوا

نمائندہ لورالائی

بعدالت اسپیشل جج انسداد دہشت گردی خضدار

اشتہار زیر دفعہ 87 ضابطہ فوجداری پاکستان ہمراہ دفعہ (10) 19 انسداد دہشت گردی ایکٹ 1997

مقدمہ نمبر 16/25 CTD خضدار (1) مسمی فرزانہ عثمان دختر محمد عثمان (2) عمیر احمد ولد محمد ظاہر (3) آسیہ بی بی دختر محمد ظاہر (4) بی بی صباء دختر محمد ظاہر جرم زیر دفعہ (1) 7 (E) (2) 6 ATA 07 (F) (c) (d) (c) 11A (i) (1) 7 (2) کے مرتکب ہوئے ہیں یا ان پر ارتکاب جرم کا شبہ ہے از روئے کیفیت تعمیل وارنٹ گرفتاری جو بہ طبق نالش متعلق جاری ہوا ہے کہ مسمیان مذکورہ دستیاب نہیں ہو سکتے اور ہرگاہ حسب اطمینان ہمارے ثابت ہوا ہے کہ ملزمان مذکورہ بالا فرار ہو گئے ہیں یا انہوں نے وارنٹ گرفتاری کی تعمیل سے گریز کرنے کیلئے اپنے تئیں روپوش کئے ہیں۔ لہٰذا اس اشتہار کی رو سے حکم دیا جاتا ہے کہ مسمیان (1) فرزانہ (2) عمیر احمد (3) آسیہ بی بی (4) بی بی صباء کو لازم ہے کہ بتاریخ 20-03-2026 کو عدالت انسداد دہشت گردی بمقام خضدار میں جواب دہی نالش کیلئے حاضر ہو جائے۔

اسپیشل جج انسداد دہشتگردی کورٹ خضدار

PRQ No 4062/05-03-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت جناب شیر علی کاکڑ سول جج باختیار ڈسٹرکٹ جج بارکھان

درخواست جانشینی نمبر 07/2026 آئندہ تاریخ پیشی 12/03/2026

1۔ نجمہ بیوہ میر جان 2۔ محمد عرفان 3۔ محمد حمزہ 4۔ ماریہ 5۔ محمد حارث مرحوم میر جان اقوام چوٹی ساکنان بستی چوٹی تحصیل و بارکھان بنام عوام الناس

درخواست برائے حصول جانشینی سرٹیفکیٹ مرحوم میر جان ولد پایند خان قوم چوٹی پنشن واجبات وغیرہ منتقل فرمانے ماہانہ پنشن از خزانہ سرکار زیر دفعہ 372 جانشینی ایکٹ 1925 مبلغ -/8756380 روپے

اشتہار بنام عوام الناس:۔ ہرگاہ درخواست جانشینی سرٹیفکیٹ عنوان بالا سائلان نے عدالت میں گذاری ہے جسکی آئندہ تاریخ سماعت مورخہ 12/03/2026 کو مقرر ہو چکی ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار ہذا عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے۔ کہ درخواست کی بابت اگر کسی کو کوئی اعتراض اعذر ہو تو مقررہ تاریخ پیشی پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہو کر درخواست کی پیروی کریں۔ بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی آج مورخہ 04/032026 کو میرے دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا

نمائندہ بارکھان

بعدالت اسپیشل جج انسداد دہشت گردی مستونگ

اشتہار بحکم احضار شخص ملزمان زیر دفعہ (87 ض ف) (10) 19 انسداد دہشت گردی ایکٹ 1997

ATC کیس نمبر 38/2025 FIR نمبر 204/2025 سرکار بنام: ناصر علی وغیرہ

OFFENCE UNDER 7 ATA ,7 (1) FF,11F (1) (2) (6)

CTD بلوچستان کوئٹہ مسمیان ناصر علی ولد تاماز خان قوم کرد ساکن مرو مستونگ، کمانڈر سمارٹ، کمانڈر صادق عرف طارق جرم بالا کا مرتکب ہوئے ہیں یا ان پر ارتکاب جرم کا شبہ ہے از روئے کیفیت تعمیل وارنٹ گرفتاری جو بہ طبق نالش جاری ہوا ہے کہ مسمیان مذکورہ دستیاب نہیں ہو سکتا اور ہرگاہ حسب اطمینان ہمارے ثابت ہوا ہے کہ ملزمان مذکورہ بالا فرار ہو گیا ہے یا اس نے وارنٹ گرفتاری کی تعمیل سے گریز کرنے کیلئے اپنے تئیں روپوش کیا ہے لہٰذا اس اشتہار کی رو سے حکم دیا جاتا ہے کہ مسمیان بالا کو لازم ہے کہ وہ مقررہ تاریخ پیشی 30 مارچ 2026 کو عدالت انسداد دہشت گردی بمقام مستونگ میں جواب دہی نالش کیلئے حاضر ہو جائیں۔

اسپیشل جج انسداد دہشتگردی مستونگ

PRQ No 4066/05-03-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت سول جج / فیملی جج بارکھان

درخواست جانشینی نمبر 06/2026 آئندہ تاریخ پیشی 12/03/2026

1۔ شازیہ بی بی بیوہ محمد خان 2۔ محمد کامران ولد محمد خان اقوام لیمہ سکنہ لیمہ سید خان تحصیل و بارکھان بنام عوام الناس

درخواست برائے حصول جانشینی سرٹیفکیٹ مرحوم محمد خان ولد جمعہ خان پنشن واجبات وغیرہ منتقل فرمانے ماہانہ پنشن از خزانہ سرکار زیر دفعہ 372 جانشینی ایکٹ 1925

اشتہار بنام عوام الناس:۔ ہرگاہ درخواست جانشینی سرٹیفکیٹ عنوان بالا سائلان نے عدالت میں گذاری ہے جسکی آئندہ تاریخ سماعت مورخہ 12/03/2026 کو مقرر ہو چکی ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار ہذا عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درخواست کی بابت اگر کسی کو کوئی اعتراض اعذر ہو تو مقررہ تاریخ پیشی پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہو کر درخواست کی پیروی کریں۔ بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی آج مورخہ 03/032026 کو میرے دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا

نمائندہ بارکھان

بعدالت اسپیشل جج انسداد دہشت گردی سبی

اشتہار زیر دفعہ 87 ضابطہ فوجداری پاکستان ہمراہ دفعہ 19 (10) ATA

AT نمبر 01/2026 FIR نمبر 50/25 سرکار بنام:۔ فرحان عرف ننھو ولد وڈیرہ آدم خان قوم جتوئی سکنہ سبی ضلع کچھی PS سی ٹی ڈی سبی

جرم زیر دفعہ 7 (1) (b) ,h (FF) ATA 3-4 Explosive Act

ہرگاہ ہمارے روبرو نالش پیش ہوئی ہے کہ مسمی فرحان ننھی عرف ننھو ولد وڈیرہ آدم خان قوم جتوئی سکنہ سبی ضلع کچھی جرم بالا کے جس کی سزا مذکورہ بالا دفعات میں مقرر ہے مرتکب ہوا ہے (یا اس کے ارتکاب پر شبہ ہے) اور از روئے ریٹرن یعنی کیفیت تعمیل وارنٹ گرفتاری کے جو بہ طبق اس نالش کے جاری ہوا تھا معلوم ہوا ہے کہ مسمی مذکورہ بالا دستیاب نہیں ہو سکتا اور ہرگاہ حسب اطمینان ہمارے ثابت ہوا ہے کہ مذکورہ بالا فرار ہو گیا ہے یا اس نے وارنٹ کی تعمیل سے گریز کرنے کیلئے اپنے تئیں روپوش کیا ہے لہٰذا اس اشتہار کی رو سے حکم دیا جاتا ہے کہ وہ بتاریخ 27-03-2026 کو عدالت ہذا بمقام سبی نالش مذکور کی قلمبندی کیلئے حاضر ہو۔

اسپیشل جج انسداد دہشتگردی کورٹ سبی

PRQ No 4058/05-03-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

اشتہار برائے کرایہ پرائیوٹ بلڈنگ

ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس، کاؤنٹر ٹیرارزم ڈیپارٹمنٹ بلوچستان، کوئٹہ کو ضلع اوستہ محمد میں دفتر کے قیام کے لیے ایسے مکان یا بلڈنگ درکار ہے جس میں کم از کم 7 کمرے اور 3 گاڑیوں کی پارکنگ کی جگہ موجود ہو۔ مکان یا بلڈنگ کا رقبہ تقریباً 5000 مربع فٹ ہو اور وہ اوستہ محمد شہر کے اندر واقع ہو۔ اپنی تجویز 15 دن کے اندر ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس کاؤنٹر ٹیرارزم ڈیپارٹمنٹ بلوچستان لنک اسپنی روڈ کوئٹہ کے دفتر میں بذریعہ ڈاک یا فیکس جمع کروائیں۔ مزید معلومات کیلئے سی ٹی ڈی بلوچستان کے سرکاری ٹیلی فون نمبر 081-9213465 پر رابطہ کریں اور فیکس نمبر 081-9213462 اپنی تجویز ارسال کریں۔

برائے ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس کاؤنٹر ٹیرارزم ڈیپارٹمنٹ بلوچستان کوئٹہ

PRQ No 4068/05-03-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت جناب سول جج III صاحب کوئٹہ

مثل نمبر 12/2025 آئندہ تاریخ پیشی 25/3/2026

بمقدمہ جمال احمد شاہ بنام بخت محمد وغیرہ (دعویٰ دیوانی)

اشتہار بنام مدعا علیہ نمبر 3 نذیر احمد مدعا علیہ نمبر 4 نصرت بی بی ولدیت محمد عالم ماں کا نام خدیجہ مرحومہ دختر حاجی یار محمد ساکنان بدو منو جان روڈ کوئٹہ

ہرگاہ مقدمہ مندرجہ عنوان بالا عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے جس کی آئندہ تاریخ پیشی / سماعت مقررہ 25/3/2026 کیلئے مقرر ہو چکی ہے درج بالا مقدمہ ہذا میں مدعا علیہ نمبر 3 نذیر احمد مدعا علیہ نمبر 4 نصرت بی بی ولدیت محمد عالم ماں کا نام خدیجہ مرحومہ دختر حاجی یار محمد ساکنان بدو منو جان روڈ کوئٹہ عدالت ہذا کے سمن / نوٹس لینے سے دیدہ و دانستہ طور پر گریزاں ہیں اور کہیں روپوش ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار درج بالا مدعا علیہ نمبر 3,4 کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آئندہ تاریخ سماعت کو اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہو کر مقدمے کی پیروی کریں بصورت دیگر یکطرفہ قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی آج بتاریخ 24/2/2026 کو بدستخط میرے و مہر عدالت سے جاری ہوا

62853

بعدالت فیملی جج (2) کوئٹہ

مثل نمبر 11/2026 درخواست گارڈین

1۔ عروج بیوہ مرحوم میر محمد ہارون رئیسانی 2۔ زینب میر نابالغہ 3۔ قمر النساء نابالغہ درخواست گزار نمبر 1 والدہ نابالغان درخواست گزاران نمبر 2 تا 3 نابالغان بذریعہ حقیقی سرپرست درخواست گزار نمبر 1 والدہ سکنہ رئیسانی روڈ کوئٹہ بنام عوام الناس

اشتہار بنام عوام الناس:۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے جس کی آئندہ تاریخ سماعت 12/3/2026 مقرر ہو چکی ہے بذریعہ اشتہار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درخواست ہذا کی بابت کسی کو کسی قسم کی کوئی اعتراض ہو تو مقررہ تاریخ سماعت پر حاضر عدالت ہذا ہو کر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی اشتہار ہذا آج بمورخہ 26/02/2026 کو بدستخط میرے و مہر عدالت سے جاری ہوا

62849

بعدالت اسپیشل جج انسداد دہشت گردی مستونگ

اشتہار بحکم احضار شخص ملزمان زیر دفعہ (87 ض ف) (10) 19 انسداد دہشت گردی ایکٹ 1997

ATC کیس نمبر 03/2026 FIR نمبر 209/2025 سرکار بنام: اختر ندیم وغیرہ

OFFENCE UNDER 7 ATA ,7 (1) (b) 7 (1) (c) 7 (1) (d)

CTD بلوچستان کوئٹہ مسمیان اختر ندیم عرف میجر گہرام عرف بشام ولد لعل بخش قوم بلوچ ساکن گورجک مشکے آواران (ترجمان بی ایل اے) ڈاکٹر اللہ نذر ولد نبی بخش قوم محمد حسنی ساکن مشکے آواران جرم بالا کا مرتکب ہوئے ہیں یا ان پر ارتکاب جرم کا شبہ ہے از روئے کیفیت تعمیل وارنٹ گرفتاری جو بہ طبق نالش جاری ہوا ہے کہ مسمیان مذکورہ دستیاب نہیں ہو سکتا اور ہرگاہ حسب اطمینان ہمارے ثابت ہوا ہے کہ ملزمان مذکورہ بالا فرار ہو گیا ہے یا اس نے وارنٹ گرفتاری کی تعمیل سے گریز کرنے کیلئے اپنے تئیں روپوش کیا ہے لہٰذا اس اشتہار کی رو سے حکم دیا جاتا ہے کہ مسمیان بالا کو لازم ہے کہ وہ مقررہ تاریخ پیشی 28 مارچ 2026 کو عدالت انسداد دہشت گردی بمقام مستونگ میں جواب دہی نالش کیلئے حاضر ہو جائیں۔

اسپیشل جج انسداد دہشتگردی مستونگ

PRQ No 4065/05-03-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

از دفتر نائب تحصیلدار برشور

اشتہار بنام عوام الناس

درخواست بغرض N.O.C الاٹمنٹ برائے (ائی ٹی) موضع شین کچ، مرغہ، کی ترمہ، چینار، کسی، مدیا شاہ و یزائی

ہر عام و خاص کو مطلع کیا جاتا ہے کہ ایم ایس غلام عباس اینڈ برادرز قوم کاکڑ احمد خیل اصف عباس ولد غلام عباس قوم کاکڑ احمد خیل کلی ترمہ نے درخواست بغرض N.O.C الاٹمنٹ (ائی ٹی) گزاری ہے جس کی کوارڈینس مندرجہ ذیل ہے یہ کہ مذکورہ جگہ مندرجہ بالا موضعات کے درمیانی بادیہ و لیازی سلسلہ ہیں

E.2960064.00	N.817008.00
2961883.00	818104.00
2961884.00	819318.00
2964245.00	819974.00
2964020.00	817846.00
2961743.00	815666.00
2961227.00	817027.00
2960788.00	816266.00

لہٰذا اگر N.O.C الاٹمنٹ (ائی ٹی) پر کسی بھی شخص زمیندار علاقہ یا دیگر کسی بھی ادارے وغیرہ کو کوئی اعتراض ہے تو اشتہار کے جاری ہونے کے پندرہ (15) ایام کے اندر اندر اپنا تحریری عذر دفتر ہذا میں پیش کرے اشتہار آج مورخہ 4/3/026 کو بدستخط میرے دفتر و مہر عدالت سے جاری ہوا

بعدالت اسپیشل جج انسداد دہشت گردی مستونگ

اشتہار بحکم احضار شخص ملزمان زیر دفعہ (87 ض ف) (10) 19 انسداد دہشت گردی ایکٹ 1997

ATC کیس نمبر 04/2026 FIR نمبر 214/2025 سرکار بنام: اختر ندیم وغیرہ

OFFENCE UNDER 7 ATA ,7 (1) (b) 7 (1) (c) 7 (1) (d)

CTD بلوچستان کوئٹہ مسمیان اختر ندیم عرف میجر گہرام عرف بشام ولد لعل بخش قوم بلوچ ساکن گورجک مشکے آواران (ترجمان بی ایل اے) ڈاکٹر اللہ نذر ولد نبی بخش قوم محمد حسنی ساکن مشکے آواران جرم بالا کا مرتکب ہوئے ہیں یا ان پر ارتکاب جرم کا شبہ ہے از روئے کیفیت تعمیل وارنٹ گرفتاری جو بہ طبق نالش جاری ہوا ہے کہ مسمیان مذکورہ دستیاب نہیں ہو سکتا اور ہرگاہ حسب اطمینان ہمارے ثابت ہوا ہے کہ ملزمان مذکورہ بالا فرار ہو گیا ہے یا اس نے وارنٹ گرفتاری کی تعمیل سے گریز کرنے کیلئے اپنے تئیں روپوش کیا ہے لہٰذا اس اشتہار کی رو سے حکم دیا جاتا ہے کہ مسمیان بالا کو لازم ہے کہ وہ مقررہ تاریخ پیشی 28 مارچ 2026 کو عدالت انسداد دہشت گردی بمقام مستونگ میں جواب دہی نالش کیلئے حاضر ہو جائیں۔

اسپیشل جج انسداد دہشتگردی مستونگ

PRQ No 4064/05-03-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

از دفتر نائب تحصیلدار برشور

اشتہار بنام عوام الناس

درخواست بغرض N.O.C الاٹمنٹ برائے (ائی ٹی) موضع ترمہ موضع مزار تری موضع صور تال موضع خشکابہ لیازی موضع سوئی جپہ زیارت تحصیل برشور ضلع پشین

ہر عام و خاص کو مطلع کیا جاتا ہے کہ ایم ایس غلام عباس اینڈ برادرز قوم کاکڑ احمد خیل ساکن ترمہ اصف عباس ولد غلام عباس قوم کاکڑ احمد خیل کلی ترمہ نے درخواست بغرض N.O.C الاٹمنٹ (ائی ٹی) گزاری ہے جسکی کوارڈینس مندرجہ ذیل ہے یہ کہ مذکورہ جگہ مندرجہ بالا موضعات کے درمیانی بادیہ و لیازی سلسلہ میں واقع ہیں

E.2959521.33	N.831612.08
2965123.00	835080.00
2965787.78	834138.22
2963604.00	831087.00
2960161.79	829781.56

لہٰذا اگر N.O.C الاٹمنٹ (ائی ٹی) پر کسی بھی شخص زمیندار علاقہ یا دیگر کسی بھی ادارے وغیرہ کو کوئی اعتراض ہے تو اشتہار کے جاری ہونے کے پندرہ (15) ایام کے اندر اندر اپنا تحریری عذر دفتر ہذا میں پیش کرے اشتہار آج مورخہ 4/3/026 کو بدستخط میرے دفتر و مہر عدالت سے جاری ہوا

یوم پاکستان اسپورٹس فیسٹیول نصیرآباد میں ٹیبل ٹینس ٹورنامنٹ شروع ہوگیا

تقریب میں اہم شخصیات کی شرکت

یوم پاکستان و جشن رمضان اسپورٹس فیسٹیول شاولین شان وانگ کک باکسنگ ایم ایم اے گراپلر چیمپئن شپ اختتام پذیر

ٹی 20 ورلڈ کپ انڈیا بمقابلہ انگلینڈ سیمی فائنل میچ میں کھلاڑی شاٹ کھیل رہے ہیں

ایران پر حملہ، خاتون فٹبالر پریس کانفرنس کے دوران آبدیدہ ہوگئیں

ایران میں پیش آنے والے حالات پر ہم بہت پریشان ہیں، سارہ دیدار

بابر اعظم کو بنگلہ دیش کے خلاف ون ڈے سیریز سے ڈراپ کرنا مایوس کن ہے، محمد یوسف

یوسف نے اسٹار بیٹر بابر اعظم کو بنگلہ دیش کے خلاف ون ڈے سیریز کے لیے اسکواڈ سے باہر کرنے پر شدید حیرت اور مایوسی کا اظہار کیا ہے۔ محمد یوسف نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر اپنے بیان میں کہا کہ بابر اعظم کو ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ کے اسکواڈ میں شامل نہ کرتا تو حیران کن تھا لیکن اب انہیں ون ڈے ٹیم سے باہر کرنا اگر صرف آرام ہے۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ آخر ایسے غیر منطقی فیصلے کون کر رہا ہے۔ واضح رہے کہ پی سی بی کا بابر اعظم کو ٹیم سے باہر رکھنے کا یہ فیصلہ اس وقت سامنے آیا ہے جب پاکستان ٹیم ٹی 20 ورلڈ کپ کے سیمی فائنل تک رسائی حاصل کرنے میں ناکام رہی تھی، ٹیم کو آخری سپر ایٹ میچ میں سری لنکا کے خلاف 65 رنز کے مارجن سے کامیابی درکار تھی جو حاصل نہ ہوسکی۔

انگلش پریمیئر لیگ، آرسنل کی 20 ویں کامیابی، ٹیبل پر پہلی پوزیشن مزید مضبوط

آرسنل کے 67 پوائنٹس، مانچسٹر سٹی کی ٹیم 60 پوائنٹس کے ساتھ دوسرے نمبر پر

مانچسٹر (این این آئی) انگلش پریمیئر لیگ میں آرسنل نے برائٹن اینڈ ہوو البیون کے خلاف 0-1 گول سے کامیابی کے بعد پوائنٹس ٹیبل پر اپنی برتری 7 پوائنٹس تک بڑھا کر مزید مضبوط کرلی۔ آرسنل کی ٹیم اس فتح کے بعد سب سے زیادہ 67 پوائنٹس کے ساتھ ٹاپ پوزیشن پر براجمان ہے۔ مانچسٹر سٹی کی ٹیم 60 پوائنٹس کے ساتھ دوسرے نمبر پر موجود ہے۔ ای ایس پی این کے مطابق امریکن ایکسپریس سٹیڈیم، برائٹن، انگلینڈ میں کھیلے گئے ای پی ایل کے اہم میچ میں ٹاپ ٹیم آرسنل اور برائٹن اینڈ ہوو البیون آمنے سامنے تھیں۔ جس میں انتہائی سخت مقابلے کے بعد ای پی ایل پوائنٹس ٹیبل کی ٹاپ ٹیم آرسنل نے برائٹن اینڈ ہوو البیون کو 0-1 گول سے ہرا دیا۔

ایسا لگا جیسے زوردار تھپڑ پڑا ہو، نیوزی لینڈ سے شکست پر مارکرام کا اظہار مایوسی

نئی دہلی (این این آئی) جنوبی افریقی کپتان ایڈن مارکرام نے نیوزی لینڈ کے خلاف ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ کے پہلے سیمی فائنل میں ہونے والی بھاری شکست کو ٹیم کیلئے زوردار تھپڑ قرار دیا ہے۔ ایڈن مارکرام نے پریزنٹیشن کے دوران کہا کہ ٹورنامنٹ میں مسلسل فتوحات کے بعد اس طرح کی شکست واقعی مایوس کن ہے، ان کے مطابق یہ شکست ٹیم کے لیے ایک سبق بھی ہے اور اب انہیں مزید مضبوط ہوکر آگے بڑھنا ہوگا۔ مارکرام نے کہا کہ انہیں امید تھی کہ ایڈن گارڈنز کی پچ بیٹنگ کیلئے سازگار ہوگی اور اگر بلے باز تھوڑا روایتی انداز اپناتے تو ٹیم تقریباً 190 رنز تک پہنچ سکتی تھی۔ انہوں نے کہا کہ ٹیم اس شکست کا تفصیل سے جائزہ لے گی مگر پہلے کھلاڑیوں کو جذباتی طور پر سنبھلنے کا موقع دیا جائے گا تاکہ آئندہ بہتر کارکردگی دکھائی جاسکے۔

علیم ڈار کا استعفیٰ منظور، پی سی بی نے نئی سلیکشن کمیٹی تشکیل دے دی

مصباح الحق، سرفراز احمد، عاقب جاوید اور اسد شفیق قومی سلیکشن کمیٹی میں شامل

لاہور (آن لائن) ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ میں قومی کرکٹ ٹیم کی ناقص کارکردگی کے بعد پاکستان کرکٹ بورڈ نے علیم ڈار کا استعفیٰ منظور کرتے ہوئے نئی سلیکشن کمیٹی تشکیل دیدی۔ پی سی بی نے سلیکشن کمیٹی کے سابق رکن علیم ڈار کا استعفیٰ منظور کرنے کے بعد بورڈ ویب سائٹ کو بھی اپڈیٹ کردیا ہے جس کے مطابق نئی سلیکشن کمیٹی مصباح الحق، سرفراز احمد کو شامل کیا گیا ہے جبکہ عاقب جاوید اور اسد شفیق بھی قومی سلیکشن کمیٹی کا حصہ ہوں گے۔

کوئٹہ، گرینڈ ماسٹر مبارک علی شان یوم پاکستان اور جشن رمضان کی مناسبت سے منعقدہ شاولین شان وانگ کک باکسنگ اور ایم ایم اے گراپلر چیمپئن شپ کے اختتام پر کھلاڑیوں کو میڈل پہنارہے ہیں

بلوچستان اسپورٹس بورڈ کے تعاون سے 23 مارچ کے حوالے سے ٹیبل ٹینس کے فائنل کے موقع پر عبداللہ رند خاتون کھلاڑی کو میڈل دے رہے ہیں اس موقع پر جمال لانگو اور سلیم بلوچ بھی موجود ہے

ٹی ٹوئنٹی کی نئی رینکنگ جاری، بلے باز صاحبزادہ فرحان کی ایک درجے ترقی

فرحان نے ورلڈکپ میں سب سے زیادہ رنز بنائے، فل سالٹ تیسرے نمبر پر چلے گئے

دبئی (این این آئی) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل آئی سی سی نے ٹی ٹوئنٹی کی نئی رینکنگ جاری کردی، پاکستانی بلے باز صاحبزادہ فرحان کی ایک درجے ترقی ہوگئی۔ رپورٹس کے مطابق آئی سی سی کی نئی ٹی ٹوئنٹی رینکنگ میں صاحبزادہ فرحان دوسرے نمبر پر آگئے۔ پاکستانی اسٹار بلے باز صاحبزادہ فرحان نے ورلڈکپ میں سب سے زیادہ 383 رنز بنائے تھے، جبکہ فل سالٹ دوسرے سے تیسرے نمبر پر چلے گئے۔ واضح رہے کہ پاکستان کے اوپنر بیٹر صاحبزادہ فرحان نے ٹی 20 ورلڈکپ میں 2 سنچریاں بنانے والے دنیا کے پہلے کھلاڑی بن گئے ہیں۔ اوپنر بیٹر نے سری لنکا کے خلاف ڈو اینڈ ڈائی میچ میں سنچری اسکور کی تھی۔

یوم پاکستان رمضان اسپورٹس فیسٹیول کک باکسنگ مقابلوں کا شاندار آغاز، 200 سے زائد کھلاڑی حصہ لیں گے

کوئٹہ کے ایوب اسپورٹس کمپلیکس میں مقابلے 10 مارچ تک جاری رہیں گے کک باکسنگ مقابلوں میں جونیئر اور سینئر کیٹیگریز کے فائٹرز اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوائیں گے

مارشل آرٹس کو فروغ دینے کے لئے اقدامات جاری، باصلاحیت کھلاڑیوں کو آگے آنے اور اپنی صلاحیتوں کے اظہار کے مواقع فراہم کررہے ہیں، حکام محکمہ کھیل بلوچستان

کوئٹہ (اسپورٹس رپورٹر) یوم پاکستان رمضان اسپورٹس فیسٹیول کے سلسلے میں کک باکسنگ کے سنسنی خیز مقابلوں کا باقاعدہ آغاز ایوب اسپورٹس کمپلیکس کوئٹہ میں ہوگیا مقابلوں میں کوئٹہ بھر سے مختلف اکیڈمیوں کے تقریباً 200 کھلاڑی حصہ لے رہے ہیں جس سے ایونٹ میں غیر معمولی جوش وخروش دیکھنے میں آرہا ہے ایونٹ کے ابتدائی روز مختلف ویٹ کیٹیگریز میں مقابلے منعقد ہوئے، جہاں نوجوان کھلاڑیوں نے مہارت، طاقت اور تکنیک کا بھرپور مظاہرہ کیا مقابلوں کے دوران اسپورٹس مین اسپرٹ اور نظم وضبط قابل دید رہا جبکہ شائقین نے کھلاڑیوں کی کارکردگی کو خوب سراہا منتظمین کے مطابق کک باکسنگ کے یہ مقابلے 10 مارچ تک ایوب اسپورٹس کمپلیکس میں جاری رہیں گے جس میں جونیئر اور سینئر کیٹیگریز کے فائٹرز اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوائیں گے فائنل مقابلوں کے بعد کامیاب کھلاڑیوں میں ٹرافیاں اور میڈلز تقسیم کیے جائیں گے محکمہ کھیل بلوچستان کے حکام کا کہنا ہے کہ اسپورٹس فیسٹیول کا مقصد نوجوانوں کو مثبت سرگرمیوں کی جانب راغب کرنا اور مارشل آرٹس کے فروغ کو یقینی بنانا ہے ان کا کہنا تھا کہ ایسے ایونٹس سے باصلاحیت کھلاڑیوں کو آگے آنے کا موقع ملتا ہے اور مستقبل میں یہی نوجوان قومی اور بین الاقوامی سطح پر صوبے کی نمائندگی کریں گے۔

ورلڈکپ کوالیفائرز کپتان عماد بٹ کا سیمی فائنل جیتنے کے عزم کا اظہار

نئی مینجمنٹ بہتر کام کررہی ہے، اچھے نتائج آئیں گے، کپتان قومی ہاکی ٹیم

اسلام آباد (آن لائن) قومی ہاکی ٹیم کے کپتان عماد بٹ نے کہا ہے کہ پاکستان کی حالیہ کامیابیوں کا کریڈٹ پوری ٹیم کو جاتا ہے اور کھلاڑیوں نے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ قومی ٹیم کی نظریں ورلڈکپ کوالیفائی کرنے پر مرکوز ہیں، سیمی فائنل میچ پوری قوت کیساتھ کھیلیں گے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ تینوں میچوں میں کامیابی ٹیم ورک کا نتیجہ ہے۔ سیمی فائنل میچ ٹیم کے لیے انتہائی اہم ہے اور کھلاڑی پوری قوت کے ساتھ میدان میں اتریں گے۔ عماد بٹ نے کہا کہ قومی ٹیم کی نظریں ورلڈکپ کے لیے کوالیفائی کرنے پر مرکوز ہیں اور سیمی فائنل جیتنے کے لیے بھرپور کوشش کی جائے گی۔ انہوں نے محسن نقوی کی بھرپور سپورٹ پر ان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ حکومت نے کھلاڑیوں کے مسائل سنے اور انہیں حل کرنے کے لیے اقدامات کیے ہیں۔ ان کے مطابق ہاکی کی نئی مینجمنٹ بھی بہتر انداز میں کام کررہی ہے۔

ٹی 20 ورلڈ میں ناقص کارکردگی سابق کرکٹرز کی جانب سے ٹیم اور مینجمنٹ میں اکھاڑ پچھاڑ کی پیشگوئی

کوچ مائیک ہیسن کی چھٹی ہورہی ہے، گورے ہمیشہ برطرف ہونے سے بچ جاتے ہیں مگر میرا نہیں خیال کہ اب چیئرمین پی سی بی اس کو مزید رکھیں، باسط علی

مائیک ہیسن نے ورلڈکپ میں جیسی ٹیم کھلائی اور جو فیصلے کئے اس کے بعد کوئی بھی بورڈ انہیں اپنی قومی ٹیم کا کوچ رکھنے کی غلطی نہیں کرے گا، کامران اکمل

کراچی (این این آئی) ٹی 20 ورلڈکپ میں قومی ٹیم کی ناقص کارکردگی کے بعد سابق کرکٹرز نے ٹیم اور مینجمنٹ میں اکھاڑ پچھاڑ کی پیشگوئی کردی۔ تفصیلات کے مطابق آئی سی سی ٹی 20 ورلڈکپ میں پاکستان ٹیم کسی بڑی ٹیم کو شکست نہ دے سکی اور سپر ایٹ مرحلے سے ہی باہر ہوگئی۔ ٹیم کی اس کارکردگی پر سابق کرکٹرز کی جانب سے تجزیے، تبصرے اور مستقبل کے امکانات پر گفتگو کی جارہی ہے۔ نجی ٹی وی پروگرام میں سابق ٹیسٹ کرکٹر باسط علی نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ کوچ مائیک ہیسن کی چھٹی ہورہی ہے، گورے ہمیشہ برطرف ہونے سے بچتے ہیں تاکہ آگے دوسری جگہ چانس مل جائے اور میرا نہیں خیال کہ اب چیئرمین پی سی بی اس کو مزید رکھیں۔ باسط علی نے کہا کہ میرا خیال ہے شاہین شاہ کی ون ڈے کی کپتانی کو بھی خطرہ ہے۔ اب سب نئے چہرے آئیں گے۔ اپنے بیان میں کامران اکمل نے کہا کہ مائیک ہیسن نے ورلڈکپ میں جیسی ٹیم کھلائی اور جیسے فیصلے کیے، اس ورلڈکپ کے بعد کوئی بورڈ تو انہیں اپنی نیشنل ٹیم کے لیے کوچ نہیں رکھے گا۔ البتہ لیگ میں یہ شاید چل جائے۔

مقبول آرائیں کی اولمپئن رانا مجاہد علی سے اظہار تعزیت

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان سٹوڈنٹس اولمپک ایسوسی ایشن کے صدر مقبول آرائیں اور سیکرٹری جنرل رانا تنویر احمد نے پاکستان ہاکی فیڈریشن کے سابق سیکرٹری جنرل اولمپئن رانا مجاہد علی خان سے ان کے بہنوئی کی وفات پر دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اور دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

ڈپٹی ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن فی میل تین ماہ سے غیر حاضر ہیں، بھٹو شیرانی

اساتذہ کو مشکلات کا سامنا ہے، صرف محمد کریم سرگرمیاں سرانجام دے رہے ہیں

شیرانی (آن لائن) گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن شیرانی کے صدر بھٹو شیرانی، جنرل سیکرٹری سید علی شاہ حریفال، چیئرمین خانزادہ سمیع اللہ قریشی، آرگنائزر اختر شاہ شیرانی، سیکرٹری اطلاعات راز محمد شیرانی اور دیگر عہدیداران (بیت اللہ شیرانی، محمد حسن شیرانی، جبار حریفال، مالک داد شیرانی، عمران سلیم شیرانی اور طاہر شاہ شیرانی) نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن (میل) شیرانی موجود نہیں جبکہ ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن (فی میل) شیرانی بھی مسلسل غیر حاضر ہیں۔ تعیناتی کو ایک سال سے زائد عرصہ گزر چکا ہے مگر باقاعدہ ڈیوٹی نہیں دی گئی۔ اسی طرح ڈپٹی ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن (فی میل) بھی گزشتہ دو تا تین ماہ سے غیر حاضر ہیں، جس کی وجہ سے اساتذہ کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ صرف ڈپٹی ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن (میل) محمد کریم پوری ذمہ داری کے ساتھ دفتر اور ضلع بھر کی تمام سرگرمیاں اکیلے سرانجام دے رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ڈپٹی کمشنر شیرانی کی صدارت میں منعقد ہونے والا ماہانہ ڈی ای جی اجلاس بھی گزشتہ دو تین ماہ سے منعقد نہیں ہوا اور نہ ہی اس حوالے سے کوئی اطلاع دی گئی ہے۔ ایسوسی ایشن نے وزیراعلیٰ بلوچستان، ایم پی اے شیرانی کم ژوب ڈاکٹر محمد نواز کبزئی، سیکرٹری محکمہ تعلیم بلوچستان، ڈپٹی کمشنر شیرانی اور دیگر حکام بالا سے فوری نوٹس لینے کی اپیل کی ہے۔ بصورت دیگر گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن شیرانی احتجاج کا حق محفوظ رکھتی ہے۔ ہر بچہ اسکول میں ایجوکیشن کی بڑی مہم ہے جو وہ کر رہے ہیں تعلیم کے بغیر ترقی ناممکن ہے ان خیالات کا اظہار ڈپٹی کمشنر محمد رمضان پلال ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر شاہ بخش چدرانی ایجوکیشن سوٹ پروگرام کے منیجر سید علی رضا شاہ کی داخلہ مہم کے حوالے سے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہیں

نوشکی میں غیر قانونی پولیس چیک پوسٹوں کا خاتمہ کیا جائے، پیپلز پارٹی

نوشکی (نامہ نگار) پیپلز پارٹی کے رہنما حافظ شاکر مانداڑی، ملک امان اللہ ساسولی، ابرار احمد گورگیج و دیگر نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ نوشکی میں غیر قانونی پولیس چیک پوسٹوں کا فوری خاتمہ کیا جائے ضلع میں پولیس کی جانب سے قائم متعدد غیر قانونی چیک پوسٹوں کی وجہ سے غریب مزدور گاڑی مالکان کو شدید پریشانی میں مبتلا کر دیے ہیں

دشت، میر شاہ دین شاہوانی کی سربراہی میں قبائلی جرگہ منعقد کیا گیا

دشت (یو این اے) تحت ماڑی مستونگ میں پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما نوابزادہ میر شاہ دین خان شاہوانی کی سربراہی میں ایک اہم قبائلی جرگہ منعقد ہوا، جس میں کئی پیچیدہ قبائلی تنازعات کے حل کے حوالے سے بڑی پیش رفت سامنے آئی۔ جرگے کے کامیاب مذاکرات کے نتیجے میں اقوام شاہوانی کی ذیلی شاخ عمرانی کے فریقین کے درمیان برسوں سے جاری دیرینہ تنازع کا مکمل تصفیہ کردیا گیا۔ نوابزادہ میر شاہ دین شاہوانی کی کوششوں سے فریقین نے ایک دوسرے کو گلے لگا کر دشمنی ختم کرنے کا اعلان کیا اور "شیر و شکر" ہو گئے۔ جرگے کے دوران اقوام رند اور سارنگزئی کے فریقین کے بیانات بھی تفصیلی طور پر سنے گئے۔ دونوں فریقین نے جرگے پر مکمل اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے حتمی فیصلے کے لیے نوابزادہ شاہ دین شاہوانی کو مکمل "اختیار" دے دیا۔ جرگے کی مداخلت پر فریقین کے درمیان 5 اپریل تک باقاعدہ (جنگ بندی) کروا دی گئی ہے تاکہ پرامن ماحول میں تصفیہ کو حتمی شکل دی جا سکے۔ علاوہ ازیں، جرگے میں مختلف دیگر اقوام کے مابین جاری چھوٹے بڑے تنازعات پر بھی فریقین کے بیانات قلم بند کیے گئے اور قبائلی عمائدین نے ان کے حل کے لیے اپنی تجاویز پیش کیں۔ اس موقع پر علاقے کی نامور سیاسی و سماجی شخصیات اور قبائلی عمائدین کی بڑی تعداد موجود تھی۔

ڈیجیٹل شہریت آج کی سب سے بڑی ضرورت ہے، مسعود کھوسہ

یہ محض ایک پروجیکٹ نہیں بلکہ ایک تحریک ہے، ورکشاپ سے خطاب

صحبت پور (نامہ نگار) جی ای او این جی اوز نے اکاؤ ڈیجیٹل لیب پاکستان اور ڈیجیٹل ڈیموکریسی انیشیٹو ساؤتھ ایشیا کی طرف سے ایک روزہ ڈیجیٹل والنٹرز کے حوالے سے ورکشاپ کا انعقاد کیا۔ ورکشاپ میں سرکاری افسران، میڈیا کے نمائندگان، علمائے علاقہ اور بڑی تعداد میں نوجوان لڑکے اور لڑکیوں نے شرکت کی۔ مہمان خصوصی مسعود احمد کھوسہ ڈسٹرکٹ چیئرمین لوکل گورنمنٹ نے جی ای او کے کام کو سراہتے ہوئے کہا کہ ڈیجیٹل شہریت آج کی سب سے بڑی ضرورت ہے۔ یہ محض ایک پروجیکٹ نہیں بلکہ ایک تحریک ہے۔ عبدالسلام ایگزیکٹو ڈائریکٹر نے بتایا کہ اس منصوبے کے تحت 452 نوجوانوں کو 18 ورکشاپس کے ذریعے تربیت دی گئی۔ جبکہ نوجوانوں نے ان ورکشاپس میں ڈیجیٹل مواد تخلیق کیا۔ ماریہ بلوچ پروجیکٹ لیڈ نے ورکشاپس میں سکھائے گئے موضوعات پر روشنی ڈالی جن میں ڈیجیٹل حقوق، سائبر سیکیورٹی، اے آئی خواندگی اور آن لائن تحفظ شامل ہیں۔۔۔

کوئٹہ، رکن صوبائی اسمبلی انجینئر زمرک خان اچکزئی ایوب قریشی کی وفات پر فاتحہ خوانی کررہے ہیں

ایس پی ہرنائی کی قیادت میں سابقہ لیویز فورس (ضم شدہ) پولیس افسران کا اجلاس

ہرنائی (خ ن) ایس پی ہرنائی انجینئر عبدالحفیظ جعفرانی کی قیادت میں ہرنائی کے سابقہ لیویز فورس (ضم شدہ) کے پولیس افسران کا اہم اجلاس منعقد کیا گیا۔ اجلاس میں ڈی ایس پی غلام محمد کھوسہ سمیت دیگر سینئر افسران بھی موجود تھے۔ ایس پی پولیس نے اجلاس کے دوران افسران کو فورس کے نظم وضبط، پیشہ ورانہ طرز عمل اور ذمہ داریوں سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی۔ انہوں نے افسران کو ہدایت کی کہ نظم وضبط کا پابند بنے اور اپنے فرائض احسن انداز میں انجام دینے کی ہدایت کی۔ اس موقع پر ایس پی ہرنائی انجینئر عبدالحفیظ جعفرانی کا کہنا تھا کہ عوام کی جان و مال کا تحفظ پولیس کی اولین ذمہ داری ہے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ عوام کے ساتھ خوش اخلاقی اور محبت سے پیش آیا جائے اور ان کے مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں۔

ضلعی انتظامیہ جھکجور مکمل طور پر ناکام ہوچکی ہے، صالح محمد بلوچ

جھکجور (این این آئی) جھکجور میں رمضان ریلیف پیکج کے تحت راشن کی فراہمی کی بہانہ بنا کر اس شدید مہنگائی اور بیروزگاری کی دور میں عوام کو آپس میں دست وگریبان کرنے کا طریقہ ہے انہوں نے کہا کہ گرمکان اور بولستان میں غریب، نادار اور مستحق شہریوں کے ساتھ انتہائی ناروا سلوک اور آنسو گیس دھند فائرنگ کرنے کا شدید مذمت کرتے ہوئے بہت ہی افسوس ظاہر کیا، لاچار اور مستحق خواتین کے ساتھ غیر انسانی سلوک کا حال سن کر بہت افسوس ہوا، اس ناروا سلوک کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما حاجی صالح محمد بلوچ نے اپنے بیان میں شدید ردعمل ظاہر کرتے ہوئے غم وغصے کا اظہار کیا گیا۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ ضلعی انتظامیہ مکمل طور پر ناکام ہوچکی ہے پولیس اور عوام کو آپس لڑانا عقلمندی نہیں ہے گزشتہ ایک ہفتے سے عوام کو مسلسل اذیت اور ذہنی کرب میں مبتلا رکھا جارہا ہے،

خضدار رمضان پیکج کے راشن کی تقسیم پر سوالات اٹھ گئے ہیں

پیکج کے تحت فراہم کیے گئے راشن کی تقسیم پر شدید تحفظات کا اظہار

خضدار (بیورو رپورٹ) خضدار رمضان پیکج کے راشن کی تقسیم پر سوالات اٹھ گئے دیہاتی لوگ مکمل نظرانداز کردیا ہے ان خیالات کا اظہار تحصیل زہری یونین کونسل دوکن کے لیبر کونسلر عبدالکریم زہری نے رمضان پیکج کے تحت فراہم کیے گئے راشن کی تقسیم پر شدید تحفظات کا اظہار کیا ہے انہوں نے کہا کہ سرکاری طور پر غریب اور مستحق افراد کو ملنے والا راشن مبینہ طور پر چند من پسند لوگوں میں تقسیم کردیا گیا ہے جبکہ اصل حقدار محروم رہ گئے ہیں عبدالکریم زہری کے مطابق اس حوالے سے یونین کونسل کے منتخب نمائندوں خصوصاً دیہاتی علاقوں کے کونسلرز سے کوئی مشاورت نہیں کی گئی ہے ان میں سب سے زیادہ حق دور دراز اور پسماندہ دیہاتی علاقوں کے غریب لوگ تھے مگر افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ ان علاقوں میں کسی ایک مستحق شخص کو ایک کلو تک راشن بھی نہیں ملا انہوں نے مطالبہ کیا کہ رمضان پیکج کے تحت آنے والے تمام راشن کی تقسیم کی شفاف تحقیقات کی جائیں اور یہ معلوم کی جائے کہ کن افراد کو یہ راشن دیا گیا ہے اور کن بنیادوں پر تقسیم کیا گیا۔ ان کا کہنا تھا کہ اگر واقعی مستحق افراد کو نظرانداز کیا گیا ہے تو یہ انتہائی افسوسناک اور ناانصافی ہے۔ انہوں نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا کہ آئندہ ایسی صورتحال سے بچنے کے لیے راشن کی تقسیم میں شفافیت کو یقینی بنایا جائے اور دیہاتی علاقوں کے غریب عوام کو ان کا حق دیا جائے۔

کلی مبارک زئی مولی میں رمضان ریلیف پیکج کی تقسیم التواء کا شکار

دیہی علاقوں کے مستحقین کو تاحال ریلیف سے محروم رکھنے پر تحفظات کا اظہار

سکندر آباد سوراب (این این آئی) چیئرمین یونین کونسل مولی حافظ خلیل الرحمن لہڑی نے کلی مبارک زئی مولی میں رمضان ریلیف پیکج کی تقسیم کے التوا اور دیہی علاقوں کے مستحقین کو تاحال ریلیف سے محروم رکھنے پر شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان کے فلاحی اقدامات کو ضلع سوراب میں دانستہ غیر مؤثر کیا جارہا ہے۔ راشن پیکج کی تقسیم کا مبہم طریقہ کار قبول نہیں، چیئرمین یونین کونسل مولی حافظ خلیل الرحمن لہڑی کا کہنا تھا کہ سوراب میں رمضان ریلیف پیکج کے تحت راشن کی تقسیم میں مسلسل تاخیر اور دیہی علاقوں کے مستحقین کو نظر انداز کیے جانے پر شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ مقامی انتظامیہ کی غیر سنجیدہ حکمت عملی اور تاخیری حربے وزیراعلیٰ بلوچستان کے نیک اور بروقت اقدامات کو دانستہ طور پر غیر مؤثر بنا رہے ہیں۔ انہوں نے خاص طور پر دیہی علاقوں میں راشن کی تقسیم کے عمل میں التوا اور مبہم طریقہ کار پر شدید تحفظات کا اظہار کیا۔ حافظ خلیل الرحمن لہڑی نے اپنے بیان میں کہا کہ صوبائی حکومت، بالخصوص وزیراعلیٰ بلوچستان، نے ماہ رمضان میں غریب اور محتاج خاندانوں تک ریلیف پہنچانے کے لیے ہنگامی اقدامات کیے،

اسرائیل، ایران جنگ کے اثرات رخشان ڈویژن پر ظاہر ہونا شروع

مختلف علاقوں میں ایرانی پیٹرول اور تیل کی قیمتوں میں نمایاں اضافہ ریکارڈ

دالبندین (بیورو چیف) امریکہ، اسرائیل اور ایران کے درمیان جاری جنگ کے اثرات بلوچستان کے علاقوں رخشان ڈویژن علاقے کو نکنڈی دالبندین چاغی میں ظاہر ہونا شروع ہوگئے ہیں۔ خاران نوشکی سمیت مختلف علاقوں میں ایرانی پیٹرول اور تیل کی قیمتوں میں نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ جنگ سے پہلے ایرانی تیل کا فی بیرل چونتیس سے پچیس ہزار روپے کے درمیان فروخت ہورہا تھا جبکہ مقامی مارکیٹ میں پیٹرول کی قیمت ایک سو دس سے ایک سو بیس روپے فی لیٹر تھی۔ تاہم جنگ کے بعد پیٹرول کی قیمت ایک سو اسی سے دو سو روپے فی لیٹر تک پہنچ گئی ہے جبکہ دالبندین اور چاغی میں یہ قیمت دو سو چالیس روپے فی لیٹر تک بتائی جارہی ہے۔ ایرانی تیل کا فی بیرل بھی بڑھ کر چھتیس ہزار روپے تک پہنچ گیا ہے۔ جس کے باعث ٹرانسپورٹ کا شعبہ شدید متاثر ہو رہا ہے جبکہ شہریوں کا کہنا ہے کہ پیٹرول کی بڑھتی قیمتوں سے روزمرہ اخراجات میں مزید اضافہ ہوگیا ہے۔ مزید تیل کی قیمت بڑھنے کی امکانات ہے

ضلعی انتظامیہ صحبت پور کی جانب سے پاک فوج کے حق میں ریلی کا انعقاد

ریلی کا مقصد پاک فوج کی لازوال خدمات اور کردار کو خراج تحسین پیش کرنا تھا

صحبت پور (خ ن) ضلعی انتظامیہ صحبت پور و زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد کی جانب سے پاک فوج کے حق میں ایک پروقار اور منظم ریلی کا انعقاد کیا گیا ریلی میں ضلعی و سول افسران انجمن تاجران برادری کے نمائندگان اور مختلف سماجی و شہری حلقوں سے تعلق رکھنے والے افراد کی بڑی تعداد نے شرکت کی ریلی کا مقصد وطن عزیز کی سلامتی استحکام اور دفاع کے لیے پاک فوج کی لازوال خدمات اور کردار کو خراج تحسین پیش کرنا تھا۔ شرکاء قومی پرچم تھامے ہوئے تھے اور پاک فوج سے اپنی بھرپور یکجہتی کا اظہار کررہے تھے۔ اس موقع پر شرکاء کی جانب سے "پاکستان زندہ باد پاکستان پائندہ باد اور پاک فوج زندہ باد" کے پرجوش نعرے لگائے گئے جس سے قومی یکجہتی، حب الوطنی اور افواج پاکستان سے والہانہ محبت کا اظہار دیکھنے میں آیا اس موقع پر مقررین نے اپنے خطاب میں کہا کہ پاک فوج ملک کی جغرافیائی سرحدوں کی محافظ اور قومی سلامتی کی مضبوط ضامن ہے جو ہر مشکل گھڑی میں قوم کی امیدوں کا مرکز رہی ہے انہوں نے کہا کہ دہشت گردی، قدرتی آفات اور دیگر قومی چیلنجز کے دوران پاک فوج نے ہمیشہ پیش پیش رہ کر قوم کی خدمت کی ہے۔ جس پر پوری قوم کو فخر ہے مقررین نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ ملک دشمن عناصر کے ناپاک عزائم کو ناکام بنانے کے لیے پوری قوم اپنی بہادر مسلح افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے اور ملک کی سلامتی و استحکام کے لیے ہر ممکن کردار ادا کرتی رہے گی ریلی کے اختتام پر پاکستان کی سلامتی، استحکام اور ترقی کے ساتھ ساتھ پاک فوج کی کامیابی اور سربلندی کے لیے خصوصی دعا بھی کی گئی

خضدار گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج میں اہم مشاورتی اجلاس

خضدار (بیورو رپورٹ) خضدار گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج میں اہم مشاورتی اجلاس ہوا اجلاس میں گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج میں تعلیمی نظم وضبط کی بہتری اور مستقبل کی حکمت عملی وضع کرنے کے لیے پرنسپل حافظ عبدالحمید لہڑی کی زیر صدارت ایک پروقار اسٹاف میٹنگ کا آغاز کیا گیا اجلاس کا باضابطہ آغاز خود پرنسپل کے تلاوت کلام پاک سے ہوئی پرنسپل حافظ عبدالحمید لہڑی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے نہایت مدلل انداز میں طلبہ کے حقوق اور اساتذہ کے فرائض کا موازنہ کرتے ہوئے کہا کہ استاد کا کام محض نصاب مکمل کرانا نہیں بلکہ نسل نو کی فکری آبیاری کرنا ہے۔ انہوں نے ایک سنہری قول کا حوالہ دیتے ہوئے زور دیا کہ استاد صرف انسان نہیں بناتا بلکہ وہ انسان کے اندر چھپی انسانیت کو سنوارتا اور نکھارتا ہے پرنسپل نے تمام رفقائے کار کو وقت کی پابندی اور کالج میں اپنی بھرپور موجودگی یقینی بنانے کی ہدایت کی

آکشن نیلامی برائے سالانہ ٹھیکہ پارکنگ اسٹینڈ، بلوچستان انسٹیٹیوٹ آف چائلڈ ہیلتھ سروسز کوئٹہ

زیر دستخطی کو ہسپتال ہذا کی پارکنگ اسٹینڈ سالانہ کی بنیاد پر ٹھیکے پر دینا مقصود ہے

خواہش مند فرم / کمپنی جو مالی طور پر مضبوط حیثیت کے مالک ہوں اور سالانہ انکم ٹیکس رجسٹریشن کے حامل ہوں۔ خواہش مند ٹھیکیداران اپنی سربمہر آکشن ابتدائی پیشکش مورخہ 25 مارچ 2026 تک زیر دستخطی کے دفتر میں دوپہر 12:00 بجے تک پہنچ جانی چاہیے۔ (اس مقررہ تاریخ ووقت کے بعد کوئی بھی بولی جمع نہیں ہوگی اور نہ ہی قبول کی جائے گی)۔ جو کہ بمورخہ 26 مارچ 2026 کو دوپہر 01:00 بجے زیر دستخطی کے دفتر میں آکشن ابتدائی کمیٹی کے ممبران اور فرم کے نمائندگان کی موجودگی میں کھولی جائیگی۔ زیر دستخطی کو یہ اختیار حاصل ہوگا کہ آکشن ابتدائی کو بغیر بتائے منسوخ کردے۔ آکشن ابتدائی دہندگان کو نیلامی کے دستاویزات کے ہمراہ مبلغ تین لاکھ روپے (Rs.300,000/-) کا کال ڈیپازٹ بنام چیف ایگزیکٹو آفیسر، BICHQ جمع کرانا ہوگا۔

آکشن / نیلامی کی شرائط مندرجہ ذیل ہیں

(1) فرم کا گورنمنٹ سے منظور شدہ ہونا لازمی ہے (BRA) غیر رجسٹرڈ متعلقہ ٹھیکیدار ٹینڈر / نیلامی جمع نہ کرائیں۔ (2) نیلامی دہندہ کو اچھی مالی پوزیشن کا حامل ہونے کا بینک سرٹیفکیٹ ٹینڈر دہندہ تمام متعلقہ ٹیکس گوشوارے دینے کا خود مجاز ہوگا (3) ٹینڈر دہندگان ٹینڈر جمع کرانے سے قبل جگہ کا معائنہ لازمی کریں، ہسپتال ہذا کے اندر مختلف شعبہ جات کے سربراہان، انتظامیہ کی گاڑیوں کیلئے مخصوص پارکنگ کی جگہ اور ہسپتال ہذا کے داخلی اور خارجی راستوں کے معائنہ کیلئے ہسپتال ہذا کے چیف سیکورٹی سپروائزر کے ساتھ رابطہ کریں۔ بعد میں کسی قسم کا عذر قبول نہیں کیا جائے گا۔ (4) ٹھیکہ کی بولی برائے موٹر سائیکل، رکشہ اور کار پارکنگ اسٹینڈ مبلغ Rs.840,000/- روپے سالانہ سے زائد ہونی چاہیے۔ ٹینڈر فارم مورخہ 24 مارچ 2026 دوپہر 04:00 بجے تک بعوض Rs.500/- روپے ناقابل واپسی دفتر اسٹور انچارج سے وصول کیے جاسکتے ہیں۔ ٹینڈر دہندہ کو ٹینڈر فیس کی رسید ٹینڈر دستاویزات کے ساتھ لگانی ہوگی (6) پارکنگ فیس گورنمنٹ کے ریٹ کے مطابق ہوگی جو کہ (DC) ڈی سی آفس کوئٹہ نے شہری حدود میں مقرر کیے ہوئے ہیں (7) ٹینڈر کی منظوری کی صورت میں ٹھیکہ کی رقم ہر ماہ کی پہلی تاریخ کو جمع کرانی ہوگی (8) انتظامیہ کسی قسم کی جزا کی ذمہ دار نہیں ہوگی اور نہ ہی کسی قسم کی سیکورٹی فراہم کرنے کی ذمہ دار ہوگی بلکہ ٹھیکیدار کو از خود ہر قسم کی سیکورٹی کا انتظام کرنا ہوگا۔ نیز پارکنگ کیلئے مختص جگہ سے سائیکل، موٹر سائیکل، رکشہ اور گاڑی کی چوری کا ذمہ دار ٹھیکیدار ہوگا۔ (10) ٹھیکہ کی رقم کا اندراج نیلامی فارم میں واضح طور پر ہونا چاہیے اور تمام ٹھیکیداروں، فرم و کمپنی کو اپنی بولی سیل خاکی لفافے میں 25 مارچ صبح 12:00 بجے تک چیف ایگزیکٹو بلوچستان انسٹیٹیوٹ آف چائلڈ ہیلتھ سروسز کوئٹہ کے آفس میں جمع ہوجانی چاہئے اور اس پر واضح الفاظ میں مکمل پتہ اور فون نمبروں کا اندراج ہو۔ مقررہ تاریخ ووقت کے بعد کوئی بھی لفافہ قابل قبول نہ ہوگا (11) طے شدہ معاہدہ کے مطابق مقرر کی گئی مدت کے بعد ٹھیکیدار کو بذریعہ عدالت حکم امتناعی لینے کا اختیار نہیں ہوگا۔ بصورت دیگر ہسپتال انتظامیہ کو اختیار ہوگا کہ وہ متعلقہ ٹھیکیدار سے قبضہ لے سکتا ہے اور ٹھیکیدار / کمپنی ہسپتال انتظامیہ یا ہسپتال کے خلاف کوئی بھی قانونی چارہ جوئی نہیں کر سکے گا (12) پارکنگ رسید میں رقم کا واضح اندراج ہونا لازمی ہے خلاف ورزی یا زیادتی کی صورت میں ٹھیکیدار کے خلاف قانونی کارروائی کرتے ہوئے ٹھیکہ منسوخ بھی کیا جاسکتا ہے جس کی تمام تر ذمہ داری ٹھیکیدار پر عائد ہوگی (13) تمام تر ٹیکس کی ادائیگی بذمہ بولی دہندہ پر ہوگی۔ (14) پارکنگ اسٹینڈ کی تمام تر جگہ کی صفائی کی ذمہ داری ٹھیکیدار پر ہوگی۔ گندگی ہونے کی صورت میں ٹھیکیدار پر Rs.500/- روپے روزانہ کی بنیاد پر جرمانہ عائد کیا جائے گا۔ (15) ٹھیکیدار سختی سے اس بات کی پابندی کرے گا کہ پارکنگ کی جگہ پر کوئی بھی موٹر سائیکل و گاڑی کی دھلائی نہ ہو ورنہ بصورت دیگر ٹھیکیدار پر Rs.500/- روپے جرمانہ عائد کیا جائے گا۔

چیف ایگزیکٹو آفیسر بلوچستان انسٹیٹیوٹ آف چائلڈ ہیلتھ سروسز کوئٹہ

ABNo944/05-03-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت محمد عظیم خان تحصیلدار اسسٹنٹ کلکٹر درجہ دوئم بوری لورالائی

اشتہار برائے عوام الناس

ہر گاہ خاص و عام کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ مسمی عزیز الرحمن نے شرعی فتویٰ پیش کیا ہے کہ میرا والد عبدالقدیر اخونزادہ ولد مولوی عبدالحق اخونزادہ بقضائے الٰہی فوت ہو چکا ہے بروئے شرعی فتویٰ مذکورہ کے جائز وارثان زینب بی بی بیوہ۔ حیات اللہ۔ عزیز الرحمن۔ عبدالرحمن۔ حنیفہ بی بی۔ گل پانڑہ بی بی۔ مریم بی بی پسران و دختران عبدالقدیر اخونزادہ ہیں اسکے علاوہ کوئی جائز وارث نہیں متوفی مذکورہ کی جائیداد موضع منارہ خورد میں درج ریکارڈ ہے جسکا انتقال وراثت ہونا ہے اگر کسی شخص یا ادارے کو کوئی عذر اعتراض ہو تو 10 یوم کے اندر دفتر زیر دستخط حاضر ہوکر پیش کریں بصورت دیگر انتقال وراثت بحق جائز وارثان درج و تصدیق کیا جائیگا اسکے بعد کوئی عذر اعتراض قابل قبول نہ ہوگا اشتہار ہذا آج مورخہ 28.2.2026 کو ہمارے دستخط و مہر سے جاری ہوا

تحصیلدار لورالائی

بعدالت جناب جوڈیشل مجسٹریٹ VI صاحب کوئٹہ

مثل نمبر 82/025 آئندہ پیشی 14-03-26 بمقدمہ محمد اسلم خان **بنام** محمد کریم وغیرہ

دعویٰ دیوانی اشتہار بنام کریم داد ولد مولا داد سکنہ نواں کلی کوئٹہ ہر گاہ عنوان بالا مقدمہ عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے جسکی آئندہ تاریخ پیشی 14-03-26 مقرر ہو چکی ہے مزید یہ کہ مدعا علیہ نمبر 02 کریم داد ولد مولا داد دیدہ و دانستہ طور پر سمن لینے سے گریزاں ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار مدعا علیہ نمبر 02 کریم داد ولد مولا داد مطلع کیا جاتا ہے کہ آئندہ تاریخ پیشی 14-03-26 پر اصالتاً یا وکالتاً مقدمہ ہذا کی پیروی کریں بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائیگی آج بتاریخ 03-03-26 کو بدستخط میرے و مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب سول جج I صاحب کوئٹہ

مثل نمبر 46/2025 (دعویٰ دیوانی) آئندہ تاریخ پیشی 9/3/2026

بمقدمہ عمران ولد سرور خان قوم خروٹی ساکن زرتاج ہاؤسنگ اسکیم خروٹ آباد کوئٹہ بنام اکرم اللہ ولد عنایت اللہ قوم ترین ساکن ڈاک خانہ شاہرگ دوزان تنگی تحصیل شاہرگ (ضلع ہرنائی)

اشتہار بنام مدعا علیہ اکرم اللہ ولد عنایت اللہ قوم ترین ساکن ڈاک خانہ شاہرگ دوزان تنگی تحصیل شاہرگ (ضلع ہرنائی) ہر گاہ دعویٰ دیوانی مندرجہ عنوان بالا عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے جس کی آئندہ تاریخ پیشی / سماعت مقررہ 9/3/2026 کیلئے مقرر ہو چکی ہے درج بالا دعویٰ دیوانی میں مدعا علیہ اکرم اللہ ولد عنایت اللہ قوم ترین ساکن ڈاک خانہ شاہرگ دوزان تنگی تحصیل شاہرگ (ضلع ہرنائی) عدالت ہذا کے سمن / نوٹس لینے سے دیدہ دانستہ طور پر گریزاں ہے اور کہیں روپوش ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار مدعا علیہ اکرم اللہ ولد عنایت اللہ قوم ترین ساکن ڈاک خانہ شاہرگ دوزان تنگی تحصیل شاہرگ (ضلع ہرنائی) کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آئندہ تاریخ پیشی / سماعت کو اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوکر مقدمے کی پیروی کرے بصورت دیگر قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی آج بتاریخ 3/3/2026 کو بدستخط میرے و مہر عدالت سے جاری ہوا

ADVT ماڈرن

بعدالت ثناءاللہ خان لونی تحصیلدار اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول بوری لورالائی

اشتہار برائے عوام الناس

ہر گاہ خاص و عام کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ مسمی عبداللہ نے شرعی فتویٰ پیش کیا ہے کہ میرا پیا محمد رمضان ولد ازی بقضائے الٰہی فوت ہو چکا ہے بروئے شرعی فتویٰ مذکورہ کے جائز وارثان عبداللہ۔ محبوبہ ولد محمد عیسیٰ پسران و دختران محمد عیسیٰ ہیں اسکے علاوہ کوئی جائز وارث نہیں متوفی مذکورہ کی جائیداد موضع چنالی میں درج ریکارڈ ہے جسکا انتقال وراثت ہونا ہے اگر کسی شخص یا ادارے کو کوئی عذر اعتراض ہو تو 10 یوم کے اندر دفتر زیر دستخطی حاضر ہوکر پیش کریں بصورت دیگر انتقال وراثت بحق جائز وارثان درج و تصدیق کیا جائیگا اسکے بعد کوئی عذر اعتراض قابل قبول نہ ہوگا اشتہار ہذا آج مورخہ 3.3.2026 کو ہمارے دستخط و مہر سے جاری ہوا

تحصیلدار لورالائی

بقیہ 1 سیکورٹی ذرائع

بقیہ 2

بقیہ 3 مبارکباد

بقیہ 4 میر سرفراز بگٹی

بقیہ 5 وزیر اعظم

بقیہ 6 طیارے

بقیہ 7

بقیہ 8 ٹیلی فونک رابطہ

بقیہ 9

بقیہ 10 یورینیم افزودگی

بقیہ 11 پیٹرول کی قلت

بقیہ 12 آئینی عدالت

بقیہ 13

بقیہ 14

بقیہ 15 ڈی آئی خان

بقیہ 16 اسحاق ڈار

بقیہ 17 توشہ خانہ کیس

بقیہ 18 تحقیقات مکمل

بقیہ 19 اعتراف

بقیہ 20 غیر ملکی شراب

بقیہ 21 بند کردی

بقیہ 22

بقیہ 23 عدالت سے رجوع

بقیہ 24

بقیہ 25 گورنر

بقیہ 26 بحث چھڑ گئی

بقیہ 27 افسران گرفتار

بقیہ 28

بقیہ 29 پیٹرول

بقیہ 30 آصف مرچنٹ

بقیہ 31 وزیر داخلہ

بقیہ 32

بقیہ 33 وزیر اعلیٰ

بقیہ 34

بقیہ 35 بے ضابطگیاں

بقیہ 36 چیف جسٹس

بقیہ 37 نواب زہری

بقیہ 38

بقیہ 39 سیکورٹی اطلاعات

بقیہ 40 صوبائی وزیر تعلیم

بقیہ 41 شاہد رؤف

بقیہ 42 حمزہ زہری

بقیہ 43

بقیہ 44

بقیہ 45

بقیہ 46 علی حسن زہری

بقیہ 47

بقیہ 48 علی مدد جتک

بقیہ 49

بقیہ 50 برسی

بقیہ 51

بقیہ 52

بقیہ 53 بابر خان

بقیہ 54

بقیہ 55

بقیہ 56 ہدایت الرحمن

بقیہ 57 آئی جی بلوچستان

بقیہ 58 سلیم احمد کھوسہ

بقیہ 59

بقیہ 60

بقیہ 61 ڈاکٹر مالک

بقیہ 62 عبدالواسع

بقیہ 63

بقیہ 64

بقیہ 65

بقیہ 66 کریک ڈاؤن

انصاف کی فراہمی کا دارومدار شفاف اور پیشہ ورانہ تفتیش پر ہے، چیف جسٹس

پولیس اور عدالتیں ایک دوسرے کی تکمیل کرتی ہیں، زیر تربیت پولیس افسران سے خطاب

پولیس افسر شہریوں کے ساتھ شائستہ اور ذمہ دارانہ رویہ اختیار کریں، جسٹس یحییٰ آفریدی

سوئی: وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی توتا پھونگ اور سوئی ٹاؤن کی دیگر کالونیوں کو گیس فراہمی کے منصوبوں کا افتتاح کر رہے ہیں

شفیق الرحمان مینگل کی انتخابی مہم کیلئے متحد ہو کر کام کریں گے، نواب زہری

موصوف کی شمولیت سے پارٹی جھالاوان و خضدار میں مضبوط ہوگی، سابق وزیر اعلیٰ

پارٹی کیلئے کام کرینگے ٹکٹ ملنے پر مبارکباد پیش کرتے ہیں، مرکزی رہنما پی پی پی

خضدار (بیورو رپورٹ) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما، سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان اور چیف آف جھالاوان نواب ثناء اللہ خان زہری نے جھالاوان عوامی پینل کے سربراہ قبائلی شخصیت میر شفیق الرحمان مینگل کی پاکستان پیپلز پارٹی میں شمولیت کو خوش آئند قرار دے دیا ہے انہوں نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا کہ جھالاوان میں پارٹی کو مزید فعال بنانے اور قومی اسمبلی کے حلقہ این اے 256 خضدار کے ضمنی انتخاب میں میر شفیق الرحمان مینگل کو پارٹی ٹکٹ جاری کرنا ایک مثبت اور مدبرانہ فیصلہ ہے نواب ثناء اللہ خان زہری نے کہا کہ پارٹی .... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت متاثرہ علاقوں کیلئے پیکیج کا اعلان کرے، چیمبر آف کامرس

آیت اللہ خامنہ ای کی شہادت پر ایرانی عوام کے ساتھ ہیں، ایوب مریانی

کوئٹہ (آئی این پی) چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کوئٹہ بلوچستان کے صدر محمد ایوب مریانی، سینئر نائب صدر حاجی اختر کاکڑ، نائب صدر انجینئر میرداکس خان نے کہا ہے کہ سرحد کی بندش کے باعث متاثر ہونے والے علاقوں کے لئے حکومت خصوصی ریلیف پیکیج کا اعلان کرے تاکہ عوام کو درپیش مشکلات میں کمی لائی جاسکے، ایران کے سپریم لیڈر آیت اللہ خامنہ ای کے غم پر ایرانی عوام کے ساتھ ہیں، دنیا میں جاری حالیہ کشیدہ صورتحال کے باعث .... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: صوبائی مشیر سردار بابا غلام رسول عمرانی سے مختلف وفود ملاقات کر رہے ہیں

محکمہ اطلاعات جدید تقاضوں کے مطابق میڈیا حکمت عملی موثر بنائے، عمران خان

محکمہ شفافیت، عوامی اعتماد اور سماجی ترقی کے فروغ میں فرنٹ لائن ادارے کے طور پر کردار ادا کر رہا ہے، سیکرٹری اطلاعات

ادارہ جاتی استعداد مضبوط بنانے، جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ اور میڈیا کے ساتھ موثر رابطوں کو فروغ دینے کی ضرورت ہے، اجلاس سے خطاب

محکمہ اطلاعات حکومتی پالیسیوں اور عوامی فلاحی اقدامات بروقت اجاگر کرنے کیلئے اپنی ذمہ داریاں انجام دیتا رہے گا، ڈی جی عسکر خان

کوئٹہ (این این آئی) سیکرٹری اطلاعات بلوچستان عمران خان کی زیر صدارت محکمہ تعلقات عامہ بلوچستان کے امور سے متعلق ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں محکمہ تعلقات عامہ بلوچستان (ڈی جی پی آر) کی مجموعی کارکردگی، کلیدی کار .... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستانی ایئرپورٹس سے مشرق وسطیٰ کی مزید 145 پروازیں منسوخ

کراچی (بیورو رپورٹ) پاکستانی ایئرپورٹس سے آج چھٹے روز مشرق وسطیٰ کی 145 پروازیں منسوخ ہوگئیں۔ جمعرات کے روز کراچی سے مشرق وسطیٰ کی 35، لاہور کی 29 اور ملتان کی 12 پروازیں منسوخ ہوئیں۔ ایران پر حملے کے بعد پاکستان کی منسوخ پروازوں کی تعداد 900 ہوئی ہے۔

کوئٹہ: اے این پی کے پارلیمانی لیڈر انجینئر زمرک اچکزئی ایرانی سپریم لیڈر کی شہادت پر تعزیت کر رہے ہیں

بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ نے 1 ارب 25 کروڑ کی بچت کی، راحیلہ درانی

محکمہ ثانوی تعلیم بلوچستان نے تعلیمی سال 2026ء کیلئے درسی کتب کی ترسیل و اشاعت میں ایک تاریخی سنگ میل عبور کر لیا، صوبائی وزیر تعلیم

شفاف ٹینڈرنگ، کم لاگت و بہتر معیار پر مبنی ماڈل کو آئندہ بھی جاری رکھا جائے، درسی کتب تقسیم کی افتتاحی تقریب سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) موجودہ صوبائی حکومت کی تعلیم دوستی تعلیم سب کیلئے اور صوبہ بھر کے طلباء و طالبات کیلئے معیاری درسی کتب محکمہ ثانوی تعلیم بلوچستان نے تعلیمی سال 2026ء کیلئے درسی کتب کی ترسیل اور اشاعت میں ایک تاریخی سنگ میل عبور کر لیا ہے۔ بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ کی جانب سے درسی کتب کی 90 فیصد سے زائد کتب کامیابی کے ساتھ مکمل کرکے لاہور سے کوئٹہ پہنچادی گئی ہے، جو گزشتہ سال کی طرح اس سال بھی مقررہ وقت سے پہلے مرحلے میں صوبے کے چھتیس (36) اضلاع کو مفت فراہم کی گئی ہیں ان خیالات کا اظہار کا صوبائی وزیر تعلیم .... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

سیکرٹری اطلاعات عمران خان میڈیا امور سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں، ڈی جی پی آر بھی موجود ہیں

بلوچستان میں کم از کم ماہانہ اجرت کا نوٹیفکیشن جاری کیا جائے، شاہدہ رؤف

قیمتوں میں بے تحاشا اضافے کے باعث محنت کش طبقہ معاشی دباؤ کا شکار ہے، رکن اسمبلی

کوئٹہ (آن لائن) جے یو آئی کی رکن بلوچستان اسمبلی شاہدہ رؤف نے کہا ہے کہ بلوچستان میں کم از کم ماہانہ اجرت کا باضابطہ نوٹیفکیشن جاری کیا جائے دیگر صوبائی حکومتوں اور وفاق کی جانب سے مالی سال 26-2025ء کیلئے کم از کم اجرت مقرر کرکے نوٹیفکیشن جاری کر دیے گئے ہیں، تاہم بلوچستان میں اس حوالے سے سرکاری اعلان سامنے نہیں آسکا۔ انہوں نے کہا کہ مہنگائی میں مسلسل اضافے اور روزمرہ استعمال کی اشیاء ضروریہ کی .... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

شفیق الرحمان مینگل نے سیاسی میدان میں مثبت کردار ادا کیا، امیر حمزہ زہری

عوام این اے-257 کے ضمنی انتخاب میں شفیق الرحمان مینگل کا بھرپور ساتھ دیں، صوبائی مشیر

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنماء اور صوبائی مشیر بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ زہری نے میر شفیق الرحمان کو پاکستان پیپلز پارٹی میں شمولیت اختیار کرنے اور قومی اسمبلی کے حلقہ این اے-256 کے ضمنی انتخاب کیلئے پارٹی ٹکٹ ملنے پر مبارکباد پیش کی ہے نوابزادہ امیر حمزہ زہری نے کہا کہ میر شفیق الرحمان مینگل نے ہمیشہ سیاسی میدان میں بردباری، سنجیدگی اور مثبت رویے کا مظاہرہ کیا ہے انہوں نے کہا کہ جھالاوان عوامی پینل کے .... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

مشکل گھڑی میں ایرانی قوم کے شانہ بشانہ ہیں، پشتونخوا نیپ

ایرانی سپریم لیڈر و دیگر بے گناہ شہریوں کی شہادت پر دل افسردہ ہے، رہنماؤں کی گفتگو

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کا نمائندہ وفد پارٹی کے مرکزی سینئر سیکرٹری سید قادر آغا ایڈووکیٹ کی سربراہی میں ایرانی قونصلیٹ کوئٹہ گیا، جہاں وفد نے ایرانی سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای اور دیگر شہداء کے ایصال ثواب اور درجات کی بلندی کیلئے فاتحہ خوانی کی وفد نے اس موقع پر ایرانی عوام اور حکومت کے ساتھ دلی ہمدردی، تعزیت اور یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دکھ اور غم کی اس گھڑی میں پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی ایرانی قوم کے ساتھ کھڑی ہے وفد میں پارٹی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات محمد عیسیٰ روشان، صوبائی سیکرٹری........ بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

عرب و عجم کے حکمرانوں نے امریکی غلامی کا واضح ثبوت دے دیا، جمعیت نظریاتی

امن فورس کی تعیناتی تعمیر نو اور ترقی نہیں بلکہ اسلامی دنیا کو صفحہ ہستی سے مٹانے کا اسرائیلی منصوبہ ہے، مولانا عبدالقادر لونی

فلسطین میں امن فورس کی تعیناتی اسرائیلی و امریکی مفادات کا تحفظ ہے، مفتی شفیع الدین، مولانا محمود الحسن قاسمی، سید عبدالستار شاہ چشتی

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی امیر مولانا عبدالقادر لونی مرکزی ڈپٹی جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین مرکزی سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی مرکزی سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ و دیگر نے کہا کہ ٹرمپ نے اسرائیل کیساتھ تمام مشرق وسطیٰ میں جنگ بگل بجا کر دنیا بھر میں آگ بھڑکا دی عرب ممالک سے دفاعی معاہدوں کے باوجود اسرائیل کی حفاظت میں لگ گیا اب عرب و عجم کے حکمرانوں نے امریکی غلامی کا واضح ثبوت دے دیا ضرورت اس امر کی ہے .... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اور بحریہ یونیورسٹی کے درمیان تعاون کا معاہدہ

جامعات ڈیجیٹل ٹیکنالوجی اور آن لائن پلیٹ فارمز کے استعمال کو فروغ دیں گی

طلبہ گھر بیٹھے تعلیم حاصل کرنے کے بہتر مواقع فراہم ہوں گے، ڈاکٹر ناصر محمود

.... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

بیلٹ پیپرز نذر آتش کرنا سنگین جرم ہے، میر علی حسن زہری

واقعہ میں ملوث عناصر اور سازش کرنے والوں کو بے نقاب کیا جائے، رہنما پیپلز پارٹی

.... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

نوشکی نامعلوم مسلح راہزن گاڑی چھین کر فرار

.... سے گاڑی چھین کر فرار ہوگئے

چاغی کرنٹ لگنے سے 1 شخص ہلاک

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) چاغی کے علاقے میں کرنٹ لگنے سے ایک شخص ہلاک تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز چاغی میں ٹیوب ویل کے شمسی توانائی سے کرنٹ لگنے سے خلیل احمد ہلاک ہوگیا نعش ہسپتال منتقل کردی گئی نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردی گئی۔

احتسابی اداروں کو سیاسی تبدیلیوں سے بالاتر موثر بنایا جائے، محمد عبدالقادر

چند برسوں میں نیب کی کارکردگی کے حوالے سے مختلف آراء سامنے آتی رہی ہیں، سینیٹر

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے وفاقی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ قومی احتساب بیورو (نیب) کے چیئرمین کی مدت ملازمت میں تسلسل سے متعلق پیش رفت ملک کے احتسابی نظام کے استحکام کی ایک اہم کوشش ہے اس حوالے سے بل کی منظوری کے موقع انہوں نے کہا کہ ملک میں احتسابی اداروں کو سیاسی تبدیلیوں سے بالاتر ہو کر مضبوط اور موثر بنایا جائے گزشتہ چند برسوں میں نیب کی کارکردگی کے حوالے سے مختلف آراء سامنے آتی .... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

شفیق الرحمن مینگل کی پی پی پی میں شمولیت سے پارٹی مضبوط ہوگی، علی مدد جتک

شفیق مینگل ایک بااثر، سنجیدہ اور عوام دوست قبائلی رہنما، جن کی سیاسی بصیرت، عوامی خدمات سے پارٹی کو بھرپور فائدہ ہوگا، صوبائی وزیر

پیپلز پارٹی عوامی حقوق کے تحفظ، جمہوری استحکام اور بلوچستان کی ترقی و خوشحالی کیلئے عملی جدوجہد کر رہی ہے، رہنماء

کوئٹہ (پ ر) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنماء اور صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک نے ممتاز قبائلی و سماجی شخصیت میر شفیق الرحمان مینگل کو پاکستان پیپلز پارٹی میں شمولیت اختیار کرنے پر دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے اس اقدام کو بلوچستان کی سیاست کیلئے خوش آئند قرار دیا ہے۔ اپنے ایک بیان میں صوبائی وزیر نے کہا کہ میر شفیق الرحمان مینگل کی پاکستان پیپلز پارٹی میں شمولیت سے نہ صرف پارٹی مزید مضبوط ہوگی بلکہ صوبے کی سیاست پر بھی مثبت اور دوررس اثرات مرتب ہوں گے انہوں نے کہا کہ میر شفیق مینگل ایک بااثر، سنجیدہ اور .... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

مہاجرین کے نام پر شہریوں کو تنگ کرنے کا سلسلہ بند کیا جائے، مولانا عبدالرحمان رفیق

قانون نافذ کرنے والے اداروں کا اصل کام جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائی کرنا ہے، مین اللہ شمس

پولیس ناکامیوں کا ملبہ عوام پر ڈالنے کی بجائے پیشہ ورانہ ذمہ داریاں نبھائے، مولانا خورشید احمد

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی نائب امیر اور ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمان رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی مین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، حاجی بشیر احمد کاکڑ، سیکرٹری مالیات حاجی صالح محمد نورزئی، مفتی رضا خان، حاجی ظفر اللہ کاکڑ، میر سرفراز شاہوانی، سالار مولوی علی جان، مولانا سید سعد اللہ آغا، میر حشمت لہڑی، سیٹھ اجمل بازئی، مولوی نقیب اللہ ملا خیل اور دیگر رہنماؤں نے کہا ہے کہ افغان مہاجرین کے نام پر شہریوں اور دکانداروں کو بلاجواز تنگ کرنے کا سلسلہ فوری طور پر بند کیا جائے۔ .... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

بی اے خان کی برسی عقیدت و احترام کے ساتھ منائی گئی

مرحوم کی مغفرت اور بلند درجات کیلئے دعا، انہیں خراج عقیدت پیش کیا گیا

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) مشرق گروپ آف نیوز پیپرز اسلام آباد بیورو کے سینئر رپورٹر زاہد احمد خان کے والد بی اے .... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

ٹیکس ریٹرنز جمع نہ کرانے پر کارروائی عمل میں لائی جائے گی، بی آر اے

ٹی فاریو، بٹ کڑاہی، کیو ایف سی اور میر افضل کڑاہی کو خلاف ورزی پر سیلنگ نوٹسز جاری

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان ریونیو اتھارٹی کی انفورسمنٹ ٹیم نے بلوچستان سیلز ٹیکس آن سروسز ایکٹ 2015 کی عدم تعمیل پر صوبے بھر میں کارروائیاں تیز کردی، اتھارٹی کے مطابق ٹی فاریو، بٹ کڑاہی، کیو ایف سی، اور میر افضل کڑاہی ہوٹل کو ٹیکس قوانین کی خلاف ورزی پر سیلنگ نوٹسز جاری کیے گئے ہیں علاوہ ازیں بی آر اے نے ٹیکس قوانین کی مسلسل .... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

تاجروں کی سہولت کیلئے موثر اقدامات اٹھائے ہیں، عمران شوکت

تاجر برادری معیشت کو مضبوطی کیلئے ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے

عبدالرحیم کاکڑ کی قیادت میں وفد کی ملاقات، تاجر مسائل پر بات چیت

کوئٹہ (آن لائن) ڈی آئی جی پولیس کوئٹہ لیفٹیننٹ (ر) عمران شوکت نے کہا ہے کہ پولیس عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے عید الفطر کے موقع پر بازار میں رش کو مدنظر رکھ کر سیکورٹی انتظامات اور ٹریفک کی روانی کو بحال رکھنے کے لئے اضافی نفری اور موثر حکمت عملی کے تحت اقدامات اٹھا .... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

امریکہ و اسرائیل کیخلاف مظاہرہ آج ہوگا، جماعت اسلامی

آیت اللہ خامنہ ای و دیگر شہداء کی غائبانہ نماز جنازہ آج میزان چوک پر ادا کی جائے گی

کوئٹہ (آن لائن) جماعت اسلامی ضلع کوئٹہ کے زیر اہتمام مرکزی امیر حافظ نعیم الرحمان کی کال پر ملک بھر کی طرح امریکی اسرائیلی دہشت گردی کے خلاف احتجاجی مظاہرہ اور ایرانی سپریم لیڈر آیت اللہ خامنہ ای و دیگر شہداء کی غائبانہ نماز جنازہ آج بعد نماز جمعہ میزان چوک ابابا خان پر ادا کی جائے گی احتجاجی مظاہرے سے جماعت اسلامی کے صوبائی و ضلعی قائدین خطاب کریں گے۔ شہریوں و عوام سے احتجاجی مظاہرہ و غائبانہ نماز جنازہ میں بھرپور دینی جوش و جذبے سے بروقت شرکت کی درخواست ہے۔

منصوبوں کی بروقت تکمیل حکومت کی اولین ترجیح ہے، سیکرٹری مواصلات

تکمیل میں تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی، جائزہ اجلاس سے بابر خان کا خطاب

کوئٹہ (خ ن) سیکرٹری مواصلات و تعمیرات بابر خان کی زیر صدارت پری فیب تھانوں، نوکنڈی ماسٹر پلان اور ایگرو مارکیٹس منصوبوں کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا جس میں پری فیب تھانوں، نوکنڈی ماسٹر پلان اور پھل و سبزی منڈی (ایگرو مارکیٹ) منصوبوں پر پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس میں چھ زونز کے چیف انجینئرز .... بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

ادارے سکیمات کی تکمیل کیلئے تعاون یقینی بنائیں، سیکرٹری بلدیات

متعلقہ افسران جاری ترقیاتی منصوبوں کی باقاعدہ نگرانی کریں، عبدالرؤف بلوچ

کوئٹہ (خ ن) سیکرٹری بلدیات و دیہی ترقی عبدالرؤف بلوچ کی زیر صدارت محکمہ بلدیات و دیہی ترقی کے جاری اور مجوزہ ترقیاتی منصوبوں اور مختلف انتظامی امور کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا، جس میں صوبے بھر میں جاری ترقیاتی سرگرمیوں، منصوبہ بندی اور ادارہ جاتی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس میں ڈائریکٹر جنرل محکمہ لوکل گورنمنٹ .... بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

لسبیلہ، مختلف حادثات میں 1 شخص جاں بحق، 10 افراد زخمی

حادثات میں شدید زخمی افراد کراچی ریفر، مزید تحقیقات پولیس کر رہی ہے

اوتھل (این این آئی) لسبیلہ میں مختلف حادثات ایک شخص جاں بحق 10 افراد زخمی، شدید زخمیوں کو کراچی ریفر کر دیا گیا، ریسکیو ذرائع کے مطابق اوتھل کے قریب زیرو پوائنٹ کے مقام کار ٹرک اور موٹر میں تصادم کے نتیجے میں پولیس اہلکار محبوب علی جاں بحق .... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

کوہاٹ تتھبا بلاک سے تیل اور گیس کے نئے ذخائر دریافت

کوہاٹ (بیورو رپورٹ) پاکستان کی سرکاری تیل و گیس کمپنی (او جی ڈی سی ایل) نے پاکستان اسٹاک ایکسچینج کو لکھے گئے خط میں انکشاف کیا ہے کہ کوہاٹ تتھبا بلاک سے تیل اور گیس کے نئے ذخائر دریافت ہوئے ہیں۔

مخیر حضرات عوامی فلاح کے کاموں میں ہمارا ساتھ دیں، مولانا ہدایت الرحمن

الخدمت فاؤنڈیشن معاشرے کے کمزور طبقات کی فلاح کر کے ریاست کی ذمہ داری نبھا رہی ہے، صوبائی امیر جماعت اسلامی

اہل بلوچستان کی خدمت، یتیموں کی کفالت، طلباء، نوجوانوں کو ہنر و آئی ٹی تعلیم اور روزگار کی فراہمی ہماری ترجیحات میں شامل ہیں، ایم پی اے

کوئٹہ (آن لائن) چیئرمین الخدمت فاؤنڈیشن بلوچستان، امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا ہے کہ الخدمت فاؤنڈیشن معاشرے کے کمزور طبقات کی فلاح کر کے ریاست کی ذمہ داری نبھا رہی ہے مخیر حضرات انسانیت کی خدمت اور فلاح کے کام میں ہمارا ساتھ دیں غزہ و فلسطین کے پریشان حال عوام کیساتھ اہل بلوچستان کی خدمت، یتیموں کی کفالت، طلباء و نوجوانوں کو ہنر و آئی ٹی تعلیم سے لیس، روزگار کی فراہمی ہماری ترجیحات میں شامل ہیں آج ڈونر کانفرنس میں ایک بار پھر یہاں کے مخیر حضرات .... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

عمران خان کو شفا اسپتال منتقل کرنے کی درخواست پر نوٹس جاری

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اسلام آباد ہائیکورٹ نے بانی پی ٹی آئی عمران خان کو علاج کے لیے شفا انٹرنیشنل اسپتال منتقل کرنے کی درخواست پر نوٹس جاری کر دیا۔

اسلام آباد: علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اور بحریہ یونیورسٹی کے حکام معاہدے کی یادداشت پر دستخط کر رہے ہیں

جھل مگسی، غیرت کے نام پر خاتون اور مرد قتل

لاشیں ورثاء کے حوالے، پولیس نے واقعہ کی تحقیقات شروع کر دی

گنداواہ/جھل مگسی (نامہ نگار محمد قاسم سیال) تفصیلات کے مطابق گنداواہ اور گوٹھ اوڈ حانہ میں فائرنگ سے دو افراد جاں بحق مسماۃ (ل) زوجہ برکت علی چندرانی گنداواہ میں قتل یار محمد ولد میر بیگ کو گوٹھ اوڈ حانہ میں فائرنگ کر کے قتل کر دیا گیا دونوں مقتولین کی لاشیں ڈی ایچ کیو ہسپتال گنداواہ منتقل ضروری قانونی کارروائی کے بعد لاشیں ورثاء کے حوالے پولیس نے واقعہ کی تحقیقات شروع کردی۔

پولیس امن وامان سمیت دیگر جرائم کے تدارک کیلئے متحرک ہے، آئی جی بلوچستان

نان کسٹم پیڈ گاڑیوں کے خلاف مہم کے تحت داخلی راستوں پر پولیس اور کسٹم کی کارروائیاں جاری ہیں، محمد طاہر خان

نان کسٹم پیڈ گاڑیوں سے قومی خزانے کو سالانہ اربوں روپے کا نقصان پہنچایا جارہا ہے، کلکٹر کسٹم ڈاکٹر کرم الٰہی

.... بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی وزیر راحیلہ حمید درانی درسی کتب کی ترسیل کا افتتاح کر رہی ہیں، سیکرٹری لعل جان ودیگر بھی ہمراہ ہیں

سوئی سدرن کا رمضان گیس شیڈول میں تبدیلی کا فیصلہ

.... کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ ذرائع نے کہا کہ افطار کے لیے گیس دوپہر 3 بجے تا رات ساڑھے 9 تک کھلے گی جبکہ سحری کے لیے گیس صبح 3 بجے تا 9 بجے صبح تک کھلے گی۔

دفاع وطن کیلئے جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے ہمارے قومی ہیرو ہیں، سلیم کھوسہ

شہید لیفٹیننٹ عصمت اللہ ہنگرزئی شجاعت اور فرض شناسی کی روشن مثال قائم کی، صوبائی وزیر

حکومت شہداء کے خاندانوں کو تنہا نہیں چھوڑے گی، رہنماء مسلم لیگ (ن)

نصیر آباد (نامہ نگار) پاکستان مسلم لیگ ن کے پارلیمانی لیڈر، صوبائی وزیر میر سلیم احمد کھوسہ نے کہا ہے کہ شہید لیفٹیننٹ عصمت اللہ ہنگرزئی کی عظیم قربانی پر پوری قوم اور خصوصاً بلوچستان کو فخر ہے انہوں نے کہا کہ وطن عزیز کے دفاع کیلئے جانوں کا نذرانہ پیش .... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

پی پی ایل کا بلوچستان میں 521 ملین روپے کے منصوبوں کا آغاز

ایم ڈی پی پی ایل نے سی ایس آر اسکیموں کیلئے وزیر اعلیٰ کو عطیات کے تین چیک پیش کئے

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیٹرولیم لمیٹڈ (پی پی ایل) نے بلوچستان میں کارپوریٹ سماجی ذمہ داری (سی ایس آر) پروگرام کے تحت تقریباً 521 ملین روپے کی مجموعی لاگت سے نئے منصوبوں کے آغاز کا اعلان کیا ہے۔ ان منصوبوں میں 64 نئی اسکالرشپس، .... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

عوام کو ہر ممکن سہولت فراہم کرنا اولین ذمہ داری ہے، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ

رمضان ریلیف پیکج کی تقسیم شفافیت اور میرٹ کی بنیاد پر کی جائے، مہر اللہ بادینی

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے احکامات پر ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی کی زیر صدارت ضلعی انتظامیہ کا ایک اہم جائزہ اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع بھر کے تمام اسسٹنٹ کمشنرز، تحصیلداران اور متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت .... بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر، کلکٹر کسٹم بلوچستان ڈاکٹر کرم الٰہی کو 24 نان کسٹم پیڈ گاڑیاں رسمی طور پر حوالے کر رہے ہیں

کوئٹہ نامعلوم راہزن موٹر سائیکل چھین کر فرار، مزاحمت پر 1 شخص زخمی

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ کے علاقے لنک بادینی پر نامعلوم راہزن ایک شخص سے موٹر سائیکل چھین کر فرار ہونے میں کامیاب، مزاحمت کرنے پر فائرنگ کر کے زخمی کر دیا، تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز لنک بادینی کراس کے قریب نامعلوم مسلح راہزن اسلحہ کے زور پر ایک شخص سے موٹر سائیکل چھین لی مزاحمت پر فائرنگ کر کے زخمی کر دیا اور فرار ہو گئے زخمی کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا

ٹانک، دہشتگردوں کا تنگی چیک پوسٹ پر حملہ ناکام، اہلکار زخمی

ٹانک (م ڈ) پولیس نے پاک فوج کے ہمراہ دہشت گردوں کا حملہ پسپا کر دیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق دہشت گردوں نے تنگی چیک پوسٹ پر حملہ کیا، دہشت گردوں کے حملے میں ایک پولیس اہلکار زخمی ہوا، پولیس اور فوج کی جوابی کارروائی سے حملہ آور فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے۔ پولیس نے مارٹر گولے اور 16 کلو وزنی بارودی مواد اپنے قبضے میں لے لیا

ایران تنازع مہینوں تک جاری رہ سکتا ہے، برطانوی وزیر

لندن (م ڈ) برطانوی وزیر نے ایران تنازع کئی ماہ تک جاری رہنے کا خدشہ ظاہر کر دیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق برطانوی فارن آفس منسٹر ہیمش فالکنر نے برطانوی پارلیمنٹ سے خطاب میں کہا کہ صورتحال بدل رہی ہے لیکن ایسا لگ رہا ہے کہ ایران تنازع کچھ دنوں کا نہیں ہے۔ برطانوی وزیر کا مزید کہنا تھا کہ ایران تنازع ہفتوں نہیں بلکہ مہینوں تک جاری رہ سکتا ہے۔

غیر جمہوری عناصر عوام کو سیاست سے بیگانہ کرنا چاہتے ہیں، مالک بلوچ

موجودہ حالات میں سیاسی کارکنوں پر بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ سنجیدگی اور بردباری کیساتھ جمہوری عمل جاری رکھیں

متحرک و ڈسپلن پر مبنی تنظیم ہی مضبوط سیاسی جماعت کی پہچان ہے، خطاب، علی مجتبیٰ ایڈووکیٹ کی نیشنل پارٹی میں شمولیت کا خیر مقدم

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے ماہر قانون علی مجتبیٰ بادینی ایڈووکیٹ کی نیشنل پارٹی میں شمولیت کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ نیشنل پارٹی متوسط طبقے کی منظم اور فکری جماعت ہے جس میں ہر مکتبہ فکر سے تعلق رکھنے والے لوگ شامل ہیں۔ علی مجتبیٰ بادینی ایڈووکیٹ کی شمولیت سے پارٹی کا لائر ونگ مزید مضبوط اور منظم ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے علی مجتبیٰ بادینی ایڈووکیٹ کی شمولیت کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب سے نیشنل پارٹی کے مرکزی نائب صدر ڈاکٹر اسحاق........ بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

پیپلز پارٹی کے سینئر نائب صدر میر علی حسن زہری میر شفیق الرحمن کو ضمنی انتخابات کیلئے پارٹی کا ٹکٹ دے رہے ہیں

مس کنڈکٹ پر 3 سول ججز کو عہدوں سے برطرف کر دیا گیا

لاہور (بیورو رپورٹ) ہائیکورٹ نے مس کنڈکٹ کی بنیاد پر 3 سول ججز کو عہدوں سے برطرف کر دیا۔ لاہور ہائیکورٹ کی انتظامی کمیٹی کی منظوری کے بعد رجسٹرار کی جانب سے اس حوالے سے باضابطہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق سول جج لاہور نسیم اختر ناز کو عہدے سے برطرف کیا گیا ہے

اہل حق باہمی اتحاد، بصیرت اور جرأت کیساتھ میدان میں نکلیں، مولانا عبدالواسع

فلسطین کی سرزمین پر کسی غاصب قوت کا کوئی حق نہیں یہ ملکیت وہاں کے لوگوں کی ہے، صوبائی امیر جمعیت

جمعیت ناانصافی کے خلاف عالمی سطح پر مضبوط اور موثر آواز کے طور پر اپنا کردار ادا کر رہی ہے

جمہوریت کی بقاء کا دارومدار عوام کے فیصلوں کے احترام میں ہے، عوام کے حق کو پامال نہ کیا جائے، سینیٹر

کوئٹہ (این این آئی) امیر جمعیت علماء اسلام بلوچستان سینیٹر مولانا عبدالواسع نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ طاغوتی قوتوں کا اہل اسلام کے خلاف جو بھی ایجنڈا ہو، وہ اس پر باہم متحد ہو کر عمل پیرا ہو جاتی ہیں انہوں نے کہا کہ آج امت مسلمہ کو درپیش چیلنجز اس امر کے متقاضی ہیں کہ اہل حق بھی باہمی اتحاد، بصیرت اور جرات کے ساتھ میدان میں آئیں جمعیت علماء اسلام ہمیشہ مظلوم اقوام کی آواز رہی ہے .... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمن، عبدالمجید سربازی، ڈاکٹر عطاء الرحمن و دیگر ڈونرز کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

عالمی سطح پر ملک تنہائی کا شکار ہو چکا ہے، پشتونخوا میپ

بیرونی سرمایہ دار عدم تحفظ کے باعث ملک کی طرف رجوع کرنے سے کترا رہے ہیں، بیان

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی پریس ریلیز میں نااہل ناکام مسلط سلیکٹڈ حکومت کی جانب سے ملک کی معاشی دیوالیہ پن اور روزانہ کے حساب سے ملک کے 25 کروڑ عوام پر سخت ترین گرانی، بدترین بیروزگاری اور ملک کی بربادی کے قوانین مسلط کرنے پر انتہائی دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے اسے قطعی طور پر مسترد کیا گیا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ 350 ارب عوام سے ناروا ٹیکسوں کی مد میں وصولی پہلے سے فاقہ زدہ عوام کی حالت .... بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

وندر، کونج کا غیر قانونی شکار جاری

وندر (یو این اے) بلوچستان کے ساحلی اور آبی علاقوں سونمیانی، ڈام اور سیر بندہ جھیل میں سرد ممالک سے ہجرت کر کے آنے والے نایاب پرندوں "کونج" کا غیر قانونی شکار تیزی سے جاری ہے۔ مقامی ذرائع کے مطابق شکاری جدید اسلحہ، ممنوعہ جالوں اور آوازوں کے ذریعے ان مہمان پرندوں کو نشانہ بنا رہے ہیں، جبکہ محکمہ وائلڈ لائف لسبیلہ اور حب کی مبینہ خاموشی نے کئی سوالات کھڑے کر دیے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق، ان علاقوں میں دفعہ 144 نافذ ہونے کے باوجود بااثر شکاری بلاخوف و خطر پرندوں کی نسل کشی کر رہے ہیں اور انہیں زندہ پکڑ کر دیگر شہروں میں اسمگل کیا جا رہا ہے۔ عوامی حلقوں اور ذرائع نے وزیر اعلیٰ بلوچستان اور چیف سیکرٹری سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ اس سنگین صورتحال کا فوری نوٹس لیں، ملوث شکاریوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے۔

جھاؤ و آواران میں کارکنوں اور ہمدردوں کا قتل تشویشناک ہے، نیشنل پارٹی

نیشنل پارٹی کی قومی جمہوری سیاسی فکر سے کچھ عناصر بوکھلاہٹ کا شکار ہیں، ترجمان

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے صوبائی ترجمان نے جھاؤ میں پارٹی کے دیرینہ کارکن اور ہمدرد سنور بلوچ ولد یاران خان کے بہیمانہ قتل کو سفاکانہ عمل قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ جھاؤ اور آواران میں نیشنل پارٹی کے کارکنوں اور ہمدردوں کا پے در پے قتل اس چیز کی نشاندہی کرتا ہے کہ نیشنل پارٹی کی قومی جمہوری سیاسی فکر سے کچھ عناصر بوکھلاہٹ کا شکار ہو کر نیشنل پارٹی کے کارکنوں کا ٹارگٹ کلنگ کر رہے ہیں جو ایک قابل مذمت عمل ہے نیشنل پارٹی اس قتل .... بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

وطن عزیز کی حفاظت کرنے والے بہادر سپوت قومی ہیرو ہیں، لیاقت لہڑی

لیفٹیننٹ عصمت اللہ ہنگرزئی کی دی گئی قربانی ہمیشہ یاد رکھی جائے گی، تعزیت کے موقع پر گفتگو

کوئٹہ (این این آئی) پارلیمانی سیکرٹری برائے ٹرانسپورٹ میر لیاقت لہڑی نے کہا کہ وطن عزیز کے دفاع کے لئے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے بہادر سپوت قوم کے اصل ہیرو ہیں اور ان کی قربانی کو کبھی فراموش نہیں کیا جا سکتا۔ یہ بات انہوں نے جمعرات کو وزیرستان میں دہشت گردوں کے حملے میں شہید ہونے والے پاک فوج کے جوان لیفٹیننٹ عصمت اللہ ہنگرزئی کے اہل خانہ سے تعزیت کے موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ میر .... بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

ڈیرہ بگٹی، دھماکے سے 1 شخص زخمی

ڈیرہ بگٹی (این این آئی) ڈیرہ بگٹی کے علاقے تنج سفاری بم پھٹنے سے ایک شخص زخمی ہوگیا تفصیلات کے مطابق جمعرات کو ڈیرہ بگٹی کے علاقے تنج سفاری میں بم پھٹنے ایک شخص ڈیرہ علی باغ جا کرانی کا بزگر آصف ولد امیر زخمی ہوگیا جسے فوری طور پر ہسپتال منتقل کر دیا گیا پولیس مزید کارروائی کر رہی ہے۔

کوئٹہ، سرکاری نرخ نامہ پر عملدرآمد کیلئے ضلعی انتظامیہ کا کریک ڈاؤن جاری

230 دکانوں کا معائنہ، خلاف ورزیوں پر 48 افراد گرفتار، 40 کو جیل منتقل کر دیا گیا

مصنوعی مہنگائی، ذخیرہ اندوزی اور سرکاری نرخ نامے کی خلاف ورزی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی، ضلعی افسران

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق ماہ رمضان المبارک میں عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف کی فراہمی اور سرکاری نرخ ناموں پر عملدرآمد یقینی بنانے کیلئے ضلعی انتظامیہ کوئٹہ کی جانب سے ناجائز منافع خوروں کے خلاف کریک ڈاؤن بھرپور انداز میں جاری ہے ضلعی انتظامیہ کے مطابق شہر بھر میں 230 دکانوں کا معائنہ کیا گیا، جس کے دوران خلاف ورزیوں پر 48 افراد کو گرفتار کیا گیا جبکہ 40 افراد کو جیل منتقل کیا گیا۔ اس کے علاوہ 20 دکانوں کو سیل کیا گیا۔ اس حوالے سے سب ڈویژن (سٹی میں 52 دکانوں کا معائنہ کیا .... بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر